www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | جمعہ 11 جمادی الاول 1448ھ 23 اکتوبر 2026ء صفحات 08 | شمارہ 102

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

گوادر: فورسز نے فتنہ الہندوستان کے حملے ناکام بنادیئے، 3 دہشتگرد ہلاک، متعدد کو گھیرے میں لے لیا

جی او سی کی قیادت میں آپریشن جاری

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر حملے کی کوشش کی سیکورٹی فورسز نے بھرپور کارروائی کرتے ہوئے حملہ ناکام بنادیا، کارروائی میں تین دہشت گرد مارے گئے

مزید تین دہشت گردوں کو گھیرے میں لے لیا گیا، آخری اطلاعات آنے تک گوادر شاہراہ کے قریب واقع ایک ہوٹل میں موجود دہشت گردوں کے خلاف بھی سیکورٹی فورسز کا آپریشن جاری تھا

واشک میں آپریشن کے دوران فورسز نے 2 نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے فائرنگ کردی فورسز کی جوابی کارروائی میں ایک دہشت گرد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا

کوئٹہ، راولپنڈی (سٹی رپورٹر، بیورو رپورٹ) گوادر میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر حملے کی کوشش ناکام بنادی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی میں تین دہشت گرد مارے گئے، جب کہ دیگر دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ گوادر میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر حملے کی کوشش ناکام بنادی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی میں تین دہشت گرد مارے گئے، جب کہ دیگر دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ گوادر میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر حملے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے تین دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق علاقے میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے خالی کیمپ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام بنائی۔ اس دوران مزید تین دہشت گردوں کو گھیرے میں لیے جانے کی اطلاع ہے۔ دوسری جانب، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ایک اور حملے کی کوشش میں گوادر شاہراہ کے قریب واقع ایک ہوٹل میں موجود دہشت گردوں کے خلاف بھی آپریشن جاری ہے، جہاں چار دہشت گردوں کو سیکیورٹی فورسز نے گھیرے میں لے رکھا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جی او سی خود سیکیورٹی آپریشن کی قیادت کر رہے ہیں، کمپنی کے کیمپ پر حملے کی کوشش کا مقصد......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں پہلی ڈیجیٹل اسٹیل مل نے کام شروع کردیا

مل میں خودکار نظام کے تحت یومیہ 500 ٹن سریا تیار کیا جائیگا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں صنعتی ترقی کو فروغ دینے کے لیے پہلی ڈیجیٹل اسٹیل مل نے کام شروع کر دیا ہے۔ کوئٹہ کے ویسٹرن بائی پاس انڈسٹریل زون میں تقریباً 300 اشیاء تیار کرنے والی......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اور روشن پیکیجز لمیٹڈ کے درمیان ایم او یو پر دستخط کیے جارہے ہیں بلال خان کاکڑ، ایس ایم تنویر و دیگر بھی موجود ہیں

بلوچستان میں ٹیلی میڈیسن ہیلتھ یونٹس نے اپنا کام شروع کردیا

وزیراعلیٰ کا مرکزی ڈیسک پر تعینات ماہرین سے اچانک رابطہ، طریقہ کار، طبی سہولیات اور عوامی رسائی سے متعلق تفصیل دریافت کی

عوام سے کیا ایک اور وعدہ پورا کردیا، عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ اہم پیشرفت ہے، گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں صحت کی سہولیات کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے ٹیلی میڈیسن ہیلتھ یونٹس نے کام شروع کردیا ہے، جس کے ساتھ ڈیجیٹل نظام کے ذریعے شہریوں کو طبی مشاورت اور معاونت کی فراہمی کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ٹیلی میڈیسن سروس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرکزی ڈیسک پر تعینات طبی ماہرین......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ سے آئے ہوئے مہمان تنویر احمد کو بلوچستان یونیورسٹی کی اسٹوڈنٹس فن پارہ پیش کررہی ہیں، گورنر جعفر مندوخیل بھی موجود ہیں

کرک: فائرنگ تبادلے میں ڈی ایس پی سمیت 4 اہلکار شہید، 2 دہشتگرد ہلاک

چرپیرا روڈ پر دہشت گردوں نے ناکہ بندی قائم کی تھی، سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن میں دہشتگرد قیصر اقبال کے گھر پر چھاپہ

شہید ہونیوالوں میں ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عمران الدین، ایس آئی افضل اعوان، گن مین کاظم اور بی ڈی یو اہلکار امجد شامل

کرک (م ڈ) خیبرپختونخوا کے ضلع کرک کے علاقے خرم محمد زئی کے چرپیرا میں پولیس اور نامعلوم مسلح افراد دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کے ڈی ایس پی عمران الدین سمیت چار پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا پولیس نے ضلع کرک میں دہشت گردوں کے خلاف سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کے دوران......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے زیر اہتمام لالا سلطان کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا جارہا ہے

خیبرپختونخوا کو جلتا چھوڑ کر خاموش تماشائی نہیں بن سکتے، فیلڈ مارشل کے تعاون سے صوبے میں امن و ترقی کا دور واپس لائینگے، ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

گورنر راج مجبوری، پی ٹی آئی کی ملک دشمنی کب تک برداشت کرتے، وزیراعظم

ہماری بہادر افواج اور سیکورٹی اداروں نے بہت قربانیاں دے کر خیبرپختونخوا سمیت پاکستان میں دہشت گردی کا قلع قمع کیا اور 2018 تک اس صوبے میں مکمل امن قائم ہوگیا تھا

پی ٹی آئی دور میں دہشت گردوں کو دوبارہ بلایا گیا اور تمام قربانیوں پر پانی پھیر دیا گیا جس کا خمیازہ صوبے کے عوام کو بھگتنا پڑا، قربانیوں کا احترام نہ کرنے سے بڑی ملک دشمنی کوئی اور نہیں ہوسکتی

کیا ہم خیبرپختونخوا کو مزید جلتے ہوئے دیکھتے رہیں؟ ہم نے سیاسی کمیٹی بنائی جس نے 48 گھنٹے تک مذاکرات میں بہت محنت کی، انتہائی خراب حالات پر ملکی مفاد میں سخت فیصلے کرنے پڑے

اجلاس میں امن وامان، حکومتی اصلاحات اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات پر اتفاق، "بدلتا نکھرتا، مضبوط خیبرپختونخوا" پروگرام کیلئے 160 ارب روپے مختص کرنے کا اعلان

کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں ایل پی جی اور خوردنی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ

صوبائی دارالحکومت میں پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ مصنوعی مہنگائی اور گرانفروشی پر قابو پانے میں ناکام نظر آرہی ہے

صوبائی کابینہ کی منظوری کے باوجود گندم کی خریداری تاحال نہ ہوسکی، گرانفروشوں کیخلاف فوری کارروائی کی جائے، شہری

سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنے کا فیصلہ

حکومت کی ملازمین کو 90 روز میں ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت

پاک ایران سرحد گبد پر محدود تجارتی سرگرمیاں بحال

کسٹمز حکام کے مطابق محدود پیمانے کی بنیاد پر صرف پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جا رہی ہے

سرحدی گزرگاہ سے سامان کی ترسیل کیلئے درآمدات و برآمدات بند ہے

گوادر (آئی این پی) گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال کردی گئیں، جہاں سامان کی ترسیل اور ایکسپورٹ کی کلیئرنس دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق محدود پیمانے کی بنیاد پر صرف پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جارہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سرحدی گزر......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی پانیوں میں 7 غیر ملکی بحری جہازوں پر حملے کیے، پاسداران انقلاب

4 جہازوں کو تیل کی غیر قانونی منتقلی کے دوران نشانہ بنایا، 3 جہاز آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں کا نشانہ بنے

امریکہ نے جارحانہ رویہ برقرار رکھا تو خطے میں امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنائیں گے، ایرانی فوج کی دھمکی

تہران (م ڈ) ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ آج ایرانی پانیوں میں 7 غیر ملکی بحری جہاز نشانہ بنے ہیں۔ تہران سے پاسداران انقلاب نے کہا کہ چار جہازوں کو شمالی خلیج فارس میں تیل کی غیر قانونی منتقلی کے دوران نشانہ بنایا جبکہ تین جہاز آبنائے ہرمز......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

غیر نصابی سرگرمیاں معیاری تعلیم و تربیت کے عمل کا اہم حصہ ہیں، گورنر

بیوٹمز میں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کا افتتاح ایسے سلسلے کا آغاز ہے جو نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھار اور تخلیقی توانائیوں کو جلا بخشتا ہے

جامعات کا مقصد صرف روایتی ڈگریاں دینا نہیں بلکہ ایک باشعور، خوداعتماد اور ذمہ دار نسل تیار کرنا ہے، جعفر مندوخیل کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بیوٹمز سالانہ سپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کر دیا۔ بیوٹمز چھ برس کے بعد آج ایک بار پھر کھیل کا میدان رنگوں، ولولوں اور نوجوانوں کے جوش و خروش سے جگمگائے گا......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کو تیار ہیں، طارق فضل

اپوزیشن کا جو وفد ہم سے مذاکرات کر رہا تھا اسکے پاس اختیارات نہیں تھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ ترجمان اپوزیشن اتحاد آج اپوزیشن لیڈر کی وزیراعظم سے ملاقات پر......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ اسمبلی اجلاس میں تعزیتی قرارداد پیش کررہے ہیں

سعودی حملے سے متاثرہ بھارتیوں کو ریسکیو کررہے ہیں، حوثی ترجمان

یمن (م ڈ) یمن کے حوثیوں نے الزام عائد کیا ہے کہ سعودی عرب نے بحیرہ احمر میں ذوقر جزیرے کے قریب 14 بھارتی شہریوں کو لے جانے والی ایک تفریحی کشتی کو نشانہ بنایا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات حوثیوں کے فوجی ترجمان یحیٰ......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

باہر بیٹھے کسی یوٹیوبر کے دباؤ میں نہیں آئیں گے، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) خیبرپختونخوا کے سیکریٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ باہر بیٹھے کسی سوشل میڈیا یا یوٹیوبر کے دباؤ میں نہیں آئیں گے۔ نجی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیر سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر تعزیتی قرارداد منظور

قرارداد مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پیش کی، اسمبلی کارروائی مؤخر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں سابق رکن اسمبلی و سابق صوبائی وزیر تعلیم سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر تعزیتی قرارداد منظور کرتے ہوئے اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کو مؤخر کردیا گیا۔ جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے قطر سے ایل این جی کا ایک کارگو حاصل کرلیا

کراچی (م ڈ) پاکستان نے قطر سے ایل این جی کا ایک کارگو حاصل کرلیا۔ ذرائع وزارت توانائی کے مطابق اکتوبر کیلئے قطر سے دوسرا ایل این جی کارگو پاکستان پہنچا۔ معاہدے کے تحت آنے والے قطری کارگوز کی قیمت اسپاٹ کارگو سے آدھی ہے۔ قطری کارگوز سے......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

جلد پاکستانی تاجروں کا وفد مالدیپ بھیجا جائے گا، وزیراعظم

کراچی اور گوادر سے مالدیپ جلد براہ راست پروازیں شروع کرینگے

صدر مالدیپ کا دورہ تعلقات میں اضافے کیلئے اہم ثابت ہوگا، خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مالدیپ سے تجارتی تعلقات بڑھانے کے لیے جلد پاکستانی تاجروں اور کاروباری شخصیات کا وفد مالدیپ بھیجا جائے گا جس میں متعلقہ وفاقی وزرا اور سرکاری افسران بھی شامل ہوں گے......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

تمام اراکین اسمبلی ہمارا فخر اور پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں، بیرسٹر گوہر

جنید اکبر کی غیر موجودگی میں اجلاسوں کی صدارت نورالحق قادری کریں

اسلام آباد (م ڈ) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ جنید اکبر کی غیر موجودگی میں پارٹی آئین کے مطابق صوبائی تنظیم کے اجلاسوں کی صدارت......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف و حافظ نعیم الرحمن کی ملاقات آج متوقع

حکومت کیساتھ جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کا اجلاس طے ہوگیا، احسن اقبال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ اس حوالے سے جاری کیے گئے بیان میں......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس مقابلے، کامران مرتضیٰ نے سینیٹ میں تحریک جمع کرادی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے اسلام آباد میں طالب علم ایاز خودکشی کیس اور ملتان میں 15 سالہ یتیم بچے کے قاتل کی ہلاکت کا حوالہ دیتے ہوئے پولیس مقابلوں میں اور میڈیا ماورائے عدالت ہلاکتوں پر سینیٹ میں تحریک جمع کرادی۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے سینیٹ میں جمع کرائی گئی تحریک میں رول 218 کے......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

پانچ سال میں ٹرینوں کے 349 حادثات ہوئے، حنیف عباسی

ڈھائی ارب ڈالر سے 480 کلومیٹر کا نیا ٹریک بنائیں گے، وزیر ریلوے

بلوچستان، سندھ اور پنجاب کے مختلف ریلوے اسٹیشنز بہتر کر رہے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ 2022 سے اب تک مسافر اور مال بردار ٹرینوں کے 349 حادثات ہوئے، 331 ریلوے......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

گنڈاپور کا سلمان اکرم سے الزامات کے شواہد سامنے لانے کا مطالبہ

قائم مقام صدر مقرر کیا گیا ہے تو باضابطہ نوٹیفکیشن بھی پیش کیا جائے، بیان

پشاور (م ڈ) سابق وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے حالیہ بیان کو افسوس ناک، غیر ذمہ دارانہ اور پارٹی......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حوثیوں کے سعودی دفاعی تنصیبات پر حملے، اتحادی افواج نے مدینہ اور ریاض میں 4 ڈرونز مار گرائے

حوثیوں کا سعودی وزارت دفاع، ینبع میں آرامکو تنصیبات اور دمام ایئرپورٹ پر حملوں کا دعویٰ، سعودی حکام کی تصدیق

ریاض میں وزارت دفاع کی عمارت، ابہا بین الاقوامی ہوائی اڈے اور دمام میں شاہ فہد ہوائی اڈے کو نشانہ بنایا گیا

ریاض، مدینہ (م ڈ) یمن کے حوثی باغیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے دارالحکومت ریاض میں سعودی عرب کی وزارت دفاع، ساحلی شہر ینبع میں واقع سعودی آرامکو کی تیل کی تنصیبات اور دمام کے کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملے کیے ہیں۔ دوسری جانب سعودی حکام نے دمام ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے کے حوالے سے تصدیق کی ہے کہ اس حملے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ سعودی حکام کی جانب سے وزارت دفاع اور آرامکو تنصیبات پر حملوں کی تصدیق نہیں کی گئی۔ دوسری جانب، سعودی اتحادی افواج نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے مدینہ اور دارالحکومت ریاض میں 4 ڈرونز مار گرائے ہیں۔ یمن کے......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے ڈیڑھ ماہ قبل ہی گورنر راج کا فیصلہ کرلیا تھا، علی ظفر

طے ہوچکا پی ٹی آئی کے فیصلے اب پارلیمانی پارٹی کرے گی، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ ہم جو کچھ مان لیتے لیکن حکومت کا فیصلہ تھا کہ ایمرجنسی لگانی ہی لگانی ہے، حکومت......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں کمی، ڈیزل مزید مہنگا کردیا

پیٹرول ایک روپے 60 پیسے سستا، ڈیزل 1 روپے 64 پیسے مہنگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتوں کا اعلان کردیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول قیمت......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی شیڈو ٹینکرز بیڑے پر لدا خام تیل کا ذخیرہ ختم ہوچکا، رپورٹ

ایران تیل مسلسل چین کو فروخت کر کے اربوں ڈالر حاصل کر رہا تھا، امریکی اخبار

واشنگٹن (م ڈ) امریکی اخبار کے مطابق ایران کے شیڈو ٹینکرز کے بیڑے پر لدا خام تیل کا ذخیرہ اب ختم ہو چکا ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق جنگ کے بیشتر حصے میں......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

قبر کی زمین کیلئے سب سے زیادہ سفارشیں آتی ہیں، طلال چوہدری

سوسائٹیز نے پارکوں اور قبرستانوں کے لیے مختص پلاٹ بھی فروخت کر دیے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں قبروں کیلئے زمین کی شدید قلت ہے اور قبر کی جگہ کے حصول کے لیے سب سے زیادہ سفارشیں آتی ہیں۔ قومی اسمبلی میں توجہ دلاؤ......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایران اور عراق کا فضائی سفر کرنیوالوں کیلئے ایڈوائزری جاری

زائرین روانگی سے قبل سیکٹر کی پروازوں کی پیشگی تصدیق لازمی کریں

وزارت مذہبی امور کی غیر مصدقہ پروازوں پر انحصار سے گریز کی ہدایت

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی وزارت مذہبی امور نے پاکستان سے ایران اور عراق کے لیے فضائی سفر کرنے والے زائرین کو خبردار کرتے ہوئے سفری ایڈوائزری جاری کردی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے اسلام آباد سے جاری بیان میں کہا کہ ایران اور......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کیساتھ بات چیت نہیں کر رہے، تنازع جلد ختم ہوجائیگا، ٹرمپ

امریکہ فوجی اور مالی اعتبار سے ایران کے خلاف بہت اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے، امریکی صدر

امریکہ اور اسرائیل نے مڈٹرم الیکشن کے بعد ایران پر بڑے حملوں کا منصوبہ بنالیا، امریکی اخبار

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ مذاکرات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ بات چیت نہیں کر رہے، تنازع کے حوالے سے جلد کچھ ہوگا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا فوجی اور مالی اعتبار سے ایران کے خلاف بہت اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے۔ امریکی صدر......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار کاکڑ و دیگر کا اسمبلی اجلاس کے اختتام پر گروپ

حکومت اگر مذاکرات کیلئے سنجیدہ ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں، محمود خان اچکزئی

مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں، ہم غیر جمہوری نظام کے خلاف جمہوری انداز میں لڑیں گے

تقریر میں کوئی غلط بات نہیں کی ایک لفظ بھی ملک کے خلاف نہیں تھا، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ کیا تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت اگر مذاکرات کیلئے سنجیدہ ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں ورنہ بات چیت کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں کرسکتے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق اپوزیشن رہنماؤں محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور دیگر نے موجودہ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

عامر رضا وزارت اطلاعات میں جوائنٹ سیکرٹری تعینات

شہاب حامد کو ڈائریکٹر اے پی سی کے عہدے پر تعینات کر دیا گیا

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وفاقی حکومت نے محکمہ وزارت اطلاعات میں دو اہم تبدیلیاں کی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق عامر رضا کو وزارت اطلاعات میں......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ: فائرنگ سے ڈیرہ اللہ یار کے رہائشی دو مزدور جاں بحق

محمد رحیم کھوسہ اور رضا محمد کھوسہ کو باغات میں کام کے دوران نشانہ بنایا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد ڈیرہ اللہ یار کے رہائشی دو مزدوروں کو مستونگ کے علاقے میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بیگم نصرت بھٹو آمریت کے خلاف مزاحمت کی علامت تھیں، صدر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیگم نصرت بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو ایک بہادر اور ہمدرد سیاسی رہنما، آمریت کے خلاف مزاحمت کی علامت اور سب سے بڑھ کر ایک ایسی ماں تھیں جنہوں نے زندگی......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور ہائیکورٹ: سیکرٹری داخلہ پنجاب اور جیل سپرنٹنڈنٹ طلب

عمران خان کی بہنوں کی بازیابی کی درخواست پر سماعت جسٹس عبہر گل نے کی

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے عمران خان کی بہنوں کی بازیابی کے کیس میں سیکرٹری داخلہ پنجاب اور جیل سپرنٹنڈنٹ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل نے عمران خان کی بہنوں کی بازیابی کی درخواست پر سماعت کی......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

دشمن صرف طاقت کی زبان سمجھتا ہے، احمد واحدی

ایران سمندر میں بھی مضبوط موجودگی برقرار رکھے ہوئے ہے

ڈرون ٹیکنالوجی میں ترقی کرلی، سربراہ پاسداران انقلاب

اصفہان (م ڈ) ایران کی پاسداران انقلاب کے سربراہ احمد واحدی نے کہا ہے کہ دشمن طاقت کے سوا کوئی زبان نہیں سمجھتا جس کے لیے ایران نے ڈرون ٹیکنالوجی......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کا لندن کے لیے روزانہ فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا اعلان

کراچی (م ڈ) پی آئی اے نے یکم نومبر سے لندن کے لیے روزانہ فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے برطانیہ کے لیے اپنے فلائٹ آپریشن کو وسعت دینے کا اہم فیصلہ کرلیا، جس کے تحت اگلے ماہ سے لندن کے......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

میری بیٹی نے 15 برس کی عمر میں قرآن کی تعلیم حاصل کی، بل کلنٹن

مسلمانوں کو محض مسلمان ہونے کی وجہ سے بدنام کرنیوالوں سے تنگ آچکا ہوں

واشنگٹن (م ڈ) امریکا کے سابق صدر بل کلنٹن نے موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مسلم مخالف بیانیے پر نہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ میں مسلمانوں کو محض مسلمان ہونے کی وجہ سے بدنام کرنے والوں سے تنگ آچکا ہوں۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

میرے بیان پر عظمیٰ کو شرمندگی ہے تو یہ ان کی چوائس ہے، حنا پرویز

مریم نواز کی حکومت میں فوری انصاف ملتا ہے، یہ میری ذاتی رائے تھی

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ایم پی اے حنا پرویز بٹ کا کہنا ہے کہ میری کسی بات یا ایکشن سے بھی وزیر اعلیٰ یا پنجاب حکومت کو شرمندگی نہیں......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک انصاف نے 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کردیا

مذاکرات کی ناکامی سے متعلق غلط بیانیہ بنایا گیا، مولانا فضل الرحمان سمیت اہم سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں

لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار، وزیراعلیٰ اور اسپیکر کو لاپتا کیا گیا، محمود اچکزئی قائد حزب اختلاف ہیں، سلمان اکرم راجا

پشاور (م ڈ) تحریک انصاف نے آئندہ 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کردیا۔ پشاور میں گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ محمود اچکزئی بانی پی ٹی آئی کے مقرر کردہ قائد حزب اختلاف ہیں، لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، وزیراعلیٰ اور اسپیکر......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

امارات نے لانا ذکی نسیبہ کو سیکرٹری جنرل یو این نامزد کردیا

متحدہ عرب امارات نے باضابطہ امیدوار کیلئے خطوط ارسال کردیے

دبئی (م ڈ) متحدہ عرب امارات نے وزیر مملکت لانا ذکی نسیبہ کو سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کے عہدے کیلئے نامزد کردیا......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف کے بعد ورلڈ بینک نے پاکستان میں مہنگائی بارے خبردار کردیا

پیٹرول کی قیمت میں 36 فیصد اضافہ ہوا، مالی سال 26-2025 میں مہنگائی کی اوسط شرح 7.4 فیصد رہی

ٹرانسپورٹ کرایوں میں 30 فیصد اضافہ ہوا، رواں سال مہنگائی 8 اعشاریہ 2 فیصد کو چھو سکتی ہے، ورلڈ بینک

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) آئی ایم ایف کے بعد ورلڈ بینک نے بھی پاکستان میں مہنگائی بڑھنے سے خبردار کردیا ہے۔ ورلڈ بینک نے پاکستان کی ڈیولپمنٹ اپ ڈیٹ 2026 کی اقتصادی رپورٹ جاری کردی ہے۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ کے مطابق 2026 میں پاکستان......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری ... سے ملاقات کر رہے ہیں

کیسکو لورالائی سرکل کے صارفین کیلئے کھلی کچہری آج منعقد ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) لورالائی (آپریشن) سرکل کے تمام صارفین کیلئے کھلی کچہری پروگرام 23 اکتوبر 2026 کو (بروز جمعہ) صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک منعقد ہوں گے۔ جس میں کیسکو کے چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) سید مظاہر حسین مشہدی براہ راست لورالائی سرکل کے صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات معلوم کریں گے۔ تاہم سرکل کے صارفین کھلی کچہری میں بذریعہ ٹیلیفون بھی شرکت کرسکتے ہیں اور ٹیلیفون نمبر 0824400029 پر رابطہ کرکے اپنی شکایات کا اندراج کروائیں۔ مذکورہ کھلی کچہری میں لورالائی سرکل کے تمام سب ڈویژنز جن میں لورالائی، موسیٰ خیل، دکی، زیارت، ہرنائی، کوہلو، ژوب، قلعہ سیف اللہ اور مسلم باغ شامل ہیں ان علاقوں کے صارفین ذاتی طور پر یا بذریعہ فون نمبر 0824400029 شرکت کرسکتے ہیں نیز تمام صارفین اپنے بجلی بل کا حوالہ نمبر بھی بطور ریفرنس نوٹ کروائیں تاکہ ان کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

بدامنی کو جواز بنا کر مقامی وسائل لوٹنے کی اجازت نہیں دیں گے، جمعیت وکلاء فورم

چمن، تفتان اور تربت سمیت دیگر تجارتی راستوں پر پابندیوں نے لاکھوں افراد سے انکا روزگار کا حق چھین لیا ہے

مولانا فضل الرحمن کی سیاسی جدوجہد اور جماعت کی آئینی تاریخ کسی کے منفی پروپیگنڈے سے ختم نہیں کی جاسکتی

سیاسی و آئینی بیانیہ کے دفاع اور آئین کی اصل حالت میں بحالی کیلئے ہر فورم پر اقدامات اٹھائیں گے، ملک خلیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام وکلاء فورم کے رہنماؤں ملک خلیل الرحمن کاکڑ، علاؤالدین، حفیظ الملک مینگل، اللہ دوست بزنجو، عبدالولی خان ناصر و دیگر نے مولانا فضل الرحمن کی جانب سے قانونی طور پر آواز اٹھانے کی پاداش میں ان کی کردارکشی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم ان کا سیاسی و آئینی بیانیہ کے دفاع اور آئین کی اصل حالت میں بحالی کیلئے ہر فورم پر اقدامات اٹھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر دیگر وکلاء رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کی سیاسی جدوجہد اور جماعت کی 16 سالہ آئینی تاریخ کسی کے منفی پروپیگنڈے سے ختم نہیں کی جاسکتی۔ جماعت نے ہمیشہ آئین، پارلیمان اور عوام کے حق حکمرانی کا دفاع کیا ہے۔ 1947ء کی آزادی کے بعد اسلامی مملکت پاکستان میں جمعیت علماء اسلام کے اکابرین علامہ شبیر احمد عثمانی، ولی کامل لاہوری، مفتی محمود، درخواستی اور بعد میں وراثت مولانا فضل الرحمن کو منتقل ہوئی تو مختلف ادوار میں ہر طرح کے ظلم و جبر کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے کے ساتھ آئین پاکستان کا تحفظ اولین ترجیح رہی اور مملکت خداداد کو جب بھی ضرورت پڑی ہے تو کارکنان اور بزرگ قائدین نے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔ بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے معدنی وسائل مقامی لوگوں کی ملکیت ہیں اور دہشت گردی یا بدامنی کو جواز بنا کر مقامی وسائل کے لوٹ مار کی اجازت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ایران اور افغانستان کے ساتھ سرحدی تجارت کی بندش، چمن، تفتان اور تربت سمیت دیگر تجارتی راستوں پر پابندیوں نے لاکھوں افراد سے ان کا روزگار کا حق چھین لیا ہے زراعت، معدنیات اور سرحدی تجارت کو بحال کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ جماعت عوام کے حقوق اور آئین کی بالادستی اور بلوچستان کے وسائل کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

حافظ نعیم کی کال پر آج ضلعی ہیڈکوارٹرز پر دھرنا کیمپس لگائے جائیں گے

جے آئی کوئٹہ کے زیراہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے دھرنا کیمپ لگایا جائیگا

ضلعی و صوبائی قائدین خطاب کریں گے شہریوں کارکنوں سے شرکت کی اپیل

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں سابق صوبائی وزیر سردار نثار علی ہزارہ کے انتقال پر دعا مغفرت کی جارہی ہے

سردار نثار علی ہزارہ مرحوم انجمن کلاں کوئٹہ کا سرمایہ تھے

شیعہ کانفرنس کا سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر اظہار افسوس

شراورہ کتوں اور لینڈ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے

ثناء اللہ انوسٹی گیشن آفیسر شالکوٹ سرکل تعینات

اقبال خان کاکڑ نے نصیب جان اور ضیاء الدین کی ملاقات

سابق ایم این اے علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

قلات سرد ترین رہا، کم سے کم درجہ حرارت 2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ

بلوچستان بوائز اسکاؤٹس میں غیر قانونی تعیناتیوں کا نوٹس لیا جائے

پاک ایران سرحد کی بندش اور سرحدی تجارت کی معطلی پر تشویش

نصرت بھٹو پاکستان کی جمہوری تاریخ کی عظیم شخصیت تھیں، اقبال شاہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو پاکستان کی جمہوری تاریخ کی ایک ایسی عظیم شخصیت تھیں جنہوں نے آمریت، جبر اور سیاسی انتقام کے مشکل ترین ادوار میں جمہوریت کے پرچم کو سربلند رکھا۔ ان کی زندگی جدوجہد، قربانی، استقامت اور عوامی حقوق کے تحفظ کی روشن مثال ہے، جسے پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ سید اقبال شاہ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے شانہ بشانہ جمہوریت، عوامی حاکمیت اور سیاسی شعور کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کے بعد انہوں نے جس حوصلے اور عزم کے ساتھ پارٹی کی قیادت سنبھالی اور کارکنوں کو متحد رکھا، وہ تاریخ کا ایک ناقابل فراموش باب ہے۔ انہوں نے مشکل حالات میں پارٹی کے نظریاتی تشخص کو برقرار رکھنے اور جمہوری جدوجہد کو جاری رکھنے کے لیے بے مثال قربانیاں دیں۔

سابق ایم این اے علی وزیر کی رہائی کا خیر مقدم کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی رہائی کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی سے آئین، جمہوریت، پارلیمنٹ اور حقیقی وفاقیت کی بات کرنے پر قومی سیاسی جمہوری لوگوں کو قید و بند اور پابندیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی پشتونخوامیپ روز اول سے مذمت کرتی آئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آئین پاکستان ہر شخص، جماعت، یا تنظیم کو اجازت دیتا ہے کہ وہ آزادی سے اپنی رائے، پروگرام، سیاسی تنظیم کے فروغ کے لئے آواز بلند کرے اور آئین و قانون کے دائرے کے اندر اپنے نظریات کے لئے مہم چلا سکے لیکن بدقسمتی سے ملک میں آج یہ سب کچھ نایاب یا ممنوع ہو چکا ہے جس کے لئے آواز بلند کرنا ہر مترقی سیاسی جمہوری پارٹی کی ذمہ داری ہے۔ آخر میں ایک مرتبہ پھر علی وزیر کی رہائی کا خیرمقدم کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ عمران خان اور دیگر تمام سیاسی اسیران کو رہا کیا جائے اور ملک میں سیاسی جمہوری روایات اور آئینی و قانونی اقدامات کو فروغ دیا جائے۔

اصغر اچکزئی کی بے بنیاد مقدمے میں گرفتاری کی مذمت، نور محمد شاہوانی

اس طرح کے اقدامات سے حالات مزید ابتری کی جانب جائیں گے، سہیل کاکڑ

ارباب اختیار اور دیگر اداروں کو ایسے اقدامات اور کارروائیوں سے گریز کرنا چاہئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری سہیل خان کاکڑ نائب صدر حاجی ظاہر شاہ یوسفزئی، جعفر خان کاکڑ، حاجی عطاء اللہ کاکڑ، حاجی روزی خان مندوخیل، ملک نور خان کرد نے عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر سابق رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں فوری طور پر رہا کیا جائے تاکہ قبائلی، سیاسی اور عوامی نمائندوں کی گرفتاری کی وجہ سے عوام ان کے اتحادی اور پارٹی ورکروں، بہی خواہوں میں پائی جانے والی تشویش دور ہو سکے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اصغر خان اچکزئی کی بے بنیاد مقدمے کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا جس کی وجہ سے بلوچستان جیسے قبائلی صوبے میں اس طرح کے اقدامات سے حالات مزید ابتری کی جانب جائیں گی اس لئے ارباب اختیار اور دیگر اداروں کو ایسے اقدامات اور کارروائیوں سے گریز کرنا چاہئے انہوں نے ہمیشہ بلوچستان کی بہتری اور عوام کو درپیش مسائل کے حل ان کی آواز حکام بالا تک پہنچانے کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتے ہوئے اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ اصغر خان اچکزئی کو فوری طور پر رہا کرکے لوگوں میں پائی جانے والی تشویش کو دور کیا جائے۔ بلوچستان میں پہلے ہی حالات خراب اور ایسی کارروائیوں سے حالات مزید خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔

اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصراللہ جان کو ڈائریکٹر مارکیٹنگ پاکستان پوسٹ فیصل جہانگیر یادگاری ٹکٹوں کا البم دے رہے ہیں

پیرامیڈیکس اور الائیڈ اسٹاف کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں

سابق سیکرٹری صحت، ڈاکٹر شاہجہان اور ڈاکٹر یاسر ہمارا اثاثہ ہیں، شفا مینگل

کوئٹہ (امیار پورٹر) سابق سیکرٹری صحت بلوچستان عصمت اللہ کاکڑ، سابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر شاہجہان پانیزئی اور سابق ایگزیکٹو ڈائریکٹر زرغون سینئر سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر یاسر شاہ کی پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر و سول ہسپتال یونٹ کے صدر حاجی محمد شفا مینگل اور جنرل سیکرٹری حاجی صاحب جان کاکڑ کے دفتر میں اہم ملاقات۔ ملاقات میں صوبے میں صحت کی سہولیات کی بہتری، سول ہسپتال کوئٹہ اور زرغون سینٹر کی کارکردگی اور الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ معزز مہمانوں نے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کے کردار کو ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز کے شانہ بشانہ ٹیکنیشنز، پیرامیڈیکس اور الائیڈ اسٹاف کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ اس موقع پر صوبائی صدر حاجی محمد شفا مینگل نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سابق سیکرٹری صحت عصمت اللہ کاکڑ، ڈاکٹر شاہجہان پانیزئی اور ڈاکٹر یاسر شاہ جیسی تجربہ کار شخصیات ہمارا اثاثہ ہیں۔

صوبائی سیکرٹری بہبود آبادی ظفر علی بلیدی، ڈی جی غلام مصطفیٰ، سعدیہ عطاء و دیگر کے ہمراہ محکمہ بہبود آبادی بلوچستان اور یو این ایف پی اے کے تعاون سے ٹیکنیکل مشاورتی ایف پی 2030 ورکنگ اجلاس کے شرکاء کا گروپ فوٹو

بلوچستان کی خواتین تعلیمی لحاظ سے کسی سے پیچھے نہیں ہیں، تانیہ بازئی

بلوچ پشتون خواتین بیوروکریسی جوڈیشری سمیت مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں

بلوچستان کی خواتین اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر ہر میدان میں اپنا مقام بنانے کی اہلیت رکھتی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) معروف قانون دان ایڈووکیٹ تانیہ بازئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی بلوچ اور پشتون خواتین تعلیمی لحاظ سے کسی سے پیچھے نہیں ہیں بلوچ پشتون خواتین بیوروکریسی جوڈیشری اور اعلیٰ تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں بلوچ اور پشتون خواتین میں پی ایچ ڈی اسکالرز بھی موجود ہیں، جو قومی اور عالمی سطح پر اپنی نمایاں کارکردگی کے ذریعے بلوچستان کا نام روشن کر رہی ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچ اور پشتون قبائل کی خواتین آج بھی مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں اور باوقار مقام رکھتی ہیں اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ بلوچستان کی خواتین تعلیمی لحاظ سے پیچھے ہیں تو یہ اس کی غلط فہمی اور محدود سوچ ہے بلوچستان کی خواتین میں تعلیم، شعور، صلاحیت اور آگے بڑھنے کا بھرپور جذبہ موجود ہے ایڈووکیٹ تانیہ بازئی نے مزید کہا کہ بلوچستان کی بلوچ اور پشتون خواتین سیاست سمیت مختلف شعبوں کا وسیع علم اور سمجھ بوجھ رکھتی ہیں محض میڈیا پر چند الفاظ بولنے سے کوئی باشعور اور اہل نہیں بن جاتا بلکہ اصل قابلیت علم، تجربے، فہم و فراست اور عملی کارکردگی سے ثابت ہوتی ہے جو کہ ہم بلوچ و پشتون خواتین میں یہ صلاحیتیں موجود ہیں بلوچستان کی خواتین اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر ہر میدان میں اپنا مقام بنانے کی بھرپور اہلیت رکھتی ہیں۔

ڈاکٹر گل سمین نے ینگ کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ کا ایوارڈ حاصل کرلیا

اعزاز ڈاکٹر گل سمین میروانی کی پیشہ ورانہ قابلیت، محنت، لگن کا اعتراف ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے دشت سے تعلق رکھنے والی کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ڈاکٹر گل سمین میروانی نے بین الاقوامی سطح پر نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے ینگ کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ایوارڈ حاصل کیا ہے انہیں یہ اعزاز آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں 12 سے 15 اکتوبر 2026 تک منعقد ہونے والی 29 ویں ایشیا اینڈ اوشیانا کانگریس آف آبسٹیٹرکس اینڈ گائناکالوجی (AOFOG) کے موقع پر دیا گیا۔ ڈاکٹر گل سمین میروانی نے کوئٹہ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (QIMS) سے ایم بی بی ایس کی ڈگری حاصل کی جہاں انہوں نے امراض نسواں و زچگی کے مضمون میں امتیازی پوزیشن حاصل کی۔ بعد ازاں انہوں نے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کے تحت گائناکالوجی اینڈ آبسٹیٹرکس میں ایف سی پی ایس (FCPS) مکمل کیا ان کی تخصصی تربیت میں جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (JPMC) کراچی، اور بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال (BMCH) کوئٹہ شامل ہیں۔

دنیا بھر کے ممالک کا پاکستان پر اعتماد خوش آئند اقدام ہے، حبا فواد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حبا فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان بزنس فورم 2026 میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات میرے لیے باعث اعزاز ہے۔ سفارت کاری کی بنیاد بامعنی روابط، باہمی احترام اور پائیدار شراکت داری کے مشترکہ عزم پر استوار ہوتی ہے۔ دنیا بھر کے ممالک کا پاکستان پر اعتماد خوش آئند اقدام ہے جس کے آنے والے وقت میں دور رس نتائج برآمد ہوں گے۔

نیلام عام

1. ہیڈکوارٹرز فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ میں گورنمنٹ کی مختلف اقسام کی 61 عدد پرانی گاڑیوں کی عام نیلامی بمورخہ 12 نومبر 2026ء بروز جمعرات دن 12 بجے بمقام 15 نزد مین ہاؤسنگ سکیم ہیڈکوارٹر چلتن رائفلز کوئٹہ میں منعقد ہوگی۔ گاڑیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سیریل نمبر	گاڑیوں کی مختلف اقسام	تعداد	ریمارکس
ا۔	سنگل کیبن	46	30 عدد ہلیکس ر-110 9 عدد ہلیکس ر-130 7 عدد ٹویوٹا ہائی لکس
۲۔	ڈبل کیبن	2	2 عدد ٹویوٹا ہائی لکس
۳۔	ایمبولینس	1	ہائی ایس ایمبولینس
۴۔	ٹرک	7	3 عدد ہینو ٹرک LA-174 3 عدد سوزوکی این پی آر 1 عدد سوزوکی ایف ایس ایس
۵۔	واٹر بوزر	2	1 عدد ہینو 1 عدد سوزوکی این پی آر
۶۔	واٹر ٹریلر	2	
۷۔	ٹرالی	1	
	ٹوٹل گاڑیاں	61	

2. تفصیلات:-

(الف) بولی جیسے ہے جہاں ہے کی بنیاد پر دی جائے گی۔

(ب) ہر بولی دہندہ (آکشن کے لئے) مبلغ 250,000/- روپے کا پے آرڈر / کال ڈیپازٹ بنام انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان کوئٹہ جمع کرا کر بولی میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا۔

(پ) ایک کال ڈیپازٹ کی صورت میں صرف ایک بندے کو آکشن ایریا میں آنے کی اجازت ہوگی۔

(ت) کامیاب بولی دہندہ کو کل رقم کا ایک چوتھائی (1/4) یعنی 25% رقم موقع پر جمع کرانا ہوگی جبکہ بقایا 75% رقم آکشن ٹیکس (10% انکم اور 20% ان کم ٹیکس) کے ساتھ ایک ہفتہ کے اندر جمع کرا کر خریدی گئی گاڑیاں اٹھا سکتا ہے۔

(ٹ) اگر بقایا 75% رقم مقررہ وقت پر جمع نہ کرائی یا کسی نے اپنی لاٹ چھوڑ دی تو قانون کے مطابق جمع شدہ رقم ضبط کرلی جائے گی۔

(ث) دیگر تفصیلات کیلئے آفس ہذا ٹیلی فون نمبر (081-9201542-217) سے رجوع کریں۔

پروکیورمنٹ آفیسر
برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان

PID(Q)139/26

جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے نو منتخب مجلس عاملہ کے پہلے تعارفی اجلاس کی صدارت ضلعی امیر مولانا نیاز محمد کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سرغزئی کلی عالم خان کا دورہ

طالبات نے فزکس، کیمسٹری اور بائیولوجی کے مختلف سائنسی ماڈلز اور منصوبے پیش کیے

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر نصیر علی شاہ نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سرغزئی کوئٹہ کا دورہ کیا اور اسکول میں منعقدہ سائنس نمائش کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر طالبات نے فزکس، کیمسٹری اور بائیولوجی کے مختلف سائنسی ماڈلز اور منصوبے پیش کیے اور اپنے کام کی تفصیلی وضاحت کی۔ دورے کے موقع پر اسکول کی ہیڈ مسٹریس مصباح اکرم نے ڈاکٹر نصیر علی شاہ کا استقبال کیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے نمائش میں پیش کیے گئے ماڈلز کا جائزہ لیا اور طالبات کی سائنسی معلومات، خوداعتمادی، تخلیقی صلاحیتوں اور عملی فہم کو سراہا۔ اس موقع پر خصوصی طور پر سائنس کی واحد معلمہ مس زرینہ بی بی کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا گیا، جنہوں نے محدود تدریسی وسائل کے باوجود طالبات کی مؤثر رہنمائی کی اور تمام سائنسی منصوبوں کی تیاری میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر نصیر علی شاہ نے اسکول کی تعلیمی سرگرمیوں اور تدریسی ماحول کا بھی جائزہ لیا۔ اس دوران تمام اساتذہ اپنی اپنی کلاسوں میں موجود پائے گئے، جبکہ اسکول میں نظم و ضبط، صفائی ستھرائی اور تعلیمی ماحول تسلی بخش تھا۔ دریں اثناء ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر نصیر علی شاہ نے گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول کلی عالم خان کوئٹہ کا دورہ کیا اور اسکول میں منعقدہ سائنس نمائش کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر طالبات نے طبیعیات، کیمیا اور حیاتیات کے مختلف سائنسی ماڈلز اور منصوبے پیش کیے، جن میں ان کی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی فہم اور عملی مہارتوں کا بھرپور مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ دورے کے دوران ہیڈ مسٹریس بخت نامہ نے ڈی ای او کوئٹہ کا استقبال کیا اور ادارے کی تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈاکٹر نصیر علی شاہ نے مختلف کلاس رومز کا دورہ بھی کیا اور طالبات کی تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی ماحول کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اسکول میں نظم و ضبط اور تعلیم و تدریس کے لیے سازگار ماحول کو حوصلہ افزا قرار دیا۔

ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے، مہراللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے زیر صدارت کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ حکام اور دیگر نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں CSR کے تحت جاری اور مجوزہ ترقیاتی و فلاحی اقدامات، عوامی ضروریات اور ضلعی سطح پر مختلف شعبوں میں بہتری لانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اس موقع پر کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد کے منصوبوں پر مؤثر انداز میں عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

حاجی ظاہر شاہ ملیزئی مختصر علالت کے بعد انتقال کرگئے



کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حاجی ظاہر شاہ ملیزئی ندا کاریز ولد مرحوم حاجی محمد فضل آغا دماغ کی شریان پھٹنے کے باعث مختصر علالت کے بعد کوئٹہ کے نجی ہسپتال میں انتقال کرگئے۔ مرحوم حاجی عبداللہ خان آغا، حاجی جان محمد آغا، حاجی محمد علی آغا اور قیمتی لعل آغا کے بھتیجے، محمد داؤد، عبدالبصیر، نذیر احمد اور جیلانی کے بھائی، جبکہ ابراہیم شاہ، گلاب شاہ اور احمد شاہ کے والد تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ بروز جمعہ 23 اکتوبر 2026ء، صبح 10 بجے اور فاتحہ خوانی بھی کلی حاجی عبداللہ خان، ندا کاریز، چمن میں ادا کی جائے گی۔

جے یو آئی نظریاتی قوم کی امیدوں کی کرن بن چکی ہے، مولانا نیاز

ملک میں حق اور سچائی کا علم بلند کرنے والی جماعت ہے، آغا ابراہیم شاہ

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے مجلس عاملہ کا پہلا تعارفی اجلاس ضلعی امیر مولانا نیاز محمد کے صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی امیر مولانا نیاز محمد نے اراکین مجلس عاملہ سے حلف لیا۔ اور ضلعی جنرل سیکرٹری آغا ابراہیم شاہ نے ایجنڈے پیش کیے۔ ایجنڈوں پر طویل غور خوض کے بعد یونٹوں اور تحصیلوں کی تشکیل کے حوالے سے متعدد فیصلے ہوئے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی قوم کی امیدوں کی آخری کرن بن چکی ہے۔ جمعیت نظریاتی ملک میں حق اور سچائی کا علم بلند کرنے والی جماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی اسلامی و نظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کے لیے جمعیت علماء اسلام نظریاتی ملک میں سیاسی جدوجہد کررہے ہیں کارکنوں کی مخلصانہ جدوجہد نے جماعت کو بلوچستان کی سب سے منظم سیاسی و دینی قوت بنادیا ہے۔ اب تنظیم سازی کے عمل کے بعد تنظیم کو ہر سطح پر فعال بنانے کے لیے ورکرز مؤثر انداز میں آگے بڑھ جائے انہوں نے کہا کہ نظریاتی تشخص کی حفاظت کرنا محض ایک سیاسی نعرہ نہیں۔ بلکہ قومی وحدت کے لیے نظریاتی سیاست ناگزیر ہو چکی ہے۔ لسانی و صوبائی تعصبات کی خاتمے کے لیے نظریاتی سیاست کو فروغ دیا جائے انہوں نے کہا کہ ملک پر مسلط فرسودہ نظام سے نجات کے لیے نظریاتی بنیادوں پر جدوجہد انقلابی قدم ثابت ہوگا جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام سے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر استحصال کیا گیا انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کا اساسی مقصد اسلامی نظام کا احیاء اور معاشرتی و تہذیبی سطح پر مسلمانوں کے اندر تہذیب اسلامی کا احیاء کرنا ہے اس عظیم مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا فریضہ سمجھ کر ملک کے سیاسی میدان میں اترے ہیں اس پرفتن دور میں ورکروں پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہے کہ وہ ایک نظریاتی فکر اور سوچ کیساتھ امت کی رہنمائی کرے مغربی فکر و ثقافت نے امت مسلمہ پر یلغار کی ہے مغرب مسلمان کو فکری اور سیاسی لحاظ سے مسلمان نظام بنانے کی کوشش کررہی ہے۔

نظام خان درانی انتقال کرگئے

کوئٹہ (پ ر) نظام خان درانی وفات پاگئے۔ سراج الدین درانی کے بڑے بھائی، صلاح الدین، علاؤالدین، عمران کے والد، حاجی جلال الدین سارنگزئی، غلام حیدر کاکڑ کے بہنوئی، پشتونخوامیپ شالدرہ دروم علاقائی اطلاعات سیکرٹری منیر خان بڑیچ کے ماموں تھے۔ فاتحہ خوانی کریم آباد چوک حاجی عمر مسجد کلی عمر خان کوئٹہ میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان و دیگر صوبائی، ضلعی رہنماؤں نے نظام خان درانی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حاجی روزی گل بڑیچ، حاجی ابراہیم آغا حضرت علی و دیگر پلازہ کا افتتاح کر رہے ہیں

مادر جمہوریت کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، ملک ذیشان

بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے دور میں جمہوریت کا پرچم بلند رکھا

ان کی سیاسی جدوجہد اور لازوال خدمات ہمیشہ مشعل راہ رہیں گی، بیان

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک ذیشان حسین نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو پاکستان میں جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کی جدوجہد کی ایک بے مثال اور باہمت شخصیت تھیں، جن کی سیاسی جدوجہد اور قربانیاں ملکی تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے تاریک ترین دور میں جمہوریت کا علم بلند رکھا اور جمہوری قوتوں کو متحد کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ انہوں نے ذاتی اور خاندانی دکھوں کو اپنی سیاسی جدوجہد کی راہ میں ... بحالی، آئین کی سربلندی، پارلیمانی نظام کے استحکام اور عوام کے حقوق کے لیے جو قربانیاں دیں، وہ پاکستان کی سیاسی تاریخ کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے مشکل ترین حالات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں اور جمہوری قوتوں کے حوصلے بلند رکھے۔ ان کی جدوجہد نے یہ ثابت کیا کہ جمہوریت کی شمع کو دبایا تو جاسکتا ہے لیکن عوام کے دلوں سے اسے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ آج ہمیں اس عزم کی تجدید کرنا ہوگی کہ ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو، مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے جمہوری، عوامی اور ترقی پسند وژن کو آگے بڑھائیں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ...

کوئٹہ موسم سرما کی آمد، مہنگائی کی وجہ سے ایک شخص اپنے بچوں کے لئے پرانے گرم کپڑے خرید رہا ہے

اخبار مارکیٹ اسلام آباد کو فوری طور پر کھولا جائے، غازی خان

ملک بھر میں اخبار کی ترسیل روکنے سمیت سخت احتجاج پر مجبور ہونگے

انجمن اخبار فروشاں بلوچستان اسلام آباد کے بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن اخبار فروشاں بلوچستان نے اسلام آباد میں اخبار مارکیٹ کو سیل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد انتظامیہ فوری طور پر اخبار مارکیٹ کھولے بصورت دیگر پورے ملک میں اخبارات کی تقسیم روکنے پر مجبور ہونگے۔ یہ بات انجمن اخبار فروشاں کے صدر حاجی غازی خان محمد شہی، جنرل سیکرٹری اللہ گل محمد حسنی، میر احمد راسکو والا، حاجی سعد احمد، حاجی باز محمد، لیاقت، میر عبدالنبی بنگلزئی مولاداد نے انجمن اتحاد اخبار فروشاں بلوچستان کے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ انجمن اخبار فروشاں بلوچستان اسلام آباد اخبار مارکیٹ کو سیل کرنے کی مذمت کرتی ہے اور وفاقی حکومت و ضلعی انتظامیہ اسلام آباد سے مطالبہ کرتی ہے کہ اخبار مارکیٹ کو فوری طور پر کھولا جائے بصورت دیگر اخبار فروش پورے ملک میں اخبار کی ترسیل روکنے سمیت سخت احتجاج پر مجبور ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد اخبار مارکیٹ سیل ہونے سے نہ صرف اخبارات کی صارفین تک ترسیل متاثر ہوئی ہے بلکہ اخبار فروشوں کو بھی مسائل کا سامنا ہے لہٰذا فوری طور پر اخبار مارکیٹ کو کھولا جائے۔ انہوں نے کہا کہ انجمن اتحاد اخبار فروشاں بلوچستان اپنے اسلام آباد کے اخبار فروش بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انکی احتجاج کی ہر کال پر لبیک کہے گی۔

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ وحب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹراما سینٹر میں مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، وزیر صحت بلوچستان

مریضوں کو بروقت ادویات فراہم کرنے اور فارمیسی کے انتظامات کو بہتر انداز میں چلانے والے فارمیسی اسٹاف کی کارکردگی قابل ستائش ہے، بخت محمد کاکڑ

وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کے تحت بلوچستان میں صحت کے شعبے کو مزید مستحکم بنانے کے لیے بہت جلد نئے طبی اداروں کا افتتاح کیا جائے گا، بات چیت

ہسپتال کا عملہ اسی جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرتا رہے تاکہ مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کا وژن صوبے کے عوام کو معیاری، مؤثر اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کی بہتری، معالجے، ادویات کی فراہمی اور طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا اور ادویات کی دستیابی پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مریضوں کو بروقت ادویات فراہم کرنے اور فارمیسی کے انتظامات کو بہتر انداز میں

ایکسائز افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں بڑھانے کیلئے تربیتی پروگرام کا آغاز

کوئٹہ میں نئے ایکسائز انسپکٹرز کی تربیت جاری، انسداد منشیات قوانین پر خصوصی نشست کا انعقاد کیا گیا

تربیتی پروگرام کے پہلے روز ایڈووکیٹ عبدالنافع غیور نے انسداد منشیات کے قوانین اور منشیات سے متعلق آگاہی دی

اینٹی نارکوٹکس بلوچستان، ہزارہ زون کوئٹہ کے زیر اہتمام نئے تعینات ہونے والے ایکسائز انسپکٹرز کے لیے پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام جاری ہے۔ تربیتی پروگرام کے پہلے روز ایڈووکیٹ عبدالنافع غیور نے انسداد منشیات کے قوانین، قانونی تقاضوں اور منشیات سے متعلق جرائم کی روک تھام کے حوالے سے خصوصی تربیتی نشست منعقد کی۔ تربیتی نشست کے دوران قوانین، ان کے مؤثر نفاذ اور انسداد منشیات کی کارروائیوں میں قانونی طریقہ کار کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ تحکمے کے حکام کا کہنا تھا کہ تربیت کا مقصد افسران کی قانونی معلومات میں اضافہ اور انہیں فیلڈ میں پیشہ ورانہ ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے کے لیے تیار کرنا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ اینٹی نارکوٹکس کی جانب سے تربیتی پروگرام میں پراپرٹی ٹیکس تحقیقات اور کرائم مینجمنٹ سمیت مختلف اہم موضوعات بھی شامل ہیں۔ متعلقہ حکام کا کہنا تھا کہ محکمہ ایکسائز کے اس تربیتی اقدام کا مقصد نئے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، قانونی فہم اور عملی مہارتوں کو بہتر بنانا ہے تاکہ وہ انسداد منشیات، ٹیکس قوانین کے نفاذ اور دیگر محکمانہ امور میں اپنی ذمہ داریاں مؤثر، ذمہ دارانہ اور قانون کے مطابق انجام دے سکیں۔

جواب دہ اور عوام دوست انتظامیہ ہی شہریوں کا اعتماد بحال کر سکتی ہے، ڈی سی کوئٹہ

شہری مسائل کا حل اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے، مہراللہ بادینی

کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ان میں پیش کی جانے والی درخواستوں کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کیا جارہا ہے

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان شیخ محمد بن زید النہیان کارڈیالوجی ہسپتال کے ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزراء قائد جمعیت کیخلاف پروپیگنڈے کے بجائے اپنے طرز عمل پر توجہ دیں، حافظ حمد اللہ

انتخابات میں دھاندلی سے متعلق جمعیت علمائے اسلام کا مؤقف ہمیشہ واضح رہا ہے، مرکزی رہنما

مولانا فضل الرحمن کے خلاف منفی پروپیگنڈا مناسب نہیں، جمعیت علمائے اسلام مؤثر جواب دینا جانتی ہے

اوستہ محمد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما و سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی وزراء قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کے بجائے اپنے طرز عمل پر توجہ دیں اور اپنی سیاسی حیثیت کے مطابق گفتگو کریں بصورت دیگر جمعیت علمائے اسلام کی کارکن بھی جواب دینا جانتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئی این پی سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے حافظ حمد اللہ نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نے 2018 کے عام انتخابات کو بھی دھاندلی زدہ قرار دیا تھا اور 2024 کے انتخابات پر بھی اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دھاندلی زدہ قرار دے رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتخابات کے حوالے سے جمعیت علمائے اسلام کا مؤقف واضح ہے جس پر پارٹی قیادت آج بھی قائم ہے۔ حافظ حمد اللہ نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی وزراء قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کے خلاف بیان بازی اور پروپیگنڈے سے گریز کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ وزراء گفتگو کرتے وقت اپنی سیاسی حیثیت اور منصب کا خیال رکھیں کیونکہ جمعیت علمائے اسلام بھی سیاسی معاملات پر مؤثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مولانا فضل الرحمن کے مؤقف کو دبانے کے لیے منفی پروپیگنڈے کا سہارا لینا مناسب نہیں۔ جمعیت علمائے اسلام اپنے قائد کی قیادت میں سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی اور ان شاء اللہ ایک منظم سیاسی قوت کے طور پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

سٹیلائٹ ٹاؤن میں گیس کی عدم فراہمی باعث تشویش ہے، صادق آغا

کوئٹہ کے رہائشی علاقوں میں گیس کی فراہمی بہتر بنائی جائے، گیس حکام سے مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کوئٹہ میں گیس کی عدم فراہمی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی گیس فراہمی تقریباً ختم ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹیلائٹ ٹاؤن، منی مارکیٹ اور ان سے ملحقہ رہائشی علاقوں میں گیس کی فراہمی ایک خواب بن چکا ہے۔ اور مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، جن کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔ سید صادق آغا نے کہا کہ گیس کی سہولت شہریوں کی روزمرہ زندگی سے براہ راست وابستہ ہے اور اس میں خرابی یا عدم تسلسل کے باعث گھریلو معمولات متاثر ہوتے ہیں۔ سٹیلائٹ ٹاؤن، منی مارکیٹ اور اطراف کی آبادیوں کے رہائشیوں کی شکایات کو نظرانداز کرنے کے بجائے ان کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے اور علاقے کی ضروریات کے مطابق فراہمی کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے محض اعلانات کافی نہیں، بلکہ متعلقہ حکام کو موقع پر صورتحال کا جائزہ لے کر عملی اقدامات کرنے چاہئیں۔ جبکہ کوئٹہ کے جعلی ایم پی اے کی بھرمار بھی یہ بنیادی مسئلہ حل کرنے میں ناکام ہوچکی ہے۔ گیس کی تقسیم، پریشر اور فراہمی کے نظام میں موجود خامیوں کی نشاندہی کرکے انہیں دور کیا جائے تاکہ شہریوں کو روزمرہ ضروریات پوری کرنے میں دشواری پیش نہ آئے۔ سید صادق آغا نے مطالبہ کیا کہ سوئی گیس حکام سٹیلائٹ ٹاؤن، منی مارکیٹ اور ملحقہ علاقوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، عوامی شکایات کے اندراج اور ان کے ازالے کا مؤثر طریقہ کار وضع کیا جائے اور متعلقہ عملے کو پابند بنایا جائے کہ وہ شہریوں کی شکایات پر بروقت کارروائی کرے۔

زورگڑھ پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم گرفتار

گنداخہ (اے این این) ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر اور مختلف مقدمات میں مطلوب ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او زورگڑھ حاجی خان لاشاری نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم گل حسن عرف ملاں ولد منظور، قوم جمالی، کو گرفتار کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا، جبکہ امن وامان کے قیام، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

گنداخہ فیڈر کے کھمبوں سے بجلی کی تاریں چوری ہوئی ہیں، ترجمان کیسکو

گنداخہ (اے این این) پولیس تھانہ گنداخہ کی حدود میں نامعلوم چور رات کی تاریکی میں گنداخہ فیڈر کے بجلی کے کھمبوں سے تاریں چوری کرکے لے گئے۔ واقعے کی تصدیق واپڈا گنداخہ گرڈ اسٹیشن کے انچارج نے بھی کردی ہے۔ بجلی کی تاروں کی چوری کے واقعے سے سرکاری املاک کو نقصان پہنچا ہے، جبکہ بجلی کی تنصیبات کی حفاظت کے حوالے سے سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ واقعے میں ملوث ملزمان کی تاحال شناخت اور گرفتاری سے متعلق معلومات سامنے نہیں آئی ہیں۔

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کیچ کی جانب سے لگائے گئے اسٹال کے موقع پر افسران کا اے ڈی سی ملک صلاح الدین بزنجو کے ہمراہ گروپ فوٹو

زورگڑھ پولیس کی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم گرفتار

اوستہ محمد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، ملزم گل حسن گرفتار

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت والجماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے انا بحران گیس لوڈشیڈنگ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے آئے روز نئے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ گیس آٹے کا بحران شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بنا ہوا ہے تو کہیں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر رکھا ہے، جبکہ صحت کے شعبے کی ابتر صورتحال بھی تشویشناک ہے۔ دوسری جانب ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشی کی روک تھام کے لیے مؤثر حکومتی اقدامات کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی ہے، کیونکہ منافع خور عناصر اپنی من مانیاں کرتے ہوئے عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ عوامی مشکلات کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے ان کے حل کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کرے۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے، ذخیرہ اندوزی کے خاتمے اور گراں فروشی کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کو ناجائز منافع خوروں کے استحصال سے نجات مل سکے۔ موسم سرما کا آغاز ہو چکا ہے، ایسے میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم پریشر جیسے مسائل شہریوں کے لیے مزید مشکلات پیدا کر سکتے ہیں

گنداخہ میں گٹکا اور ماوے کا کاروبار عروج پر، انتظامیہ سے کارروائی کا مطالبہ

گنداخہ (یو این اے) گنداخہ شہر و گردونواح میں زہریلے گٹکے ماوے کا کاروبار عروج پر چھوٹے بڑے مرد و خواتین حتیٰ کہ چھوٹے بچے بھی اس زہر سے نہیں بچ پا رہے ہیں کاروباری تو کاروبار کر رہے ہیں لیکن اس ماوے گٹکے کی وجہ سے لوگوں کی صحت تباہ ہو رہی ہے یہ جاننا ضروری ہے اس وقت گٹکا پچاس روپے اور ماوا سو روپے میں فروخت کیا جارہا ہے ہر دکان ہر کیبن میں ترسیل جاری ہے مالی نقصان کے ساتھ ساتھ جان بھی ضائع ہو رہا ہے لیکن انتظامیہ اس جانب مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس زہر سے کئی افراد خطرناک قسم کی بیماریوں میں بھی مبتلا ہو گئے ہیں

حکومت پی ایم ڈی سی کی نجکاری کا فیصلہ واپس لے، آل پاکستان لیبر فیڈریشن

نجکاری اور لیز کی منسوخی مسترد، ملازمین کے حقوق کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھے گے، لالا محمد سلطان

پی ایم ڈی سی کی نجکاری سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار متاثر ہونے کا خدشہ، ستار کاکڑ، شاہ علی بگٹی سمیت دیگر کا مظاہرے سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے صدر لالا محمد سلطان نے پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کی مجوزہ نجکاری اور لیز کی منسوخی کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ نجکاری اور لیز کی منسوخی کا فیصلہ واپس لیکر تمام ملازمین کو ان کی مراعات کے حصول اور دیگر حقوق کا تحفظ ممکن بنا کر لیبر فیڈریشن اور ملازمین کے نمائندوں کی مشاورت سے اقدامات اٹھائے جائیں ہم محنت کشوں کے مسائل کے حل کے لئے اپنی آئینی، قانونی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس اور احتجاجی مظاہرہ کے دوران کیا۔ اس موقع پر سفر خان مری، ساجد کھوکھر، سعد اللہ، نورشاہ، محمد نعیم، سیف اللہ، محمد امین، شاہ علی بگٹی، شاکر سمالانی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی کی نجکاری اور لیز کی منسوخی کو قبول نہیں کرتے اس فیصلے سے ملازمین کا روزگار خطرے میں پڑنے، بے روزگاری میں اضافے اور بلوچستان کے مقامی لوگوں کے معاشی مفادات متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ نجکاری یا لیز منسوخی جیسے اقدامات سے نہ صرف ادارے میں کام کرنے والے ملازمین اور خاندانوں کے نان شبینہ پر منفی پڑیں گے۔ وفاقی اور صوبائی حکومت ایسے فیصلے کرنے اور اقدامات اٹھانے سے گریز کرے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی ایک اہم قومی ادارہ ہے جو کہ مرکز میں وزارت پیٹرولیم کے زیر انتظام منرلز کی پیداوار، روزگار کی فراہمی، لوگوں کی فلاح و بہبود اور ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے ملک بھر میں 8 منصوبوں پر کام کر رہا ہے جس میں 4 پراجیکٹ پنجاب، خیبر پختونخوا میں 1، بلوچستان میں 3 پروجیکٹ ہیں جس سے صوبہ کے مقامی لوگوں اور ہزاروں خاندان کا بالواسطہ اور بلاواسطہ روزگار کا ذریعہ ہے۔ پی ایم ڈی سی میں ملک بھر میں تقریباً 2 ہزار ملازمین ہیں جن میں بلوچستان کے 500 کے قریب ملازمین ہیں جس سے ملازمین اور ان کے خاندانوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پی ایم ڈی سی کے 3 اہم کوئلے کے منصوبے جس میں سورینج، ڈیگاری اور شاہرگ شامل ہیں جس سے سالانہ تقریباً 4 لاکھ 30 ہزار ٹن کوئلہ نکالا جاتا ہے 30 ہزار ٹن کوئلہ پی ایم ڈی سی بلوچستان سے خود نکالتا ہے جو کہ جی ایس ٹی کی مد میں مرکز کو 19 کروڑ 80 لاکھ روپے ادا کرتے ہیں جبکہ تقریباً 4 لاکھ ٹن کوئلہ ریزنگ کنٹریکٹرز کے ذریعے نکالا جاتا ہے 95 فیصد افرادی قوت اور ریزنگ کنٹریکٹرز مقامی ہیں اس کی نجکاری سے ملازمین، کنٹریکٹرز اور ان سے وابستہ خاندانوں کے روزگار پر منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی کی جانب سے بلوچستان میں سی ایس آر کی مد میں تین منصوبوں کے لئے سالانہ تقریباً 5 کروڑ 50 لاکھ روپے کی ادائیگی یا تقسیم کی جاتی ہے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق ریزنگ کنٹریکٹرز کے ذریعے نکالے جانے والے کوئلے پر تقریباً 950 روپے فی ٹن ٹیکس جو کہ 38 کروڑ روپے ہیں بلوچستان کو مل رہا ہے۔ ریسکیو اینڈ سیفٹی کی مد میں 32 روپے 50 پیسے فی ٹن جو کہ 1 کروڑ 38 لاکھ روپے مائنز انسپکٹریٹ بلوچستان کو دے رہے ہیں۔ اور 32 روپے 50 پیسے فی ٹن ایکسائز کی مد میں دے رہا ہے جو کہ تقریباً 1 کروڑ 40 لاکھ روپے سالانہ بنتے ہیں

ٹیکس نظام مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھے جائیں، وزیر خزانہ

بلوچستان ریونیو اتھارٹی محصولات کی وصولی میں مسلسل بہتری، ٹیکس قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور ٹیکس نیٹ میں توسیع کے لیے اپنی کوششیں اور اصلاحات کا عمل جاری رکھے، شعیب نوشیروانی

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ڈیجیٹلائزیشن مکمل، ٹیکس انتظامیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے، دفتری امور میں بہتری اور کارکردگی میں اضافے کی جانب اہم پیش رفت ہے، حکام کی بریفنگ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ماہانہ کارکردگی جائزہ اجلاس میں محصولات کی وصولی، ادارہ جاتی اصلاحات، ٹیکس قوانین پر عملدرآمد اور ڈیجیٹل نظام کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان کاکڑ، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے ادارے کی مجموعی کارکردگی، محصولات کی وصولی اور جاری اصلاحاتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ اتھارٹی کی ڈیجیٹلائزیشن مکمل کرلی گئی ہے، جو ٹیکس انتظامیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے، دفتری امور میں بہتری اور کارکردگی میں اضافے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ مستقبل میں ٹیکس اسیسمنٹ کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت (AI) سمیت جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے امکانات کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد، نگرانی کے نظام کو بہتر بنانے اور شفافیت یقینی بنانے کے لیے اتھارٹی کے آڈٹ ونگ کو مزید مضبوط کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد ٹیکس تعمیل میں بہتری، مؤثر نگرانی اور ٹیکس انتظامیہ میں شفافیت کو فروغ دینا ہے۔ چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے جاری رجسٹریشن مہم کے حوالے سے بھی بریفنگ دی، جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ کاروباری اداروں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنا، محصولات کی بنیاد کو وسیع کرنا اور صوبے میں ٹیکس نظام کو مزید مؤثر اور شفاف بنانا ہے۔ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اتھارٹی کی کارکردگی اور اصلاحاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے محصولات کی وصولی میں مسلسل بہتری، ٹیکس قوانین پر مؤثر عملدرآمد اور ٹیکس نیٹ میں توسیع کے لیے کوششیں مزید تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے اس امر کی اہمیت اجاگر کی کہ جدید ٹیکنالوجی، مضبوط نگرانی اور بہتر انتظامی حکمت عملی کے ذریعے صوبائی محصولات میں اضافے اور ٹیکس نظام کی استعداد کار بہتر بنانے کے لیے مسلسل پیش رفت جاری رکھی جائے۔

چھتر کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد بھیڑ بکریاں چھین کر فرار

100 بھیڑ بکریاں چھیننے کے واقعے پر علاقے میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر کے علاقے سے درجنوں مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر بھیڑ بکریوں کا ریوڑ چھین کر اپنے ساتھ لے گئے ایک سو پانچ بھیڑ بکریاں چھیننے کے واقعے پر علاقے میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر پولیس تھانے کی حدود کوٹھ طاہر کوٹ اولہ میں گزشتہ روز درجنوں مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر گل شیر گولہ سے مبینہ طور پر ایک سو پانچ بکریاں و دیگر مویشی چھین کر فرار ہوگئے جن کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جارہی ہے واقعے کی اطلاع پر مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی جبکہ واقعے سے علاقے کے عوام میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ آن لائن کچہری میں صارفین کی شکایت معلوم کر رہے ہیں

کوئٹہ میں ہنرمندی کی نئی مہم کا آغاز، 240 سے زائد طالبات کی تربیت جاری

وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت 720 سے زائد نوجوانوں کو تربیت دینے کا منصوبہ، روزگار اور خود روزگاری پر توجہ مرکوز

نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھانے کے ساتھ ساتھ روزگار اور خود روزگاری کے مواقع پیدا کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان میں نوجوانوں کو بے روزگاری کے چیلنج سے نکالنے اور انہیں ہنرمند بنانے کے لیے کوئٹہ میں "یوتھ ووکیشنل اسکلز ٹریننگ پروگرام" کے نام سے فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے ایک نئے پروگرام کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے۔ یہ پروگرام وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر شروع کیا گیا ہے جبکہ مشیر وزیراعلیٰ برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید نے اس اقدام میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس کے علاوہ رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کی خصوصی کاوشیں بھی پروگرام کے آغاز میں شامل رہی ہیں۔ یوتھ ووکیشنل اسکلز ٹریننگ پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنا، ان کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ پروگرام کے تحت شہر کے نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں عملی تربیت دی جارہی ہے۔ طالبات کی بڑی تعداد شامل اس وقت 240 سے زائد طالبات اس پروگرام کا حصہ ہیں جو بیوٹیشن اور ہینڈ ایمبرائیڈری سمیت مختلف شعبوں میں عملی مہارتیں سیکھ رہی ہیں۔ تربیت کا مقصد طالبات کی صلاحیتوں کو نکھارنا اور انہیں اس قابل بنانا ہے کہ وہ مستقبل میں باعزت روزگار حاصل کرسکیں یا اپنا کاروبار شروع کرسکیں 720 سے زائد نوجوانوں کا ہدف ہے، منصوبے کے تحت کوئٹہ میں مجموعی طور پر 720 سے زائد نوجوانوں کو فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے گی۔ پروگرام میں نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھانے کے ساتھ ساتھ روزگار اور خود روزگاری کے مواقع پیدا کرنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ بااختیار بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہے، ماہرین کے مطابق فنی تعلیم نوجوانوں خصوصاً خواتین کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کا مؤثر ذریعہ ثابت ہوسکتی ہے۔ حکومت بلوچستان کا یہ اقدام طالبات کو بااختیار بنانے اور فنی تعلیم کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ اولین ترجیح، سی ای او کیسکو

کیسکو کی آن لائن کچہری، بجلی صارفین کی شکایات پر متعلقہ حکام کو احکامات جاری

بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی اور بجلی چوری کی نشاندہی میں صارفین تعاون کریں، کیسکو کی اپیل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ کی زیر نگرانی صارفین کی شکایات کے ازالہ کیلئے آن لائن کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں کیسکو کے چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) سید مظاہر حسین مشہدی، سپرنٹنڈنگ انجینئر (سینٹرل) سرکل عبدالناصر مندوخیل سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ آن لائن کچہری میں کوئٹہ شہر سمیت صوبے کے تمام آپریشن سرکلز کے مختلف علاقوں سے صارفین نے فون پر رابطہ کرکے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کو اپنے علاقوں کی بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات سے آگاہ کیا۔ جس کے ازالے کیلئے انہوں نے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ نے آن لائن کچہری میں صارفین سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کیلئے کیسکو کے تمام آپریشن سرکلز میں آن لائن کچہری کا انعقاد کیا جاتا ہے جس کا سب سے زیادہ فائدہ صارف کو حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس اقدام سے صارف کا مسئلہ کم سے کم وقت میں حل کیا جاسکتا ہے۔ اسکے علاوہ انہوں نے فون پر رابطہ کرنے والے تمام صارفین سے گزارش کی کہ وہ اپنے بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ذمہ بقایاجات بھی جمع کروائیں۔ اسکے علاوہ تمام صارفین اپنے اردگرد بجلی کے غیرقانونی استعمال کرنے والے بجلی چوروں کی نشاندہی کرنے میں بھی کیسکو سے تعاون کریں۔

اوتھل ہائر سیکنڈری اسکول میں اخلاقی کہانیوں کی کتاب خوانی کی سرگرمی

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل ضلع لسبیلہ میں طلبہ کی تعلیمی، اخلاقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے اخلاقی کہانیوں کی کتاب خوانی کے عنوان سے ایک مفید تعلیمی سرگرمی منعقد کی گئی۔ اس سرگرمی کا انعقاد اساتذہ حیدر علی اور محمد اکبر کی رہنمائی میں کیا گیا۔ سرگرمی کا بنیادی مقصد طلبہ میں مطالعے کا شوق پیدا کرنا، اخلاقی اقدار کو فروغ دینا اور ان کی زبان و بیان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا تھا۔ اس موقع پر اساتذہ نے طلبہ کو اخلاقی کہانیوں کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ایسی کہانیاں بچوں کی ذہنی نشوونما، کردار سازی اور مثبت سوچ پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ سرگرمی کے دوران طلبہ نے مختلف سبق آموز کہانیوں کا مطالعہ کیا اور ان میں موجود اخلاقی اسباق کو سمجھنے کی کوشش کی۔ کہانیوں میں سچائی، دیانت داری، بڑوں کا احترام، والدین و اساتذہ کی عزت، ضرورت مندوں کی مدد، محنت اور وقت کی پابندی جیسے موضوعات کو اجاگر کیا گیا۔

وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ کی میر علی حسن زہری سے ملاقات، مسائل پر تبادلہ خیال

جام گروپ اور پیپلز پارٹی مل کر حب کے عوامی مسائل حل کرنے میں کردار ادا کریں گے، میر علی حسن زہری

حب (این این آئی) اسلام آباد میں معروف قبائلی شخصیت و جام گروپ کے سینئر رہنما وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ نے اسلام آباد میں میر علی حسن زہری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈسٹرکٹ حب کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گڈانی کے عوامی مسائل اور ترقیاتی امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر میر علی حسن زہری کی جانب سے کہا گیا کہ وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ سیاست سے ہٹ کر میرے پرانے دوست بھائیوں میں سے ہے اور جام گروپ اور پیپلز پارٹی مل کر ڈسٹرکٹ حب کے عوامی مسائل حل کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گیمیر علی حسن زہری نے ملاقات میں گڈانی کے عوامی مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی گئی اور گڈانی کے نوجوانوں کو سرکاری نوکریاں دلوانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

مشیر محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی سے ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی، ڈاکٹر سید علی رضا شاہ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے سے عوام پر مالی بوجھ بڑھ گیا، سید امان شاہ

ایل پی جی 650 روپے فی کلو تک فروخت ہونے لگی، ناجائز منافع خوری عروج پر پہنچ گئی ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ایل پی جی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ صرف ایل پی جی مافیا نے صرف پانچ روز کے دوران عوام کی جیبوں سے کروڑوں روپے نکال لیے ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے قیمتوں پر قابو پانے اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ موسم کی تبدیلی اور سردی کی شدت میں اضافے کے باعث ایل پی جی کی کھپت بڑھ رہی ہے، جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے مختلف مقامات پر ایل پی جی 600 سے 650 روپے فی کلوگرام تک فروخت کی جارہی ہے۔ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی ضروریات زندگی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے پریشان ہیں، ایسے میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے نے غریب اور متوسط طبقے کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا مزید مشکل بنا دیا ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ عوام فی کلوگرام تقریباً 320 روپے اضافی قیمت ادا کرکے ایل پی جی خریدنے پر مجبور ہیں، جو ان کے مطابق عوام پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ گھروں میں کھانا پکانے کے لیے ایل پی جی استعمال کرنے والے شہریوں کے لیے یہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، خصوصاً ایسے خاندان جو گیس کی عدم فراہمی کے باعث متبادل ایندھن خریدنے پر مجبور ہیں۔

ایف آئی اے اسلام آباد کی کارروائی، گردے پیوندکاری کرنے والا منظم گروہ پکڑ لیا

ملزمان کسی قسم کی طبی ڈگری یا سند کے بغیر رہائشی مکانات میں گردوں کی پیوندکاری کرتے رہے

محمد قاسم ولد محمد عارف کو ڈونر رمضان ارشد ولد محمد ارشد کا گردہ 30 لاکھ میں غیر قانونی طریقے سے لگایا گیا تھا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی (HOTA) کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے پی ڈبلیو ڈی سوسائٹی، اسلام آباد میں چھاپہ مار کر غیر قانونی کمرشل گردے کی پیوندکاری کے ایک منظم گروہ کو پکڑ لیا۔ چھاپے کے دوران انکشاف ہوا کہ وصول کنندہ محمد قاسم ولد محمد عارف کو ڈونر رمضان ارشد ولد محمد ارشد کا گردہ غیر قانونی طریقے سے لگایا گیا تھا۔ کارروائی کے دوران تین ملزمان کو موقع پر گرفتار کرلیا گیا۔ جبکہ دیگر دو کو بعد ازاں گرفتار کیا گیا۔ عدالت نے گرفتار ملزمان کا سات روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کیا ہے۔ طریقہ واردات تحقیقات سے معلوم ہوا کہ وصول کنندہ نے گردے کی پیوندکاری کے عوض 30 لاکھ روپے نقد ادا کیے۔ ڈونر کا بندوبست ایجنٹوں نے کیا۔ ان ایجنٹوں نے ڈونر سے 4 لاکھ روپے دینے کا وعدہ کیا جس میں سے 3 لاکھ 40 ہزار روپے ڈونر کو اور 60 ہزار روپے تینوں ایجنٹوں میں کمیشن کے طور پر تقسیم ہونے تھے۔ یہ ملزمان کسی قسم کی طبی ڈگری یا سند کے بغیر رہائشی مکانات میں گردوں کی پیوندکاری کرتے رہے۔ پیوندکاری کے لیے ضروری ٹیشو ٹائپنگ، کراس میچ، HLA/PRA ٹیسٹ ایک ہسپتال سے ایجنٹوں کے ذریعے غیر قانونی طریقے سے کروائے جاتے تھے۔ چونکہ یہ ٹیسٹ صرف HOTA سے منظور شدہ قریبی رشتہ داروں کے لیے ہی کیے جاتے ہیں، اس لیے ملزمان ڈونر کے نمونے وصول کنندہ کے رشتہ داروں کے ناموں پر جعلی ریفرل خطوط کے ساتھ پیش کرتے تھے تاکہ معاملہ رشتہ دار ڈونر کا لگے۔ یہ پوری کارروائی ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون کی ہدایت اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد کی نگرانی میں انجام دی گئی۔ ایف آئی اے ٹیم میں سب انسپکٹر تابش جاوید، سب انسپکٹر شہریار، سب انسپکٹر احتشام کونڈل، اسسٹنٹ سب انسپکٹر سہیل احمد اور ایل ایف سی رباب شامل تھے HOTA کی جانب سے اسسٹنٹ آڈٹ آفیسر سردار عادل اور مانیٹرنگ آفیسر ہما کنول نے اس مشترکہ آپریشن میں حصہ لیا۔ باقی نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے جاری ہیں اور تفتیش آگے بڑھائی جارہی ہے۔ مقدمہ ایف آئی آر نمبر 202660 مورخہ 15 اکتوبر 2026 ٹرانسپلانٹیشن آف ہیومن آرگنز اینڈ ٹشوز ایکٹ 2010 کی دفعات 109 اور 11(a)(ii) زیر دفعہ 109/419/34 PPC درج کیا گیا ہے۔

مستحق خواتین کو مالی معاونت کی فراہمی، ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے جاری ہے، روبینہ خالد

ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو کی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی میں بات چیت

اسلام آباد (شاکر رحمان) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ممبران قومی اسمبلی علی قاسم گیلانی اور خورشید جونیجو نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خاندانوں کو مالی معاونت کی فراہمی، مستحق خواتین کے لیے سہولیات میں بہتری اور پروگرام کے جاری اقدامات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مستحق خواتین تک مالی امداد کی شفاف اور آسان فراہمی، ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ادائیگیوں کے نظام اور مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری کوششوں کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے مستحق خاندانوں کی معاونت اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروگرام کے کردار کو اجاگر کیا۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 23 اکتوبر 2026ء

انتظامی یونٹس، موثر بلدیاتی نظام اور اضافی وسائل کی ضرورت !!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مزید انتظامی یونٹس، موثر بلدیاتی نظام اور اضافی وسائل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش گورننس کے چیلنجز سے موثر طور پر نمٹنے، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر بنانے اور انتظامی امور کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے صوبے میں انتظامی ڈھانچے کو وسعت دینے، بلدیاتی نظام کو مستحکم کرنے اور وسائل میں اضافے کی اشد ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان کی انتظامی تنظیم نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قومی مباحثے میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی گفتگو کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ عوام کو بہتر خدمات فراہم کرنے کے لئے صرف حکومتی اداروں کی موجودگی کافی نہیں، بلکہ ان اداروں کی انتظامی رسائی، مالی وسائل اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگی بھی ناگزیر ہے۔ اگر حکومتی نظام عوام کے مسائل ان کے قریب جا کر حل نہیں کر سکتا تو اس کی افادیت محدود ہو کر رہ جاتی ہے۔ چنانچہ انتظامی ڈھانچے کی تشکیل نو، مقامی حکومتوں کی مضبوطی اور وسائل کی منصفانہ فراہمی کو ایک دوسرے سے الگ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ وطن عزیز پاکستان میں گورننس کا مسئلہ کئی دہائیوں سے زیر بحث ہے۔ مختلف حکومتوں نے انتظامی بہتری، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور عوامی خدمات کے معیار کو بلند کرنے کے دعوے کئے، لیکن ان کوششوں کے نتائج ہر علاقے میں یکساں نہیں رہے۔ آبادی میں اضافے، شہری پھیلاؤ، معاشی دباؤ اور عوامی ضروریات میں وسعت کے باعث انتظامی نظام پر بوجھ بڑھتا چلا گیا ہے۔ ایسے حالات میں یہ سوال پوری سنجیدگی سے اٹھانا ضروری ہے کہ کیا موجودہ انتظامی تقسیم اور حکومتی ڈھانچہ بدلتے ہوئے حالات کے تقاضے پورے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے؟ اگر اس کا جواب نفی میں ہے تو پھر اصلاحات سے گریز کرنے کے بجائے ان کے لئے قومی سطح پر قابل عمل راستہ تلاش کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گورننس کے موجودہ ماڈل کی تشکیل نو یا انہیں برقرار رکھنے کے حوالے سے جاری بحث کو مثبت پیش رفت قرار دیتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ ویسٹ منسٹر طرز جمہوریت کی کارکردگی اور انتظامی تقسیم کے موجودہ طریق کار کا جائزہ لیا جائے۔ جمہوری نظام کی اصل طاقت عوامی نمائندگی، جواب دہی، شفافیت اور مسائل کے حل میں مضمر ہے۔ اگر ان مقاصد کے حصول میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہوں تو نظام کے انتظامی پہلوؤں پر نظرثانی کرنا جمہوریت کو کمزور کرنے کے بجائے اسے مزید موثر بنانے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ بلوچستان کے تناظر میں یہ بحث خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ بلوچستان کو ایسے جغرافیائی اور انتظامی مسائل کا سامنا ہے جو ملک کے دیگر صوبوں سے نمایاں طور پر مختلف ہیں۔ یہاں دور دراز آبادیاں، طویل سفری فاصلے، دشوار گزار راستے اور بعض علاقوں میں بنیادی سہولیات تک محدود رسائی حکومتی ذمہ داریوں کو مزید پیچیدہ بناتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے پنجاب اور بلوچستان کے جغرافیائی فرق کی مثال دی ہے کہ پنجاب میں واہگہ سے راجن پور تک پہنچنے میں تقریباً چھ سے سات گھنٹے لگ جاتے ہیں جبکہ بلوچستان میں ایسے اضلاع بھی ہیں جن کے بیچ کا فاصلہ دس گھنٹوں کا ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اتنے وسیع رقبے پر پھیلے ہوئے صوبے کے تمام انتظامی معاملات کو ایک مرکزی مقام سے موثر انداز میں چلانا غیر معمولی مشکلات پیدا کرتا ہے۔ ضلعی اور مقامی سطح پر اختیارات، وسائل اور فیصلہ سازی کی صلاحیت محدود ہو تو عوام کو معمولی نوعیت کے مسائل کے حل کے لئے بھی طویل فاصلوں اور پیچیدہ سرکاری طریق کار کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسے میں انتظامی یونٹس میں اضافے کی تجویز کو محض نئی حدود کھینچنے یا مزید دفاتر قائم کرنے کا معاملہ نہیں سمجھنا چاہئے، بلکہ اسے حکومتی خدمات کی رسائی بہتر بنانے کے ایک وسیع منصوبے کے طور پر دیکھنا چاہئے۔ تاہم نئے انتظامی یونٹس کا قیام اسی وقت نتیجہ خیز ثابت ہو سکتا ہے جب اس کے ساتھ مطلوبہ مالی وسائل، تربیت یافتہ عملہ، ضروری بنیادی ڈھانچہ اور واضح اختیارات بھی فراہم کئے جائیں۔ محض کسی نئے دفتر یا انتظامی مرکز کا قیام عوامی مسائل کا خودکار حل نہیں بن سکتا۔ اگر وہاں وسائل کی کمی ہو، فیصلوں کے لئے اعلیٰ حکام کی منظوری درکار رہے اور عوامی شکایات کے ازالے کا موثر نظام موجود نہ ہو تو انتظامی تقسیم کے باوجود مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوں گے۔ اس لئے ضروری ہے کہ نئے یونٹس کے قیام سے قبل مقامی آبادی، فاصلے، آبادی کے پھیلاؤ، بنیادی سہولیات کی دستیابی اور انتظامی اخراجات کا جامع جائزہ لیا جائے۔ اس عمل میں مقامی ضروریات کو مرکزی اہمیت دی جائے تاکہ اصلاحات کاغذی کارروائی کے بجائے عملی بہتری کا سبب بن سکیں۔ اسی طرح موثر بلدیاتی نظام کی ضرورت بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے موقف کا بنیادی حصہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عوام کے روزمرہ مسائل کا براہ راست تعلق زیادہ تر مقامی سطح کے معاملات سے ہوتا ہے۔ پینے کے صاف پانی کی فراہمی، نکاسی آب، صفائی، مقامی سڑکوں کی تعمیر و مرمت، گلی محلوں کی بہتری اور دیگر بنیادی شہری و دیہی سہولیات کی فراہمی میں بلدیاتی ادارے کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اگر ان اداروں کو حقیقی اختیارات، مناسب فنڈز اور انتظامی خودمختاری حاصل ہو تو صوبائی حکومت پر غیر ضروری بوجھ کم کیا جا سکتا ہے اور عوام کے مسائل ان کے اپنے علاقوں میں حل ہونے لگتے ہیں۔ لیکن موثر بلدیاتی نظام کے لئے صرف انتخابات کا انعقاد کافی نہیں۔ بلدیاتی نمائندوں کو اختیارات دینے کے ساتھ مالی وسائل کی بروقت فراہمی، ادارہ جاتی صلاحیت میں اضافہ، شفافیت اور جواب دہی کو بھی یقینی بنانا ہوگا۔ اسی طرح انتظامی اصلاحات کا تیسرا اہم پہلو اضافی وسائل کی فراہمی ہے۔ کسی بھی صوبے یا انتظامی یونٹ سے بہتر کارکردگی کی توقع اسی وقت کی جا سکتی ہے جب اسے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لئے مناسب وسائل میسر ہوں۔ وسائل کی فراہمی کا معاملہ صرف مجموعی مالی تخصیص تک محدود نہیں ہونا چاہئے، بلکہ ان کی تقسیم میں آبادی، رقبے، پسماندگی، ترقیاتی ضروریات اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے عوامل کو بھی مناسب اہمیت دی جانی چاہئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے انتظامی تنظیم نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق بحث کو پارلیمنٹ میں لے جانے کی جو تجویز پیش کی ہے، وہ بھی خصوصی توجہ کی مستحق ہے۔ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس کے اثرات آئینی، سیاسی، معاشی اور انتظامی سطح پر مرتب ہوں گے۔ اس لئے اس پر فیصلے محدود حلقوں یا وقتی سیاسی مفادات کی بنیاد پر نہیں ہونے چاہئیں۔ سیمینارز، کانفرنسوں اور قومی مباحثوں میں مختلف آراء سامنے آنا یقیناً مفید ہے، لیکن ان مباحث کا اصل نتیجہ اس وقت نکلے گا جب انہیں پارلیمانی عمل کا حصہ بنایا جائے گا۔ پارلیمنٹ وہ فورم ہے جہاں منتخب نمائندے عوامی مینڈیٹ کے ساتھ قومی اہمیت کے معاملات پر بحث کر سکتے ہیں، مختلف صوبوں کے تحفظات سن سکتے ہیں اور وسیع تر اتفاق رائے کی بنیاد پر قابل عمل تجاویز مرتب کر سکتے ہیں۔

مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو: عزم، وفا اور مزاحمت کی لازوال داستان

قلم ضرار — ڈاکٹر ضرار یوسف

آج 23 اکتوبر 2026ء کو مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی پندرھویں برسی ہے۔ وہ ایک ایسی عظیم خاتون تھیں جنہوں نے اپنی زندگی کے بہترین ایام جمہوریت، عوامی حقوق اور پاکستان پیپلز پارٹی کی بقا کے لیے وقف کر دیے۔ ان کی زندگی محض ایک سیاسی رہنما کی داستان نہیں، بلکہ قربانی، وفا، استقامت اور آمریت کے سامنے سر نہ جھکانے کی ایک ایسی تاریخ ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ بیگم نصرت بھٹو نے جناب ذوالفقار علی بھٹو کی عدم موجودگی میں پاکستان پیپلز پارٹی کو متحد رکھنے، کارکنوں سے مسلسل رابطہ برقرار رکھنے اور پارٹی کو متحرک رکھنے کے لیے انتھک جدوجہد کی۔ قید و بند کی صعوبتیں، تشدد، ہراسانی اور سیاسی سازشیں بھی ان کے عزم کو متزلزل نہ کر سکیں۔ انہوں نے نہ صرف پارٹی کے اندر ہونے والی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا بلکہ جنرل ضیاء الحق کی ظالمانہ آمریت کے خلاف بھی بے مثال جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کیا۔ ان کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ پارٹی کارکنوں اور عام لوگوں کے ذاتی مسائل نہایت تحمل اور توجہ سے سنتیں اور انہیں حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتیں۔ وہ کارکنوں کے لیے محض ایک رہنما نہیں، بلکہ دکھ درد بانٹنے والی ایک شفیق ماں کی حیثیت رکھتی تھیں۔

نصرت اصفہانی 23 مارچ 1929ء کو اصفہان، فارس (موجودہ ایران) میں پیدا ہوئیں۔ ان کے والد اصفہان کے ایک امیر تاجر اور حریری خاندان سے تعلق رکھتے تھے، جبکہ ان کی والدہ کرد خاندان سے تھیں۔ ان کی پیدائش کے کچھ ہی عرصے بعد ان کا خاندان برطانوی ہندوستان منتقل ہو گیا۔ ابتدا میں ان کا خاندان بمبئی میں مقیم رہا اور بعد ازاں 1947ء میں تقسیم ہند اور قیام پاکستان کے زمانے میں کراچی منتقل ہو گیا۔ نصرت اصفہانی نے 1950ء میں کراچی یونیورسٹی سے گریجویشن مکمل کی۔ 8 ستمبر 1951ء کو ان کی شادی جناب ذوالفقار علی بھٹو سے ہوئی اور وہ بیگم نصرت بھٹو کہلائیں۔ وہ ذوالفقار علی بھٹو کی دوسری اہلیہ تھیں۔

ان کے چار بچے ہوئے:

1. محترمہ بے نظیر بھٹو
2. میر مرتضیٰ بھٹو
3. صنم بھٹو
4. میر شاہنواز بھٹو

شادی کے بعد انہوں نے اپنے شوہر کے سیاسی سفر میں بھرپور ساتھ دیا۔ ایوب خان کی آمریت ہو یا جنرل ضیاء الحق کا جابرانہ دور، وہ ہر کڑے وقت میں اپنے شوہر، پارٹی اور کارکنوں کے ساتھ کھڑی رہیں۔ ان کی سیاسی زندگی اس حقیقت کی گواہ ہے کہ جمہوریت کی جدوجہد صرف جلسوں اور تقریروں کا نام نہیں، بلکہ اس کے لیے ذاتی آسائشوں، سکون اور کبھی کبھی اپنے خاندان کی خوشیوں تک کو قربان کرنا پڑتا ہے۔

5 جولائی 1977ء کو جنرل ضیاء الحق نے فوجی بغاوت کے ذریعے جناب ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کا تختہ الٹ دیا اور انہیں مری ریسٹ ہاؤس میں نظر بند کر دیا۔ ضیاء الحق نے اکتوبر 1977ء میں عام انتخابات کروانے کا اعلان کیا، لیکن بعد ازاں اپنے اس اعلان سے منحرف ہو گیا۔ 29 جولائی 1977ء کو بھٹو صاحب کی رہائی کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے انتخابی امیدواروں کو ٹکٹ دینے کے لیے مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس پیر صفی الدین آف مکھڈ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اس وقت ڈاکٹر غلام حسین پارٹی کے جنرل سیکریٹری تھے۔

اجلاس کے دوران ڈاکٹر غلام حسین نے بھٹو صاحب سے سوال کیا: "اگر آپ کو گرفتار کر لیا گیا تو پارٹی کا چیئرمین کون ہوگا؟"

جناب ذوالفقار علی بھٹو نے جواب دیا: "میری گرفتاری کے بعد شیخ رشید پارٹی چیئرمین ہوں گے۔"

ڈاکٹر غلام حسین نے دوبارہ سوال کیا کہ اگر شیخ رشید بھی گرفتار ہو گئے تو پھر کیا ہوگا؟ بھٹو صاحب نے جواب دیا کہ اس کا فیصلہ شیخ رشید کریں گے۔ بعد ازاں لیفٹیننٹ جنرل فیض علی چشتی نے کوثر نیازی، مصطفیٰ کھر اور غلام مصطفیٰ جتوئی کو بلایا اور کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا آئندہ چیئرمین شیخ رشید نہیں ہونا چاہیے، بلکہ غلام مصطفیٰ جتوئی کو یہ ذمہ داری دی جانی چاہیے۔ اس تجویز کو آگے بڑھانے کے لیے سید محمد قائم حامد رضا گیلانی کی رہائش گاہ پر بھی اس موقف کے حامیوں کے اجلاس منعقد کیے گئے۔ یہ وہ نازک مرحلہ تھا جب پارٹی کی قیادت کا سوال محض ایک عہدے کا معاملہ نہیں رہا تھا، بلکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے مستقبل، اس کی خودمختاری اور آمریت کے خلاف اس کی جدوجہد کا اہم مسئلہ بن چکا تھا۔

بیگم نصرت بھٹو پارٹی کی چیئرپرسن کیسے بنیں؟ ستمبر 1977ء میں پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین شیخ رشید نے بیگم نصرت بھٹو کو لاہور بلایا۔ اسی دوران مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس فاروق لغاری کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں شیخ رشید نے بیگم نصرت بھٹو کو مخاطب کرتے ہوئے کہا: "چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی غیر حاضری میں مجھے بطور قائم مقام چیئرمین نامزد کیا ہے۔"

اس بات کی صاحبزادہ فاروق علی خان نے تائید کی۔ اس کے بعد شیخ رشید نے ایک مرتبہ پھر گفتگو کرتے ہوئے کہا:

"اب آرمی، ضیائی ٹولہ اور جاگیردار مل کر پارٹی کو یرغمال بنانے کی سازش کر رہے ہیں۔ لہٰذا اس سازش کو ناکام بنانے کے لیے میری تجویز ہے کہ قائم مقام چیئرمین کا عہدہ آپ سنبھال لیں۔" اجلاس میں پارٹی پالیسی اور اس پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے ایک کمیٹی بھی تشکیل دی گئی، جس کی سربراہی غلام مصطفیٰ جتوئی کے سپرد کی گئی۔ دو روز بعد شیخ رشید اور عبدالحفیظ پیرزادہ ڈسٹرکٹ جیل کوٹ لکھپت گئے، جہاں جناب ذوالفقار علی بھٹو قید تھے۔ انہوں نے پارٹی قیادت کے معاملے پر بھٹو صاحب سے مشاورت کی۔ بھٹو صاحب نے بیگم نصرت بھٹو کو پارٹی چیئرپرسن اور شیخ محمد رشید کو وائس چیئرمین مقرر کرنے کی منظوری دے دی۔ یوں بیگم نصرت بھٹو نے پارٹی کی قیادت اس وقت سنبھالی جب جمہوریت پر شب خون مارا جا چکا تھا، پارٹی کے بانی چیئرمین قید میں تھے اور آمریت ہر اس آواز کو خاموش کرنے کے درپے تھی جو عوام کے حق حکمرانی کی بات کرتی تھی۔ یہ منصب کسی اعزاز سے بڑھ کر ایک کٹھن ذمہ داری تھا۔ بیگم نصرت بھٹو نے اس ذمہ داری کو قبول کر کے ثابت کیا کہ وہ صرف ایک سیاسی رہنما کی اہلیہ نہیں، بلکہ اپنی ذات میں ایک مضبوط سیاسی کردار، ایک باہمت قائد اور جمہوریت کی وفادار سپاہی تھیں۔

بیماری، ذاتی صدمات اور زندگی کا آخری سفر: بیگم نصرت بھٹو 1982ء میں پھیپھڑوں کے کینسر میں مبتلا ہو گئیں اور علاج کے لیے بیرون ملک روانہ ہوئیں۔ بعد کے برسوں میں وہ الزائمر کی بیماری کا بھی شکار ہو گئیں۔ 1990ء کی دہائی کے وسط میں، بالخصوص 1996ء میں اپنے بیٹے میر مرتضیٰ بھٹو کی المناک شہادت کے بعد، وہ عوامی زندگی سے بتدریج کنارہ کش ہو گئیں۔ یہ ایک ایسی ماں کی زندگی کا دردناک باب تھا جس نے پہلے اپنے شوہر کو کھویا، پھر اپنے بچوں کے المناک انجام دیکھے اور اپنی زندگی کے آخری برسوں میں ایسی بیماری کا شکار ہوئیں جس نے ان کی یادداشت اور شعوری رابطے کو شدید متاثر کیا۔ ان کی بیماری اس حد تک بڑھ گئی تھی کہ وہ اپنی بیٹی محترمہ بے نظیر بھٹو کے قتل کی خبر سے بھی بے خبر رہیں۔ زندگی کے آخری ایام میں انہیں مسلسل طبی نگہداشت کی ضرورت رہی اور وہ وہیل چیئر پر رہیں۔ بالآخر 23 اکتوبر 2011ء کو دبئی کے ایک ہسپتال میں 82 برس کی عمر میں ان کا انتقال ہو گیا۔ اگلے روز ان کی میت ضلع لاڑکانہ میں ان کے آبائی گاؤں گڑھی خدا بخش پہنچائی گئی، جہاں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں انہیں بھٹو خاندان کے مزار میں اپنے شوہر اور بچوں کے پہلو میں سپرد خاک کیا گیا۔

مادرِ جمہوریت کی لازوال میراث: بیگم نصرت بھٹو کی زندگی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ حقیقی قیادت اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھنے کا نام نہیں، بلکہ آزمائش کی گھڑی میں اپنے اصولوں پر ثابت قدم رہنے کا نام ہے۔ انہوں نے آمریت کے سامنے جھکنے کے بجائے مزاحمت کا راستہ اختیار کیا، کارکنوں کا ساتھ نہیں چھوڑا اور پاکستان پیپلز پارٹی کو اس کے مشکل ترین دور میں سنبھالنے کی کوشش کی۔ ان کی زندگی کا ہر باب قربانی کی ایک داستان ہے۔ وہ ایک ماں تھیں، ایک شریک حیات تھیں، ایک سیاسی رہنما تھیں اور سب سے بڑھ کر جمہوریت کے لیے جدوجہد کرنے والی ایک ایسی خاتون تھیں جنہوں نے ذاتی دکھوں کو عوامی جدوجہد پر حاوی نہیں ہونے دیا۔ آج جب ہم مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو یاد کرتے ہیں تو ہمیں ان کی زندگی کے روشن پہلوؤں کے ساتھ ان قربانیوں کو بھی یاد رکھنا چاہیے جو انہوں نے جمہوریت، پارٹی اور عوام کے لیے دیں۔ تاریخ میں کچھ لوگ اپنے عہدوں کی وجہ سے نہیں، بلکہ اپنے کردار، حوصلے اور قربانیوں کی وجہ سے زندہ رہتے ہیں۔ بیگم نصرت بھٹو بھی ایسی عظیم شخصیات میں شامل ہیں۔ مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو سلام، جن کی جدوجہد، استقامت اور قربانیوں کی داستان آنے والی نسلوں کے لیے جمہوریت سے وفاداری اور آمریت کے خلاف مزاحمت کا پیغام رہے گی۔

کے پی اسمبلی کی بحالی کا دانہ

برملا — نصرت جاوید



چند ذاتی مسائل کی وجہ سے یہ کالم کئی دن لکھنے کی مہلت نہیں ملی۔ مل بھی جائے تو خود کو دہرانے سے گھن آتی ہے۔ قارئین کا وقت ضائع کرنے سے گریز کو ترجیح دیتا ہوں۔ سرکار کے دیے ڈیکلریشن کے تحت چھاپے اخبار کی واضح محدودات ہیں۔ اپنے ادارے کی جانچی بنا صحافی کی ذمہ داری ہے۔ خود کو ہیرو ثابت کرنے کی ہوس میں اسے سینکڑوں کارکنوں کے رزق کو خطرے میں ڈالنا نہیں چاہیے۔ کالم نگار کا لکھا تصویر سمیت چھپتا ہے۔ اسے کمپوز کر کے چھاپنے کے لئے تیار کرنے والے مگر مرتے دم تک گمنام رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ چھاپے خانے کے مزدور ہیں اور سب سے بڑھ کر اخبار فروش جو چھپے ہوئے اخبار کو آپ کے گھروں تک پہنچاتے ہیں۔ روزگار صحافت کا حصہ ہوتے ہوئے اپنی محدودات کا ادراک و اعتراف لازمی ہے۔ محدودات کو نگاہ میں رکھتے ہوئے بھی لیکن چند اہم واقعات کو تاریخی تناظر میں بیان کرنے کی کوشش کرتا ہوں تاکہ آج اٹھے چند کلیدی سوالات کے جواب تلاش کیے جا سکیں۔ دیرینہ قارئین کی اکثریت اس رویے کو سراہتے ہوئے حوصلہ بڑھاتی ہے۔ ارادہ آج بھی ایک سوال کو تاریخی تناظر میں اجاگر کرتا ہے۔ اس سے قبل مگر یاد دلانا ہوگا کہ خیبرپختونخوا کے معطل یا معزول ہوئے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی جانب سے اپنے قائد کی رہائی کے لئے اسلام آباد پر لانگ مارچ کا اعلان ہوا تو حسب عادت ملکی تاریخ میں ہوئے مختلف لانگ مارچوں کی تاریخ اس کالم میں بیان کی تھی۔ اس کے ذریعے نتیجہ یہ اخذ کیا کہ ماضی میں ہوئے تمام لانگ مارچ محلاتی سازشوں کی انتہا پر نمودار ہوئے تھے اور منزل مقصود پر پہنچنے سے قبل ہی انہوں نے اپنے اہداف حاصل کر لئے۔ "کامیاب" لانگ مارچوں کا ذکر کرتے ہوئے محض دو کو یاد رکھنا کافی ہوگا۔ پہلے لانگ مارچ کا اعلان محترمہ بے نظیر بھٹو کی جانب سے ہوا تھا۔ غلام اسحاق خان ان دنوں صدر پاکستان تھے۔ آئین کی آٹھویں ترمیم کے تحت انہیں قومی اسمبلی برطرف کرنے کا اختیار میسر تھا۔ اپریل 1993 میں مذکورہ اختیار کو بروئے کار لاتے ہوئے موصوف نے نواز شریف کی پہلی حکومت کو برطرف کر دیا۔ وہ برطرف ہوئی تو نسیم حسن شاہ کا سپریم کورٹ متحرک ہو گیا۔ روزانہ کی بنیاد پر سماعت کرتے ہوئے صدر کی جانب سے وزیراعظم اور قومی اسمبلی کی برطرفی کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے بحال کر دیا گیا۔ قومی اسمبلی بحال ہو جانے کے بعد بھی لیکن نواز شریف آبادی کے اقتدار سے ہمارے سب سے بڑے صوبے اور اپنے "سیاسی قلعہ" یعنی پنجاب کی حکومت حاصل نہ کر پائے۔ وہاں کے وزیراعلیٰ منظور وٹو "باغی" ہو گئے تھے۔ ان کا غلام اسحاق خان کی جانب سے گورنر پنجاب نامزد ہوئے چوہدری الطاف حسین نے ڈٹ کر ساتھ دیا۔ نواز شریف نے وزیراعظم کے منصب پر بحالی کے بعد پارلیمان کی مدد سے میاں اظہر مرحوم کو پنجاب کا کنٹرول سنبھالنے کے اختیارات فراہم کر دیے۔ قانونی اعتبار سے درست انداز میں اٹھایا یہ قدم بھی لیکن چوہدری الطاف کی کائیاں مزاحمت کے نتیجے میں وفاقی حکومت کی مشکلات دور نہ کر پایا۔ دریں اثناء محترمہ بے نظیر بھٹو نے الطاف حسین اور منظور وٹو کی معاونت کے سہارے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا اعلان کر دیا۔ سہیل آفریدی اگر لانگ مارچ کو بضد رہتے تو خیبرپختونخوا کے تیسرے وزیراعلیٰ ہوتے جو "اٹک کے اس پار سے" اسلام آباد پر "یلغار" کا تاثر دیتے نظر آتے۔ اس حوالے سے پہلی "یلغار" کے مناظر نواز شریف کے تیسرے دور اقتدار میں پرویز خٹک نے فراہم کئے تھے۔ بعد ازاں 2024 کے انتخابات کے بعد دو بار اسلام آباد کو علی امین گنڈاپور کے ذریعے "گھیرے" لگانے کی کوشش ہوئی۔ ان میں سے ایک بھی مرکزی حکومت کو جھکانے میں لیکن کامیاب نہ ہوئی۔ ان کے انجام کو ذہن میں رکھتے ہوئے بارہا اس کالم میں سہیل آفریدی کو متنبہ کرتا رہا کہ ان کی اسلام آباد آنے کی کاوش بھی کار بے سود ثابت ہوگی۔ کیونکہ میری کوتاہ بینی شہباز حکومت کے خلاف "محلاتی سازش" دریافت کرنے میں ناکام ہو رہی ہے۔ میرے صحافی دوستوں کی اکثریت ان دنوں سہیل آفریدی کو تحریک انصاف کی تمام مشکلات کا واحد ذمہ دار ٹھہرا رہی ہے۔ ملکی سیاست کا دیرینہ طالب علم ہوتے ہوئے سہیل آفریدی کی سیاست کے بارے میں ہزاروں تحفظات کے باوجود یہ لکھنے کو مجبور ہوں کہ جواں سال اور نسبتاً غیر تجربہ کار ہوتے ہوئے بھی آفریدی نے جبلی طور پر دریافت کر لیا کہ موصوف کی جماعت کے اکثر رہنما محض "اقتدار کے غازی" ہیں۔ وہ انہیں "افرادی قوت" فراہم کر نہیں سکتے اور خاطر خواہ اور پرجوش ہجوم کے بغیر اٹک سے پنجاب میں داخلہ سیاسی خودکشی ثابت ہوگی۔ اسلام آباد آمد کو لہٰذا اپنے صوبے کے مختلف شہروں میں جا کر وہ "سٹریٹ موومنٹ" کے نام پر ٹالتے رہے اور بالآخر گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی بدولت اپنی حکومت گنوا دی۔

ان کی معطلی کے باوجود خیبرپختونخوا کی 2024 کے انتخاب میں منتخب ہوئی صوبائی اسمبلی اب بھی غیر فعال ہونے کے باوجود برقرار ہے۔ اسے 90 دنوں بعد فعال بنایا جا سکتا ہے۔ قانونی بنیاد پر بحالی کی اس امید کو وفاقی حکومت ہوشیاری سے زندہ رکھے ہوئے ہے۔

یہ برین ڈرین کیا ہے؟

شہر یاراں — نجم ولی خان



شور مچا ہوا ہے کہ تین برسوں میں نو سے ہزار سے زیادہ اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی شہری روزگار کے لئے بیرون ملک جا چکے اور ادارے پاکستان کے انسانی ...

سفارتی حلقے میں ملاقاتیں اور بدلتی ہوئی دنیا

پیش نظر — محمد مہدی

ٹوکنگز: ووٹ ارلی

پیامبر — قادر خان یوسف زئی

لہروں پر لکھا امن کا عہد

سوچ و فکر — محمد محسن اقبال

ایران تجارت، چینی سرمایہ کاری اور معیشت

دسترس — میاں عمران احمد

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

کھلی کچہری، عوامی مسائل کے حل اور اعتماد کی بحالی کا موثر ذریعہ

تحریر: شبیر احمد

حب: پانی کی قلت کا خاتمہ، غیر قانونی کنکشنز منقطع

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس، پانی چوری اور غیر قانونی کنکشنز پر زیرو ٹالرنس

چمن: ڈی ای او کا غیر حاضر اساتذہ کو نوٹس، بہترین اساتذہ کو تعریفی خط

اوستہ محمد: ٹریفک سب انسپکٹر امداد حسین بیرو دیگر گاڑیوں سے سرچ لائٹس اتار رہے ہیں

اوستہ محمد: پولیس کی کارروائی، غیر قانونی سرچ لائٹس اور فینسی نمبر پلیٹس ضبط

ٹریفک پولیس کا شہر بھر میں کریک ڈاؤن، سیاہ شیشے والی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں چیک

فوری طور پر ہٹا دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور پولیس کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے ایک محفوظ اور منظم ٹریفک نظام کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔

کی روشنی میں ٹریفک سارجنٹ اوستہ محمد امداد حسین بیرو کی نگرانی میں ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے شہر کے مختلف داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی چیکنگ کی۔ اس دوران قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں سے سرچ لائٹس، فینسی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشے اتارے گئے، جبکہ متعدد گاڑی مالکان کے چالان

میں پیش کی جانے والی درخواستوں کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کیا جائے، متعلقہ افسران کو واضح ذمہ داریاں سونپی جائیں اور مقررہ مدت میں پیش رفت کا جائزہ لیا جائے۔ اس طرح نہ صرف شہریوں کے مسائل کے حل میں تیزی لائی جا سکتی ہے بلکہ عوامی اعتماد کو بھی مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ بلاشبہ ایک فعال، جواب دہ اور عوام دوست انتظامیہ ہی شہریوں کی توقعات پر پورا اتر سکتی ہے۔

حب: ڈی سی جمعہ داد مندوخیل منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تربت: اے سی کا متنازعہ اراضی کا معاملہ، معائنے کے بعد حل

ندیم اقبال کا گھنہ مزاری کا دورہ، سرکاری دستاویزات اور ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال

تمام زمین سے متعلق تنازعات کو قانون اور حقائق کی روشنی میں نمٹایا جائے گا

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اقبال سنگروکی نے گھنہ مزاری کہن میں متنازعہ اراضی کے دو مختلف معاملات کے سلسلے میں متعلقہ مقامات کا دورہ کیا اور دستیاب ریکارڈ و دستاویزات کا جائزہ لیا۔ پہلے معاملے میں متعلقہ دستاویزات اور ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد معاملے کو حل کر دیا گیا۔ دوسرے معاملے کے حوالے سے متعلقہ تحصیلدار کو ہدایت کی گئی کہ وہ دستیاب دستاویزات اور ریکارڈ کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد موقع کا معائنہ کریں اور اپنی رپورٹ پیش کریں تاکہ رپورٹ کی روشنی میں معاملے کو میرٹ اور قانون کے مطابق حل کیا جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ اراضی سے متعلق معاملات کو دستیاب ریکارڈ، حقائق اور قانونی تقاضوں کے مطابق نمٹایا جائے گا۔

موسیٰ خیل: پولیس کی کارروائی، سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

موسیٰ خیل (خ ن) ایس پی موسیٰ خیل کلیم اللہ کاکڑ کی ہدایات پر پولیس کی مفرور ملزمان و اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری ایس ایچ او محمد خان پولیس تھانہ صدر موسیٰ خیل نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مختلف مقامات پر چھاپے مار کر مقدمہ FIR No. 12/2022 بجرم 427، H-337(ii)، 379، 506(ii)، 147، 148، 149 تعزیرات پاکستان میں مطلوب اشتہاری ملزم لال جان ولد مالک، قوم معد وزئی کو گرفتار کر لیا ملزم کی گرفتاری کے بعد مزید تفتیش جاری ہے ایس پی موسیٰ خیل نے کہا کہ امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے پرعزم۔

بھاگ: سڑکوں کی خستہ حالی اور ابتر صفائی پر سول سوسائٹی کا تشویش

سول سوسائٹی کا شدید احتجاج، مین شاہراہیں اور بازار ٹوٹ پھوٹ کر کھنڈر بن چکے ہیں

میونسپل کمیٹی کی کارکردگی صفر، تعفن اور گندگی پھیلنے سے عوامی مسائل میں اضافہ ہو گیا ہے

بھاگ (یو این اے) بھاگ شہر کی سول سوسائٹی نے بھاگ شہر کی حالت زار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے شہر میں سڑکوں کا نام و نشان تک نہیں ہے جبکہ صفائی کی صورتحال ابتر ہونے کی وجہ سے شہری بے حد مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں سول سوسائٹی کا کہنا ہے کہ عرصہ دراز سے بھاگ شہر میں سڑکوں کی کوئی تعمیر و مرمت نہیں کی گئی جس کی وجہ سے سڑکیں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے خصوصا بازار کی مین شاہراہ میر اسماعیل خان چوک سے لے کر بھسان محلہ تک انتہائی خستہ ہو کر سڑک کا نام بھی مٹ چکا ہے جبکہ پیر صابر شاہ روڈ شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس سے شہری ان سڑکوں سے گزرتے ہوئے انہیں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ صفائی کی صورتحال بھی اس سے کچھ مختلف نہیں ہے ہر جگہ تعفن اور گندگی نے شہر کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے میونسپل کمیٹی اور بلدیاتی نظام سے شہری جس توقعات کا اظہار کر رہے تھے اس میں انہیں مایوسی کا سامنا کرنا پڑا ہے بلکہ شہر کی صورتحال پہلے سے بھی ابتر ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کی کارکردگی اگر اس طرح منفی رہی تو صورتحال مزید گمبھیر ہو جائے گی جبکہ چیف آفیسر بھی عرصہ دراز سے غیر حاضر ہیں۔

مولانا فضل الرحمن پر تنقید، مولانا عبداللہ جنگ کا سیاسی مخالفین کو جواب

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر قائد نصیر آباد مولانا عبداللہ جنگ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ قائد ملت اسلامیہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف زبان درازی کرنے والے نابالغ سیاسی ٹولہ اپنی حیثیت اور سیاسی اوقات یاد رکھیں، آج مختلف روپ میں چند ایسے عناصر میدان میں اتارے جا رہے ہیں جن کی اپنی کوئی قابل ذکر سیاسی شناخت اور عوامی جدوجہد نہیں یہ لوگ اپنے سیاسی آقاؤں کی خوشنودی کے لیے قومی قیادت کے خلاف بیان بازی کر کے اپنا قد بڑھانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، لیکن انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ قومی رہنماؤں کی توہین کر کے کوئی سیاسی مقام حاصل نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ ملتان میں منعقدہ مفتی محمود کانفرنس میں حضرت مولانا فضل الرحمٰن نے آئین کی بالادستی، جمہوریت کے تحفظ، عوامی حقوق اور مقتدرہ کی پالیسیوں کے حوالے سے جو دوٹوک اور جرأت مندانہ موقف اختیار کیا، اس نے مخالفین کی صفوں میں کھلبلی مچا دی ہے، یہی وجہ ہے کہ دلیل کا جواب دلیل سے دینے کے بجائے مختلف کرداروں کے ذریعے منفی بیان بازی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا

کوہلو: اے سی کا غیر حاضر ہیلتھ ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کا حکم

کوہلو (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر صبیح الحق کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں صحت کی سہولیات کی مجموعی صورتحال، سرکاری مراکز صحت کو درپیش مسائل اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ضلع کے مختلف مراکز صحت میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، عملے کی حاضری، طبی خدمات کی بہتری اور صحت کے شعبے کو درپیش مسائل پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر افسران کے فیلڈ وزٹس، مراکز صحت کی کارکردگی اور نگرانی کے نظام کا بھی جائزہ لیا گیا تاکہ صحت کی سہولیات کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کر کے ان کے موثر حل کے لیے اقدامات کیے جا سکیں۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کو درپیش مسائل، بالخصوص ادویات کی قلت اور دیگر انتظامی و طبی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

موسیٰ خیل: ویٹرنری کیمپ 1400 مویشیوں کی ویکسینیشن

موسیٰ خیل (خ ن) گزشتہ روز تحصیل کنگری میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی جانب سے صادر کردہ احکامات اور ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خان مجگ کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب سے علاقے کاردی کوچ میں ایک روزہ فری موبائل ویٹرنری کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ کی قیادت فیلڈ انچارج ڈاکٹر شیراز حسنی اور ان کی ٹیم نے کی، جبکہ انتظامی و دیگر امور کی نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک موسیٰ خیل ڈاکٹر غلام محمود نے کی فری موبائل ویٹرنری کیمپ کے دوران مال مویشی پال حضرات کو ان کی ویلفیئر پر مفت طبی اور حفاظتی مختلف بیماریوں میں مبتلا جانوروں کو اینٹی بائیوٹک سمیت ضروری ادویات بھی فراہم کی گئیں کیمپ کے دوران مویشیوں کو چیچڑوں اور بیرونی کیڑوں سے محفوظ رکھنے کے لیے اسپرے کیا گیا، جبکہ جانوروں کی صحت اور قوت مدافعت بہتر بنانے کے لیے ڈیورمنگ اور وٹامن ٹانک بھی فراہم کیے گئے محکمہ لائیو اسٹاک کے مطابق کیمپ میں مجموعی طور پر 1200 چھوٹے مویشیوں، جن میں بھیڑیں اور بکریاں شامل ہیں،

موسیٰ خیل: جوڈیشل کمپلیکس سے عوام کو فوری انصاف کی فراہمی ممکن ہوگی، ڈی سی

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خان مجگ نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج موسیٰ خیل کے ہمراہ تحصیل درگ میں تعمیر شدہ جوڈیشل کمپلیکس کا اہم دورہ کیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے جوڈیشل کمپلیکس کے مختلف شعبہ جات، عدالتوں اور عمارت کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او محکمہ مواصلات و تعمیرات حاجی احمد سعید جعفر نے جوڈیشل کمپلیکس کے تعمیراتی کام اور انتظامی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خان مجگ نے کہا کہ جوڈیشل کمپلیکس کی فعالی اور معیاری تعمیر سے عوام کو مقامی سطح پر انصاف کی فوری و آسان فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عمارت میں تمام درکار سہولیات اور انتظامات کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے تاکہ سائلین اور جوڈیشل عملے کو ہر ممکن سہولت میسر آ سکے دورے کے اختتام پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے بھی انتظامی اقدامات اور عمارت کے مجموعی انتظامات کا معائنہ کیا اور متعلقہ امور کا جائزہ لیا۔

نال: گرلز ہائی اسکول کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دیا جائے، پی ٹی سی ایم ایس

حاتم بلوچ کی قیادت میں وفد کا معائنہ، اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی سہولیات کا جائزہ

علاقے کی طالبات کو میٹرک کے بعد آگے تعلیم جاری رکھنے کے بہترین موقع ملیں گے

نال (آن لائن) پی ٹی سی ایم ایس کے ممبران اسد نور بزنجو، ڈی ایم او حاتم بلوچ، ایم ایل اے خالق بلوچ، یار محمد، عبدالحکیم اور رحمت اللہ مینگل نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول نال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسکول کی ہیڈ مسٹریس کے دفتر میں ملاقات کی اور تعلیمی امور سمیت اسکول کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران وفد نے اساتذہ کی حاضری چیک کی اور اسکول کو فراہم کیے گئے کلسٹر سامان کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسکول کے انتظامی و تعلیمی امور اور طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ بچیوں کی تعلیم کے فروغ اور تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے سرکاری تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی باقاعدہ حاضری، تدریسی سرگرمیوں کی موثر نگرانی اور تعلیمی وسائل کے درست استعمال کو اہم قرار دیا گیا۔ سرکاری اسکولوں کے مسائل کا بروقت حل اور تعلیمی سہولیات میں اضافہ طالبات کی بہتر تعلیمی کارکردگی کے لیے ضروری ہے۔ وفد نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول نال کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دیا جائے تاکہ نال اور گرد و نواح کی طالبات کو میٹرک کے بعد بھی اپنے علاقے میں انٹرمیڈیٹ کی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع میسر آسکیں۔ ہائر سیکنڈری کا درجہ ملنے سے طالبات کو مزید تعلیم کے حصول کے لیے دوسرے علاقوں کا رخ کرنے کی ضرورت کم ہوگی اور علاقے میں بچیوں کی اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ گرلز ہائی اسکول نال کے تعلیمی مسائل کے حل، ضروری سہولیات کی فراہمی اور اسکول کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دینے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ علاقے کی طالبات کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

حب: سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

صحبت پور: نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن

ایکسائز پولیس نے مختلف مقامات پر ناکہ بندیاں کر کے مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ تیز کر دی

غیر قانونی سرگرمیوں کی مکمل روک تھام اور قانون کی عملداری ہر صورت یقینی بنائی جائے گی

فرید آباد (آن لائن) نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہے ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کی روک تھام کے لیے کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ ایکسائز ای ٹی او صحبت پور آفتاب احمد کھوسہ سب انسپکٹر اشرف عظیم عمرانی کی سربراہی میں ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں ناکہ بندیاں کر کے مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ اور منشیات کی نقل و حمل کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ان کارروائیوں کا مقصد غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانا ہے اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایکسائز کے صوبائی وزیر محمد خان لہڑی ایکسائز ڈی جی مسعود محمد زمان کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں ایکسائز پولیس نے ناکہ بندی کر دی ہے نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کارروائی تیز کر دی گئی ہے

ژوب: صوبائی محتسب کی کھلی کچہری، شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیے

ضلع کونسل کرپشن، ادویات کی قلت اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف درجنوں درخواستیں موصول

ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ نے فوری انصاف کی فراہمی اور شفاف تحقیقات کی یقین دہانی کرائی

ژوب (آن لائن) صوبائی محتسب کی ہدایت پر ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی محتسب کے ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل مختلف محکموں کے افسران ڈی ای او شیخ موسیٰ خان مندوخیل، ایف سی کے میجر محمد ہاشم سپرنٹنڈنٹ جیل عبدالستار مندوخیل محکمہ جنگلات کے افسر سلطان محمود اعوان اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری میں شہریوں نے مختلف محکموں کے خلاف شکایات کے انبار لگا دیے شہریوں نے ضلع کونسل میں مبینہ کرپشن اور کمیشن ڈی ایچ کیو ہسپتال میں صحت کی سہولتوں اور ادویات کی عدم دستیابی شہر میں پانی کی قلت محکمہ پی ایچ ای کے منصوبوں محکمہ خزانہ میں بھرتیوں وانا، سمبازہ اور قمر الدین کاریز شاہراہ کی عدم تعمیر جبکہ بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف شکایات کرتے ہوئے ڈویژنل ڈائریکٹر کو تحریری درخواستیں پیش کیں اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر شیخ عصمت اللہ مندوخیل نے شہریوں کی شکایات غور سے سنیں اور یقین دہانی کرائی کہ موصول ہونے والی درخواستوں پر قانون اور متعلقہ قواعد کے مطابق کارروائی اور ان کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی محتسب کا ادارہ عوام کو سرکاری محکموں کی بدانتظامی، اختیارات کے ناجائز استعمال، غیر ضروری تاخیر اور دیگر انتظامی بے ضابطگیوں کے خلاف شکایات کے ازالے کا موثر فورم فراہم کرتا ہے۔ ادارے کا مقصد شہریوں کو مفت اور فوری انصاف کی فراہمی، سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری اور عوامی مسائل کا شفاف انداز میں حل یقینی بنانا ہے۔ کھلی کچہریوں کے انعقاد سے شہریوں کو اپنی شکایات براہ راست حکام تک پہنچانے کا موقع ملتا ہے، جبکہ متعلقہ محکموں کو مسائل کے حل کے لیے جواب دہ بنایا جا سکتا ہے۔

صوفیائے کرام کی تعلیمات، امن و محبت کے فروغ کا موثر ذریعہ ہے، خالد سلطان

سبی (اے این این) ممبر اسلامی نظریاتی کونسل جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ و جماعت الصالحین پاکستان کے قائد الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری سروری نے کہا ہے کہ پیر بوالان و میران الحاج حضرت فیض سلطان القادری سمیت دنیا بھر کے صوفیاء کرام نے ہمیشہ انسانیت کی خدمت کو اپنا مقصد بنایا اور امن امان کے قیام اسلام کی سربلندی میں اہم رول پلے کیا ان کی تعلیمات ہم سب کے لیے مشعل راہ ہے سندھ کی عظیم صوفیاء اکرام کی دھرتی میرپور ماتھیلو میں 22 نومبر کو روحانی اجتماع و یار سول اللہ ﷺ کے دنیا کو امن کا پیغام دے گی عوام اہل سنت اس عظیم الشان پر وقار تقریب کو کامیاب بنانے میں اپنا رول پلے کریں ان خیالات کا اظہار انہوں روحانی اجتماع و یار سول اللہ ﷺ کانفرنس کی تیاریوں کے حوالے سے مریدین عقیدت مندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر، مرکزی ناظم اعلیٰ جماعت الصالحین پاکستان و سابق چیئرمین ڈسٹرکٹ زکوٰۃ و عشر کمیٹی جعفر آباد صاحبزادہ پیر سکندر سلطان القادری، صوبائی صدر بلوچستان صاحبزادہ پیر سلطان محمد حیات قادری، مرکزی صدر یوتھ ونگ جماعت الصالحین پاکستان صاحبزادہ پیر تیمور سلطان القادری، جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل باہو فورس کے کمانڈر میر عبدالرحمان لہڑی میڈیا کوآرڈینیٹر خلیفہ ذوالفقار علی سلطانی، خلیفہ ارشد سلطانی، خلیفہ نذیر سلطانی جماعت الصالحین پاکستان کے میڈیا سیل کے ممبران حاجی سعید الدین طارق، سید طاہر علی کے علاوہ کوئٹہ اوستہ محمد جیکب آباد ڈیرہ مراد جمالی کے کارکنان مقامی عہدیداروں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ و جماعت الصالحین پاکستان کے قائد الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری سروری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔

اوستہ محمد: ڈی سی کا کھلی کچہری، شکایات اور ترقیاتی منصوبوں کی رفتار کا جائزہ

رمضان پلال کی صدارت میں اجلاس، عوامی مسائل کا پائیدار حل یقینی بنائیں

ترقیاتی منصوبوں میں کوالٹی پر سمجھوتہ کیے بغیر کام مقررہ وقت میں مکمل کریں، اجلاس سے خطاب

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ہفتہ وار ریویو اجلاس منعقد ہوا جس میں کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات کے پائیدار حل اور بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹیو کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مسائل کے فوری حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ہفتہ وار ریویو اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر استا محمد ماریہ شمعون، سمیت متعلقہ افسران نے شرکت جس میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی جانب سے پیش کی گئی شکایات ان کے ازالے کے لیے متعلقہ محکموں کی جانب سے کیے گئے اقدامات اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے کیے گئے اقدامات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اجلاس کے دوران بجلی گیس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی شہری سہولیات سے متعلق شکایات زیر بحث آئیں متعلقہ افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کھلی کچہری میں شہریوں کی جانب سے پیش کی گئی شکایات کے ازالے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اقدامات کیے گئے ہیں اور مختلف مسائل کو حل کرنے کے لیے متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں

صحبت پور: بیٹے کے قتل کی شفاف تحقیقات اور انصاف فراہم کیا جائے، محمد نواز گاجانی

صحبت پور (آن لائن) چند روز قبل قبائلی تنازعے کی وجہ سے مسلح افراد کے ہاتھوں قتل ہونے والے محمد نعیم گاجانی کے والد محمد نواز گاجانی نے تعزیت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او صحبت پور سے مطالبہ کیا میرے نوجوان بیٹے کو پینور سبزی بھرے بازار میں قتل کیا گیا جسکی ایف آئی آر پولیس تھانہ پینور سبزی میں 4 ملزمان پر داخل ہوئی ہے جن 3 ملزمان گرفتار ہیں اور ایک روپوش ہو گیا ہے میرے بیٹے کے قتل کی اعلیٰ سطحی شفاف طریقے سے انکوائری اور تحقیقات کرائی جائیں اور میرے بیٹے کے قتل پر مجھے انصاف فراہم کیا جائے

اظہار تعزیت

چمن (اے این این) جمعیت علماء اسلام تحصیل صدر چمن کے رکن مجلس شوریٰ اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ صالح زئی قوم کے معروف شخصیت محترم کمال الدین صالح زئی ولد حاجی نیاز محمد کی وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کمال الدین صالح زئی مرحوم کے انتقال سے ان کے اہل خانہ، عزیز و اقارب اور متعلقین ایک عظیم صدمے سے دوچار ہوئے ہیں۔ مرحوم کمال الدین صاحب، حاجی جمال الدین، حاجی صلاح الدین، مرحوم امان الدین، نور الدین، علاؤالدین اور شراف الدین کے بھائی تھے جبکہ حاجی رئیس غفار، مرحوم عبدالصمد، حاجی عبدالستار، عبدالبکار اور محمد داد کے چچازاد بھائی تھے۔ مرحوم محکمہ تعلیم کے آر ٹی ایس ایم ٹو فیسر ولی خان اچکزئی صاحب کے چچا بھی تھے۔ اس افسوسناک موقع پر میں تمام سوگوار خاندان بالخصوص مرحوم کے بھائیوں، عزیز و اقارب اور ولی خان اچکزئی سے دلی تعزیت کیا

صحبت پور: زین العابدین کٹبار اتحاد، خدمت اور خلوص کی علامت ہے، عمران کٹبار

پنجی پور (افتخار عباسی) معروف سماجی رہنما میر عمران خان کٹبار نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہم ضلع صحبت پور کے باشعور نوجوان اس بات کا اعادہ کرتے ہیں کہ زین العابدین کٹبار کی شخصیت ہمارے لیے اتحاد، خدمت اور خلوص کی علامت ہے۔ جناب زین العابدین کٹبار نے ہمیشہ قوم و برادری کے مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دی ہے۔ ان کا ہر قدم نیک نیتی، ہر فیصلہ انصاف اور ہر عمل خدمت خلق پر مبنی ہوتا ہے۔ اس لیے ہم اعلان کرتے ہیں کہ جناب زین العابدین کٹبار کے حق میں، ان کے ہر نیک کام میں، ہر محاذ پر ہم نوجوان آپ کے ساتھ ہیں۔ ہم ہر مشکل گھڑی میں، ہر اچھے فیصلے میں، اور قوم کی فلاح کے ہر مشن میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

اظہار لاتعلقی

... خ نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا میر اور میرے دیگر اہل خانہ کا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہوگا

R.No...........63933

اطلاع عام

پلاٹ نمبر SA.147 رقبہ 300 فٹ واقع بس اڈہ ہزارگنجی کوئٹہ جو کہ بنام محمد حیات ولد خان محمد سے سید عادل شاہ ولد سید تجمل شاہ کے نام پر ٹرانسفر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No...........63935

اطلاع عام

پلاٹ نمبر 1-10B رقبہ 450 مربع فٹ واقع زرغون ہاؤسنگ سکیم کوئٹہ شاہ اللہ ولد جلندر خان کے نام پر ہے کی ٹرانسفر عادل خالد ولد محمد خالد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

مصطفیٰ کیو ڈی اے ....

اطلاع عام

پلاٹ نمبر 3-25B رقبہ 450 مربع فٹ واقع زرغون ہاؤسنگ سکیم کوئٹہ امتیاز احمد ولد احمد خان کے نام پر ہے کی ٹرانسفر عادل خالد ولد محمد خالد کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

مصطفیٰ کیو ڈی اے ....

تلاش گمشدہ

میری گاڑی نمبر NAE 852 چیسز نمبر TSD401267631 انجن نمبر HD7CE52412 سیریل نمبر CO240665 بنام عبدالرشید بلوکیت اکوازی کہیں گم ہوگئی ہے ملنے پر قریبی پولیس تھانہ پہنچا دیں

نمائندہ میری اڈہ ....

بعدالت تحصیلدار اوستہ محمد

اشتہار نیلامی جائیداد

نیشنل بینک آف پاکستان برانچ اوستہ محمد بنام MS نور رائس مل نیلامی جائیداد خسرہ نمبر 148/3,4 من رقبہ تعدادی قطعہ 2 رقبہ تعدادی 4 ایکڑ 3 گھنٹہ واقع دیہہ صدر واستہ سرکل صدر واستہ تحصیل اوستہ محمد بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجراء نمبر 72/2020 مقدمہ نمبر 1/2020 نمبر اور اجراء نمبر 73/2020 مقدمہ نمبر 2/2020 محررہ 12/10/2026 بعدالت جناب جج صاحب بینکنگ کورٹ بلوچستان بمقام ڈیرہ اللہ یار نیشنل بینک آف پاکستان برانچ اوستہ محمد MS نور رائس مل وغیرہ نیلامی کی جائے گی لہذا خواہشمند حضرات کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 29/10/2026 کو دفتر تحصیلدار اوستہ محمد حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے کر بولی دیں اشتہار ہذا آج مورخہ 20/10/2026 کو میرے دستخط مہر سے جاری کیا گیا ہے

نمائندہ نصیر آباد

تصحیح اشتہار

بحوالہ اشتہار PRQ No .2005 مورخہ 21-10-2026 ادارہ برائے امراض گردہ و مثانہ بلوچستان کوئٹہ (BINUQ) میں سٹاف نرسز کی آسامیوں کیلئے درخواستیں دیے گئے لنک https://jobs.hrmishealth.com کے ذریعے آن لائن جمع کروائیں (Establishment /HR Deptt; BINUQ) میں ذاتی طور پر ڈاک درخواستیں وصول نہیں کی جائیں گی۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر ادارہ برائے امراض گردہ و مثانہ بلوچستان کوئٹہ (BINUQ)

PRQ No2010/22-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

WRITTEN TEST

All the Eligible candidates, who have applied for the following posts vide PRQ No.3419/22-01-2026 are hereby directed to appear for written test as per following schedule:

S. No.	Name of Post	Test date & day	Examination Venue & Time
01.	Assistant Protocol Officer (BPS-16)	29.10.2026 (Thursday)	Time: 03:00 p.m. Parking Area infront of Facilitation Centre, High Court of Balochistan, Hali Road Quetta
02.	Assistant (BPS-16)	30.10.2026 (Friday)	
03.	Junior Clerk (BPS-11)	31.10.2026 (Saturday)	Serial No. 01 to 2500 Time: 10:00 a.m. Serial No. 2501 to 5778 Time: 03:00 p.m. Parking Area infront of Facilitation Centre, High Court of Balochistan, Hali Road Quetta

The Lists of Eligible/Ineligible Candidates is available on Notice Board and official website of High Court of Balochistan (www.bhc.gov.pk).
Candidates shall bring their original CNIC.
Candidates are not allowed to bring Cell Phone or any other Electronic Devices.
Candidates are directed to bring their own Pen and Writing Board.

ADDITIONAL REGISTRAR
ADMINISTRATION
HIGH COURT OF BALOCHISTAN, QUETTA.

PRQ No.2009/22-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت نائب تحصیلدار صدر / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم تحصیل صدر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حبیب اللہ ولد ولی محمد قوم کاکڑ ساکن دیہہ وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کیلئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے جائیداد بذریعہ انتقال نمبر 402 محال ... واقع ہے شرعی فتویٰ کے مطابق متوفی حبیب اللہ کے پسماندگان میں 1۔ گل بشریٰ بیوہ 2۔ نوید خان کاکڑ 3۔ عمران خان کاکڑ 4۔ فرید خان پسران حبیب اللہ قوم کاکڑ ساکنہ دیہہ جائز وارثان ہیں ان کے علاوہ متوفی کا دیگر کوئی جائز وارث اور ورثاء ہے لہذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کو پیش کریں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 22/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63936

بعدالت تحصیلدار اوستہ محمد

اشتہار نیلامی جائیداد

نیشنل بینک آف پاکستان برانچ اوستہ محمد بنام M/S سیف اینڈ کمپنی رائس مل نیلامی جائیداد و رائس مل نمبر 780 رقبہ تعدادی 1454 مربع فٹ واقع محراب پور اوستہ محمد بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجراء نمبر 85/2017 مقدمہ نمبر 34/2017 محررہ بعدالت جناب جج صاحب بینکنگ کورٹ بلوچستان بمقام ڈیرہ اللہ یار نیشنل بینک آف پاکستان برانچ اوستہ محمد بنام M/S سیف اینڈ کمپنی رائس مل وغیرہ نیلامی کی جائے گی لہذا خواہشمند حضرات کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 28/10/2026 کو دفتر تحصیلدار اوستہ محمد حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے کر بولی دیں اشتہار ہذا آج مورخہ 20/10/2026 کو میرے دستخط و مہر سے جاری کیا گیا ہے

نمائندہ نصیر آباد

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر E-17 شہباز ٹاؤن فیز II کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق بالترتیب 1۔ محمد داؤد خالد 2۔ حسن خالد 3۔ عبداللہ خالد 4۔ سنبل خالد مالک ہیں اور اب مذکورہ جائیداد کو بذریعہ سیل ڈیڈ مسمی گل زمان ولد حاصل خان کو فروخت کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا

مشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی

63928

بعدالت تحصیلدار اوستہ محمد

اشتہار نیلامی جائیداد

نیشنل بینک آف پاکستان برانچ اوستہ محمد بنام M/S ہیرا اینڈ کمپنی وغیرہ

نیلامی جائیداد و دکانات نمبر 780/21.3، 780/21.4، 780/21.5، 780/21.2 رقبہ تعدادی 980 مربع فٹ اور دکانات نمبر 780/12.4، 780/12.5، 780/12.6، 780/12.1، 780/12.2، 780/12.3 رقبہ تعدادی 1349 مربع فٹ اور دکانات نمبر 780/1.1.4.2، 780/1.1.4.1، 780/12.6 رقبہ تعدادی 1620 مربع فٹ اور دکانات نمبر 780/18، 780/17، 780/16، 780/15 رقبہ تعدادی 114 مربع فٹ اور دکانات نمبر 780/1.1.4.1 رقبہ تعدادی 840 مربع فٹ واقع محراب پور اوستہ محمد بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اجراء نمبر 86/2017 مقدمہ نمبر 46/2017 محررہ بعدالت جناب جج صاحب بینکنگ کورٹ بلوچستان بمقام ڈیرہ اللہ یار نیشنل بینک آف پاکستان برانچ اوستہ محمد بنام M/S سیف اینڈ کمپنی رائس مل وغیرہ نیلامی کی جائے گی لہذا خواہشمند حضرات کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 28/10/2026 کو دفتر تحصیلدار اوستہ محمد حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے کر بولی دیں اشتہار ہذا آج مورخہ 20/10/2026 کو میرے دستخط و مہر سے جاری کیا گیا ہے

نمائندہ نصیر آباد

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ XI گیارہ جج صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 52/26 (دعویٰ دیوانی) تاریخ سماعت 26/10/2026

حاجی محمود خان ولد حاجی گل شاہ خان سکنہ تحصیل چمن ڈسٹرکٹ قلعہ عبداللہ موجود پتہ کوئٹہ بنام

1۔ سید نجیب اللہ ولد سید محمد حسن قوم سید سکنہ میر احمد خان روڈ نہال سنگھ سٹریٹ کوئٹہ 2۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر ETO موٹر رجسٹریشن اتھارٹی محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن HEC بلڈنگ کے ساتھ سروس روڈ سیکٹر H-9 اسلام آباد

اشتہار بنام 1۔ سید نجیب اللہ ولد سید محمد حسن قوم سکنہ میر احمد خان روڈ نہال سنگھ سٹریٹ کوئٹہ: ہرگاہ ایک دعویٰ دیوانی مدعی نے تمہارے خلاف دائر کیا ہے جو کہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی تاریخ سماعت 26/10/2026 کو مقرر ہو چکی ہے جس میں تم مدعا علیہان عدالتی نوٹس لینے سے دیدہ دانستہ گریزاں ہو اور ٹال مٹول سے کام لے رہے ہو لہذا تمہیں بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ / دعویٰ دیوانی کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور یکطرفہ فیصلہ دیا جائے گا اس بابت تاکید جانیں آج بتاریخ 8/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

63934

بعدالت چل خان سیلاچی تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل جاندران ضلع کوہلو

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی نعمت اللہ ولد حمید اللہ ساکنان ہوسزی نے تحریری طور پر گزارش ہے کہ موضع وار یزنی تحصیل جاندران ضلع کوہلو زیر کھاتہ کھتونی 4 / 4 قطعات 7 کل تعدادی رقبہ R93-P39 خسرہ سیلابی کل چار 4 حصہ درج ریونیو ریکارڈ میں متوفی ہمارے دادا کرم خان ولد لعل خان قوم زرکون جماترکی ساکن ہوسزی بعد درج ہے متوفی مذکورہ کا اولاد نرینہ میں واحد ایک بیٹا حمید اللہ تھا، جس میں ہمارے دادا کرم خان اور اس کا بیٹا حمید اللہ بروئے بتقاضائے الٰہی فوت ہو چکے ہیں متوفی کرم خان اور حمید اللہ کے پسماندگان میں سے بروئے شرعی فتویٰ جامعہ حدیقۃ العلوم کوہلو بلوچستان (مفتی کریم بخش) اولاد نرینہ میں سے نعمت اللہ، رحمت اللہ، احسان اللہ پسران حمید اللہ ساکنان ہوسزی بحصہ برابر کے جائز وارث قرار پائے ہیں اور انتقال وراثت بحق نعمت اللہ وغیرہ ہے مذکورہ درج کرنا مطلوب ہے اس بابت اشتہار روزنامہ مشرق اخبار میں تشہیر کیا جاتا ہے کہ کسی بھی شخص یا حصہ دار و ادارہ کو کسی بھی قسم کا عذر و اعتراض ہو تو 15 دن کے اندر اندر زیر دستخطی کو زبانی یا تحریری پیش کرے بعد از معیاد اشتہار کسی بھی قسم کا عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت کی تصدیق / کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج اشتہار مورخہ 19/10/2026 کو میرے دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ کوہلو

Annual Rate Of Contracting Notice

The Procuring Agency for Works invites applications from eligible Applicants for supply of following items. Annual Rate Of Contracting Notice TSE-26271012 13943 **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. 1. Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. 2. Eligibility of Applicants:** Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Applicants:**

S.No	Factor Descriptions
1	No Prior Experience is Required
2	There is No Requirement of Turn Over
3	Presence in Active Tax Payer List
4	Registration with BRA
5	PEC/DRAP/PTA etc
6	Capabilities with respect to construction or manufacturing
7	Capabilities with respect to personal, equipment and plant

Annual Rate Of Contracting Documents: The Annual Rate Of Contracting documents can be obtained from the office of the undersigned In the form of: (The NIP & Annual Rate Of Contracting Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk) **Issuance of Annual Rate Of Contracting Documents:** From the date of publication of NIP to 04 November, 2026 12:30 PM from office hours on working days **Last Date of Application submission:** The Annual Rate Of Contracting must be submitted latest by 04 November, 2026 till 11:30 AM at the office of the undersigned. **Annual Rate Of Contracting Opening:** All Annual Rate Of Contracting will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:30 PM **Address:** Chaman 8. Pre-Qualification Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). 9. Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by 04 November, 2026 till 11:30 AM . 10. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:30 PM

Chief Officer
Municipal Corporation Chaman

DAB/AB No.452/22-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ مشرق کوئٹہ — اسپورٹس

سہ ملکی سیریز، انگلینڈ نے رنز کا پہاڑ کھڑا کر دیا، سری لنکا کو 430 کا ہدف
ہیری بروک کی تاریخ ساز ڈبل سنچری

سری لنکا نے ٹاس جیت کر انگلینڈ کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی جس کے بعد انگلش ٹیم نے دیکھتے ہی دیکھتے سری لنکا کے سامنے رنز کا پہاڑ کھڑا کرنا شروع کر دیا، 74 رنز کی اوپننگ شراکت

انگلینڈ کے خلاف سری لنکن باؤلرز شروع سے ہی دباؤ کا شکار رہے، ہیری اور ول جیکس نے جارحانہ انداز اپنائے رکھا، جو روٹ 8 ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے انگلش بلے باز بن گئے

جو روٹ 69 رنز بنا کر آؤٹ، سب سے شاندار اور بیک وقت کئی عالمی ریکارڈز کی حامل اننگز ہیری بروک نے کھیلی، بروک نے 116 گیندوں پر ون ڈے انٹرنیشنل کی تیز ترین ڈبل سنچری بنائی

ہیری بروک نے پہلی سنچری 75 گیندوں پر بنائی، سنچری سکور کرنے کے بعد جارحانہ انداز سے کھیل آگے بڑھاتے ہوئے اگلے 39 گیندوں پر دوسری سنچری بھی بنا ڈالی، جو عالمی ریکارڈ ہے

انگلش کپتان ون ڈے کرکٹ میں انگلینڈ کی جانب سے سب سے بڑی انفرادی اننگز کھیلنے والے بلے باز بن گئے، وہ انگلینڈ کے پہلے کپتان ہیں جنہوں نے ون ڈے کرکٹ میں ڈبل سنچری بنائی

کوئٹہ (سپورٹس ڈیسک) سہ ملکی سیریز کے تیسرے میچ میں انگلینڈ نے سری لنکا کو جیت کے لیے 430 رنز کا ہدف دے دیا۔ راولپنڈی میں کھیلے جارہے میچ میں سری لنکا نے ٹاس جیت کر انگلینڈ کو پہلے بیٹنگ کرنے کی دعوت دی۔ جیمی اسمتھ (50) اور بین ڈکٹ (29) نے 74 رنز کی اوپننگ شراکت قائم کی۔ 85 کے مجموعی اسکور پر دونوں اوپنرز کے پویلین لوٹنے کے بعد جو روٹ نے کپتان ہیری بروک کے ہمراہ چوتھی وکٹ کے لیے 159 رنز کی شراکت قائم کی۔ جو روٹ 69 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ اس دوران وہ ون ڈے کرکٹ میں آٹھ ہزار رنز مکمل کرنے والے پہلے انگلش بلے باز بھی بن گئے۔ روٹ کے آؤٹ ہونے کے بعد ہیری بروک نے ول جیکس کے ہمراہ جارحانہ انداز اپناتے ہوئے رنز کی رفتار بڑھائی اور اسکور کو مقررہ 50 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 429 تک پہنچا دیا۔ ہیری بروک نے صرف 114 گیندوں پر ون ڈے کرکٹ کی تیز ترین ڈبل سنچری اسکور کی۔ وہ انگلینڈ کی جانب سے ون ڈے میں ڈبل سنچری کرنے والے پہلے بلے باز بن گئے۔ وہ 202 رنز بنا کر میچ کی آخری گیند پر آؤٹ ہوئے جبکہ ول جیکس 30 گیندوں پر 66 رنز بنا کر ناقابل شکست رہے۔ سہ ملکی ون ڈے سیریز کے تیسرے میچ میں انگلینڈ کے کپتان ہیری بروک نے کئی ریکارڈ توڑ دیے۔ سیریز کے تیسرے میچ میں ہیری بروک نے سری لنکا کے خلاف صرف 116 گیندوں پر ڈبل سنچری بنا کر ون ڈے انٹرنیشنل کی تیز ترین ڈبل سنچری کا ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ انہوں نے بھارت کے شبمن گل کا ریکارڈ توڑا، جنہوں نے 30 جنوری 2026 کو ویسٹ انڈیز کے خلاف 117 گیندوں پر ڈبل سنچری بنائی تھی۔ ہیری بروک نے 75 گیندوں پر سنچری مکمل کی اور اگلی 39 گیندوں پر ڈبل سنچری بنا ڈالی۔ ان کی اننگز میں 21 چوکے اور 10 چھکے شامل تھے۔ انگلش کپتان ون ڈے کرکٹ میں انگلینڈ کی جانب سے سب سے بڑی انفرادی اننگز کھیلنے والے بلے باز بھی بن گئے۔ انہوں نے بین اسٹوکس کا 182 رنز کا ریکارڈ توڑ دیا۔ اس کے علاوہ وہ پاکستان کی سرزمین پر ون ڈے کی سب سے بڑی اننگز کھیلنے والے بیٹر بن گئے جس کے لیے انہوں نے جنوبی افریقہ کے گیری کرسٹن کا 188 رنز کا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔ بروک ون ڈے کرکٹ میں ڈبل سنچری بنانے والے انگلینڈ کے پہلے کپتان بھی بن گئے۔ ہیری بروک کی اننگز میں 21 چوکے اور 10 چھکے شامل تھے۔ انہوں نے 75 گیندوں پر سنچری بنائی اور پھر اگلی 39 گیندوں پر ڈبل سنچری مکمل کی۔ اس کے علاوہ ہیری بروک محض ون ڈے کرکٹ میں انگلینڈ کی جانب سے سب سے بڑی اننگز کھیلنے والے بلے باز بھی بن گئے۔ انہوں نے سابق انگلش کپتان بین اسٹوکس کا ریکارڈ توڑا جنہوں نے نیوزی لینڈ کے خلاف 182 رنز بنائے تھے۔ انگلش کپتان پاکستان کی سرزمین پر ون ڈے کی سب سے بڑی اننگز کھیلنے والے بیٹر بھی بن گئے۔ انہوں نے جنوبی افریقہ کے سابق بلے باز گیری کرسٹن کا ریکارڈ توڑا، جنہوں نے 1996 کے ورلڈ کپ میں راولپنڈی میں ہی متحدہ عرب امارات کے خلاف 188 رنز بنائے تھے۔ خیال رہے کہ ہیری بروک کی شاندار اننگز کی بدولت انگلینڈ نے سری لنکا کو جیت کے لیے 430 رنز کا پہاڑ جیسا ہدف دیا ہے۔ یہ پاکستان میں کسی بھی ٹیم کا ون ڈے کرکٹ میں اب تک کا سب سے بڑا مجموعہ ہے۔ اس سے قبل پاکستان نے 2015 میں زمبابوے کے خلاف 3 وکٹوں کے نقصان پر 375 رنز بنائے تھے۔

راولپنڈی، سری لنکا اور انگلینڈ کے درمیان سہ فریقی سیریز کے تیسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ کے دوران سری لنکا کے آؤٹ ہونے پر انگلینڈ کے کھلاڑی خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

ہیری بروک نے شبمن گل کا ریکارڈ 22 دنوں میں ہی توڑ دیا

راولپنڈی (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے کپتان ہیری بروک نے راولپنڈی میں سری لنکا کے خلاف کھیلتے ہوئے تیز ترین ڈبل سنچری کا ریکارڈ بنا ڈالا، انہوں نے بھارتی بیٹر شبمن گل کا ریکارڈ 22 دنوں میں ہی توڑ دیا۔ ہیری بروک سہ فریقی ون ڈے سیریز کے تیسرے میچ میں سری لنکا کے خلاف اپنے کیریئر کی پہلی ڈبل سنچری بنائی۔ وہ انگلینڈ کی جانب سے ایک روزہ کرکٹ میں ڈبل سنچری بنانے والے پہلے بیٹر بھی بن گئے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ انہوں نے ون ڈے کرکٹ کی تیز ترین سنچری کا ریکارڈ بھی بنا ڈالا۔

پنجاب سپورٹس بورڈ کی ٹیم لیزر رن میں شرکت کے لئے تھائی لینڈ روانہ

لاہور (این این آئی) سپورٹس بورڈ پنجاب لیزر رن اکیڈمی کی ٹیم گلوبل لیزر رن مقابلوں میں شرکت کے لیے تھائی لینڈ روانہ ہو گئی، وائس چیئرمین سپورٹس بورڈ پنجاب سلمان ملک اور ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی نے ٹیم کو نیک خواہشات کے ساتھ روانہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن حامد شوکت، ڈپٹی ڈائریکٹر ظہور احمد اور محمد عامر خان بھی موجود تھے۔ تھائی لینڈ میں گلوبل لیزر رن مقابلے 24 اکتوبر تک جاری رہیں گے۔ ٹیم میں محمد اذان علی، محمد شیان، عبداللہ احمد اور عیسیٰ سلیمی شامل ہیں، جبکہ آفیشلز میں میاں رضوان، بشیر علی، قیصر علی اور سعدان شامل ہیں۔

بین اسٹوکس نے ٹیم میں ممکنہ واپسی سے متعلق خبروں کو مسترد کر دیا

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے سابق کپتان بین اسٹوکس نے ایشز سیریز کے لیے ٹیم میں ممکنہ واپسی سے متعلق خبروں کو مسترد کرتے ہوئے انہیں گمراہ کن قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا کے خلاف سیریز میں ہنگامی بنیادوں پر دستیابی کی خبر میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ آئی پیچ اسپورٹ نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا تھا کہ بین اسٹوکس دو شرائط کے ساتھ ایشز سیریز کے لیے واپسی پر غور کر سکتے ہیں تاہم اسٹوکس نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ردعمل دیتے ہوئے مداحوں کو یہ خبر پڑھنے کے لیے رقم خرچ نہ کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ اس خبر کی سرخی مکمل طور پر گمراہ کن ہے اور ایشز میں واپسی سے متعلق دعوے میں بالکل حقیقت نہیں ہے۔

اہم سنگ میل عبور، اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں 11 ہزار رنز مکمل کر لیے

اب تک تین آسٹریلوی بلے باز گیارہ ہزار رنز مکمل کرنے کا اعزاز حاصل کر چکے ہیں

سڈنی (آن لائن) آسٹریلیا کے تجربہ کار بلے باز اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ جنوبی افریقہ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ کے چوتھے روز اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں 11 ہزار رنز مکمل کر لیے۔ وہ یہ اعزاز حاصل کرنے والے تیسرے آسٹریلوی بلے باز بن گئے ہیں۔ 37 سالہ اسمتھ نے جنوبی افریقی بولرز کی شاندار کارکردگی کے باوجود آسٹریلیا کی پہلی اننگز میں سب سے زیادہ 28 رنز بنا کر یہ کارنامہ انجام دیا۔ اس سے قبل آسٹریلیا کے رکی پونٹنگ 13 ہزار 378 اور ایلن بارڈر 11 ہزار 174 ٹیسٹ رنز بنا کر یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔ اسمتھ مجموعی طور پر 11 ہزار ٹیسٹ رنز مکمل کرنے والے 12 ویں بیٹر بھی بن گئے ہیں۔ 2010 میں ٹیسٹ ڈیبیو کرنے والے اسمتھ اب تک 37 سنچریز اور 45 نصف سنچریز بنا چکے ہیں۔ آسٹریلوی بلے باز ٹیسٹ سنچریز کی فہرست میں اپنے ملک کے دوسرے جبکہ مجموعی طور پر چھٹے نمبر پر ہیں۔

گورنر جعفر خان مندوخیل کابو ائیز سالانہ اسپورٹس فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

انگلینڈ کے خلاف بولرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، شان ٹیٹ

حارث، شاہین، نسیم اور فہیم کے ساتھ دوبارہ کام کرنا خوشگوار تجربہ ہے، بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بولنگ کوچ شان ٹیٹ نے تین ملکی ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں قومی بولرز کی کارکردگی کو حوصلہ افزا قرار ... ہے۔ بولرز کی کارکردگی بہتر بنانے کے ساتھ ان کے ورک لوڈ اور آرام کا خیال رکھنا بھی اہم ہے۔ شان ٹیٹ کے مطابق ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے کھلاڑیوں ...

لاہور، پولو میچ میں کھلاڑی و گھوڑے بڑے حادثے سے بچ گئے

لاہور (این این آئی) لاہور میں ہونے والے پولو ان پنک ٹورنامنٹ کے میچ کے دوران کھلاڑی اور گھوڑے بڑے حادثے سے بچ گئے۔ لاہور کے ایک پولو گراؤنڈ میں ہونے والے میچ کے دوران اچانک ایک ...

بھارتی ایتھلیٹ جنسی ہراسانی کے الزام میں جاپان سے ڈی پورٹ

ایتھلیٹ کے خلاف تاحیات پابندی لگانے پر بھی غور کیا جا سکتا ہے، رپورٹس

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ایتھلیٹ کو ایشین پیرا گیمز میں جنسی ہراسانی کے الزام میں جاپان سے ڈی پورٹ کر دیا گیا۔ ٹوکیو میں جاری ایشین پیرا گیمز کے دوران پیرا اسپورٹس مین محمد شمس عالم شیخ کو جنسی ہراسانی اور دست درازی کے الزامات پر پولیس کی جانب سے حراست میں لیے جانے کے بعد واپس بھارت بھیج دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 40 سالہ کھلاڑی پر الزام ہے کہ انہوں نے ہفتے کے روز ہوٹل میں صفائی کے لیے آنے والی خاتون ملازمہ کو ہراساں کیا۔ واقعہ کی شکایت مقامی انتظامی عملے اور بھارتی وفد کے حکام تک پہنچائی گئی جس ...

آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں پاکستان کی ترقی، آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑ دیا

بھارت 115 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر، نیوزی لینڈ 109 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے، جنوبی افریقہ تیسرے نمبر پر، آسٹریلیا پانچویں پوزیشن پر چلا گیا

راولپنڈی میں جاری سہ ملکی سیریز میں کامیابیوں کے نتیجے میں پاکستان کے رینکنگ پوائنٹس 103 ہو گئے، جنوبی افریقہ صرف ایک پوائنٹ کی برتری پر

دبئی (آن لائن) پاکستان کرکٹ ٹیم نے سری لنکا اور انگلینڈ کے خلاف شاندار فتوحات کے بعد آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑتے ہوئے چوتھی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ راولپنڈی میں جاری سہ ملکی سیریز میں کامیابیوں کے نتیجے میں پاکستان کے رینکنگ پوائنٹس کی تعداد 103 ہو گئی ہے جبکہ تیسرے نمبر پر موجود جنوبی افریقہ صرف ایک پوائنٹ کی برتری کے ساتھ 104 پوائنٹس پر ... بنانے کے بعد صرف 40 رنز دے کر آؤٹ ہو گئیں ... قومی ٹیم رینکنگ میں مزید ترقی حاصل کر سکتی ہے۔

آل کوئٹہ شہداء 8 لاسٹ فٹبال ٹورنامنٹ کے موقع پر ثروت آباد اور چاہ میم کے کھلاڑی بال کے حصول کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں

پہلا ٹی ٹونٹی: بھارت نے نیوزی لینڈ کو شکست دے دی

ثمن دھیر نے 15 گیندوں پر 42 رنز بنا کر میچ کا پانسہ پلٹ دیا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) بھارت نے پہلے ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میں نیوزی لینڈ کو چار وکٹوں سے شکست دے کر پانچ میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کر لی۔ کرائسٹ چرچ میں کھیلے گئے مقابلے میں بھارتی ٹیم نے 226 رنز کا مشکل ہدف آخری اوور کی چوتھی گیند پر حاصل کیا۔ بھارت کی کامیابی میں ابھیشیک اور ثمن دھیر نے اہم کردار ادا کیا۔ سیمسن نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 33 گیندوں پر 67 رنز بنائے جس میں آٹھ چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔ انہوں نے ابھیشیک شرما کے ساتھ پہلی وکٹ کے لیے 93 رنز کی شراکت قائم کی۔ ابھیشیک نے 12 گیندوں پر 29 رنز اسکور کیے۔ مڈل اوورز میں بھارتی ٹیم کی وکٹیں تیزی سے گریں تاہم کپتان شریاس ایئر نے 42 اور اکشر پٹیل نے 24 رنز بنا کر ٹیم کو مقابلے میں برقرار رکھا۔ آخری لمحات میں ثمن دھیر نے محض 15 گیندوں پر ناقابل شکست 42 رنز بنا کر میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔ اس سے قبل نیوزی لینڈ نے گلین فلپس کے ناقابل شکست 82 اور فن ایلن کے 45 رنز کی بدولت چار وکٹوں کے نقصان پر 225 رنز بنائے تھے۔ بھارت نے 19.4 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 230 رنز بنا کر شاندار فتح اپنے نام کی۔ دونوں ٹیمیں اب 24 اکتوبر کو دوسرے ٹی ٹونٹی میں کرائسٹ چرچ میں ہی مد مقابل ہوں گی۔

آسٹریلوی وکٹ کیپر میگن شٹ 2 میچز کیلئے معطل

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی وکٹ کیپر میگن شٹ کو 2 میچز کے لیے معطل کر دیا گیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق میگن شٹ نے تجویز کردہ ادویات سے متعلق ضوابط کی خلاف ورزی کی، انہوں نے اسپورٹس سائنس اور اسپورٹس میڈیسن گائیڈ لائنز کی خلاف ورزی کی۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق یہ پہلا واقعہ ہے جو کہ کرکٹ مقابلوں سے باہر پیش آیا، میگن شٹ نے کارکردگی بہتر بنانے کے لیے دوا استعمال نہیں کی۔

نور زمان کا بڑا اپ سیٹ، عالمی نمبر 4 کو شکست دے کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

وفاقی چیمپئن اور عالمی نمبر 4 مصر کے کریم عبدالجواد کو 1-3 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا

واشنگٹن (آن لائن) پاکستان کے نوجوان اسکواش کھلاڑی نور زمان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکا میں جاری پی ایس اے گولڈ سلیکون ویلی اوپن کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی۔ انہوں نے دفاعی چیمپئن اور عالمی نمبر 4 مصر کے کریم عبدالجواد کو 1-3 سے شکست دے کر بڑا اپ سیٹ کر دیا۔ کیلیفورنیا کے شہر ریڈ ووڈ سٹی میں کھیلے گئے مقابلے میں 22 سالہ نور زمان نے 52 منٹ کے سخت مقابلے کے بعد 11-9، 7-11، 11-9 اور 6-11 سے کامیابی حاصل کی۔ اس ایونٹ کی مجموعی انعامی رقم ایک لاکھ 43 ہزار 500 ڈالر ہے۔ میچ کے بعد نور زمان کا کہنا تھا کہ وہ ذہنی اور جسمانی طور پر مکمل تیار تھے اور اب وقت آ گیا ہے کہ وہ دنیا کے ٹاپ کھلاڑیوں کو شکست دیں۔ پشاور سے تعلق رکھنے والے نور زمان سابق عالمی چیمپئن قمر زمان کے پوتے اور 2025 کے انڈر 23 عالمی چیمپئن ہیں۔

کوئٹہ، وزیر کھیل آرچری ٹریننگ کیمپ کا افتتاح مشیر احمد خان ناصر کر رہے ہیں اس موقع پر ارسلان خان نورزئی، محمد اشتیاق ہوت، محمد امین بادینی، عبدالکریم و دیگر شریک ہیں



جعفرآباد: زیر تعمیر نکاسی آب کا مین نالہ عوامی مفاد کا منصوبہ ہے، خالد خان

ڈپٹی کمشنر کی جانب سے زیرِ تعمیر منصوبے پر کام تیز کرنے کے واضح احکامات جاری

نکاسی آب کے مسائل کا پائیدار حل اور جدید نالے کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے گی

بارکھان: تعلیمی معیار بہتر بنانے کیلئے ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن متحرک

سبی: ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے نئے دفتر کا افتتاح

ڈپٹی کمشنر الیاس کبزئی نے افتتاح کیا، صحافتی برادری کو مکمل تعاون کی یقین دہانی

نومنتخب کابینہ نے صحافتی اقدار اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کا حلف اٹھایا

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ سبی کے دفتر کی افتتاحی اور حلف برداری کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر میر اللہ داد رند کے والد محمد عظیم رند سے ربن کٹوا کر دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب میں ایس ایس پی سبی عبدالحمید اعوان، اسسٹنٹ کمشنر سبی ملک بہادر خان بنگلزئی، ضلعی افسران، قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات، علمائے کرام اور صحافیوں سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ سبی کے دفتر کی افتتاحی و حلف برداری کی۔ تقریب میں شرکاء نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت الحاج صوفی سلیمان نقشبندی نے حاصل کی، جبکہ بارگاہ رسالت ﷺ میں ہدیہ نعت بھی پیش کیا گیا۔ تقریب کے دوران اسٹیج سیکریٹری کے فرائض معروف سماجی رہنما اور کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والی شخصیت میر شہباز خان بارکزئی نے انجام دیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ سبی میر اللہ داد رند نے مہمان خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے صحافیوں کو درپیش مسائل، مقامی صحافت کو درپیش مشکلات اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے حوالے سے میڈیا کے کردار پر روشنی ڈالی

میزئی اڈہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی سے رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی عبدالباری کاکڑ منظور بازئی ملاقات کر رہے ہیں

قلعہ سیف اللہ: پیپلز پارٹی کی ڈویژنل و ضلعی کابینہ جلد مکمل کی جائے، حیات اللہ

تنظیمی ڈھانچے کی تکمیل سے صوبے بھر میں پارٹی زیادہ فعال اور منظم ہوگی، بیان

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے اپنے ایک پریس ریلیز میں کہا ہے کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی ڈویژنل اور ضلعی کابینہ جلد از جلد مکمل کی جائیں تاکہ پارٹی کو صوبے بھر میں مزید فعال اور منظم بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی صوبائی کابینہ مکمل ہو چکی ہے، لہٰذا اب دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی تمام ڈویژنل اور ضلعی کابینہ کا اعلان جلد کیا جائے، تاکہ پارٹی کے تنظیمی امور کو مزید بہتر بنایا جا سکے اور کارکنوں کو مؤثر انداز میں پارٹی کے ساتھ منسلک کیا جا سکے۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے پرزور مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں پارٹی کی ڈویژنل اور ضلعی کابینہ کی تشکیل کے عمل کو جلد مکمل کرنے کے لیے خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تنظیمی ڈھانچے کی تکمیل سے پارٹی کو بلوچستان کے تمام اضلاع میں فعال بنانے، کارکنوں کے مسائل حل کرنے اور عوامی سطح پر پارٹی کی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے میں مدد ملے گی۔

حب: جام گروپ اور مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کا نرسنگ کالج دورہ

طالبات کو جدید تعلیمی سہولیات اور معیاری پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی پر تفصیلی گفتگو

نرسنگ کا شعبہ انسانی خدمت سے وابستہ، طالبات کی اعلیٰ تعلیم کے لیے تعاون کا عزم

حب (نمائندہ مشرق) جام گروپ کے سینئر رہنماؤں اور پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے ضلعی عہدیداران نے نرسنگ کالج حب کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کے پرنسپل علی احمد لانگو اور نرسنگ ٹیوٹر سر محمد ابراہیم قاضی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ارسلان سنگ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں طالبات کی نرسنگ تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، تعلیمی سرگرمیوں، ادارے کو درپیش ضروریات اور مستقبل میں تعلیم کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دورے میں جام گروپ کے سینئر رہنما اور وائس چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی ایڈووکیٹ ارشاد پارس گسی، قبائلی شخصیت اور جام گروپ کے سینئر رہنما و کونسلر میونسپل کارپوریشن حب وڈیرہ زبیر گجر بلوچ، میر اشرف گسی، پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے ضلعی صدر نعمان فتح، انفارمیشن سیکرٹری اکبر بارکزئی، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری فیصل موندرہ، فنانس سیکرٹری مصطفیٰ جاموٹ، آفس سیکرٹری حافظ سمیع اللہ اور ڈاکٹر جاوید شامل تھے۔ اس موقع پر جام گروپ کے رہنماؤں نے نرسنگ کالج حب کی تعلیمی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ حب اور گردونواح کی طالبات کے لیے پیشہ ورانہ تعلیم حاصل کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ نرسنگ کا شعبہ انسانی خدمت، ہمدردی، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ مہارت کا تقاضا کرتا ہے، اس لیے طالبات کو معیاری تعلیم اور جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

صحبت پور: ریڑھی بانوں کے مسائل افہام و تفہیم سے حل ہوں گے، سیف الدین

اسسٹنٹ کمشنر کی زیر صدارت اجلاس، شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے پر زور

ریڑھی بانوں کے روزگار کا تحفظ اور صفائی ستھرائی کے نظام کی بہتری یقینی بنائی جائے

مانجھی پور (افتخار عباسی) اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ کی زیر صدارت ریڑھی بانوں کے معاملات اور مسائل کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تحصیلدار صحبت پور شرف الدین لاشاری اور ریڑھی بانوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صحبت پور شہر میں ریڑھی بانوں سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ریڑھی بانوں کے مسائل، ان کے کاروباری معاملات اور شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے سمیت دیگر متعلقہ امور پر بات چیت کی گئی۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ریڑھی بانوں کے مسائل کو باہمی مشاورت اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جائے، تاکہ ایک طرف ریڑھی بانوں کے روزگار کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے اور دوسری جانب شہر میں نظم و ضبط، صفائی ستھرائی اور ٹریفک کی روانی کو بھی برقرار رکھا جا سکے۔ اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور نے اس حوالے سے متعلقہ حکام اور ریڑھی بانوں کے نمائندوں کے ساتھ مشاورت کی، تاکہ شہر کے انتظامی معاملات کو بہتر بنانے اور ریڑھی بانوں کے لیے مناسب انتظامات کرنے کے حوالے سے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔ اجلاس کا مقصد ریڑھی بانوں کے معاملات کو بہتر انداز میں منظم کرنا اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کرتے ہوئے شہر میں بہتر انتظامی ماحول کو فروغ دینا تھا۔

چمن: تعلیمی نظام بہتر بنانے کیلئے حاضری، تدریسی معیار اور نگرانی مؤثر بنانے کا حکم

چمن (آن لائن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چمن فدا بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اشوک کمار، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسران اور محکمہ تعلیم کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع چمن میں مجموعی تعلیمی صورتحال، سرکاری تعلیمی اداروں کی کارکردگی، تدریسی سرگرمیوں اور محکمہ تعلیم کو درپیش مختلف مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے، تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کو مؤثر بنانے اور طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر غور و خوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے

نصیر آباد: بجلی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ، 249 ٹیوب ویل سولر پر منتقل

حکومت بلوچستان کی جانب سے زرعی شعبے کی مشکلات اور بجلی لوڈشیڈنگ کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے سولرائزیشن کا منصوبہ جاری ہے

ضلع کے 66 باقی ماندہ ٹیوب ویلوں میں سے 46 کے فنڈز جاری کر دیے گئے جبکہ 14 کیسز تاحال زیر التوا ہیں، ڈی سی کا اجلاس سے خطاب

نصیر آباد (خ ن) ضلع بھر میں 309 ٹیوب ویلوں کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا عمل جاری، 249 ٹیوب ویل سولرائز، 46 ٹیوب ویلوں کے فنڈز جاری ہو چکے ہیں جبکہ 14 کیسز تاحال زیر التوا ہیں اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر ورید رحمٰن کی زیر صدارت جائزہ اجلاس منعقد ہوا واپڈا کے ٹرانسفارمرز اور بجلی کے کھمبوں کی واپسی کے لیے متعلقہ مالکان کو نوٹسز جاری کرنے اور عدم تعمیل پر قانونی کارروائی کی ہدایت کی گئی واضح رہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسئلے پر قابو پانے اور زرعی شعبے کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے صوبے بھر میں ٹیوب ویلوں کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کے منصوبے پر عمل درآمد جاری ہے اس سلسلے میں ضلع نصیر آباد میں بھی مجموعی طور پر 309 ٹیوب ویلوں کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا عمل جاری ہے جن میں سے اب تک 249 ٹیوب ویلوں کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جا چکا ہے، جبکہ باقی ماندہ 60 ٹیوب ویلوں کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا جا رہا ہے ان میں سے 46 ٹیوب ویلوں کے لیے فنڈز جاری ہو چکے ہیں، جبکہ 14 ٹیوب ویلوں کے کیسز تاحال زیر التوا ہیں اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ورید رحمٰن کی زیر صدارت ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ زراعت واپڈا اور محکمہ خزانہ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کے عمل، فنڈز کے اجراء زیر التوا کیسز اور منصوبے پر مؤثر انداز میں عمل درآمد کو یقینی بنانے کے حوالے سے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے منصوبے کی موجودہ پیش رفت اور درپیش مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اجلاس میں اس امر کا بھی جائزہ لیا گیا کہ بعض ٹیوب ویل مالکان کی جانب سے سولر سسٹم کی تنصیب کے بعد واپڈا کے پرانے ٹرانسفارمرز اور بجلی کے کھمبے تاحال واپس نہیں کیے گئے، جس کے باعث سرکاری سامان کی واپسی اور اس کے ریکارڈ کی تکمیل کا معاملہ توجہ طلب ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس معاملے پر متعلقہ محکموں کے افسران پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی جو واپڈا کے ٹرانسفارمرز اور بجلی کے کھمبے واپس نہ کرنے والے ٹیوب ویل مالکان کی نشاندہی کرے گی اور انہیں سرکاری سامان واپس کرنے کے لیے باقاعدہ نوٹسز جاری کرے گی

حب: انسداد پولیو کے عالمی دن پر پروقار تقریب منعقد

پولیو ورکرز، کونسلرز اور صحافیوں کو بہترین خدمات پیش کرنے پر شیلڈز اور اسناد تقسیم

پانچ سال سے کم عمر بچوں کو معذوری سے بچانے کے لیے قطرے لازمی پلائیں

حب (نمائندہ مشرق) یوم عالمی انسداد پولیو کی مناسبت سے جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال حب میں تقریب منعقد کی گئی، تقریب میں کونسلران، سیاسی و سماجی شخصیات، صحافی برادری اور پولیو ورکرز کو پولیو مہم کے دوران اپنی خدمات پیش کرنے پر اسناد پیش کی گئیں، پولیو ایک موذی مرض ہے اپنے بچوں کو پولیو کی بیماری سے بچانے کے لیے سیاسی و سماجی شخصیات، کونسلران، علاقائی معززین کو ملکر کام کرنا ہے تفصیلات کے مطابق جمعرات کے روز جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال حب میں یوم عالمی انسداد پولیو کی مناسبت سے ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں سیاسی و سماجی شخصیات، کونسلران، علاقائی معززین، پولیو ورکرز اور ڈاکٹروں نے شرکت کی تقریب سے جام غلام قادر گورنمنٹ ہسپتال حب کے ایم ایس ڈاکٹر ناظر بلوچ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سجاد علی، ڈاکٹر احسان اور ڈاکٹر نصیر احمد نے تقریب کے شرکاء کو پولیو سے متعلق تفصیلی آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو بالخصوص پانچ سال سے کم عمر بچوں کو متاثر کرتی ہے یہ بیماری بچے پر حملہ کر کے مستقل معذوری کر دیتی ہے پولیو کے خلاف مؤثر تحفظ کا سب سے اہم ذریعہ ویکسینیشن ہے والدین، اساتذہ، علمائے کرام، سماجی رہنماؤں اور معاشرے کے تمام افراد کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو اس خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور پولیو مہم کے دوران گھر گھر آنے والی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور بچوں کو ویکسین پلائیں اور جو بھی انکاری والدین ہیں انہیں پولیو کے قطرے پلانے کے لیے راضی کریں تاکہ ان کا بچہ بھی خطرناک بیماری میں مبتلا ہونے سے بچ سکے تقریب کے آخر میں پولیو کے دوران اپنی رضاکارانہ خدمات پیش کرنے والے کونسلران، سیاسی و سماجی شخصیات، علاقائی معززین، صحافی برادری اور پولیو ورکرز کو اسناد اور شیلڈ پیش کی گئیں

حب، عالمی یوم انسداد پولیو کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے ڈاکٹر ناظر بلوچ، ڈاکٹر سجاد علی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

نوکنڈی: آوارہ کتوں سے عوام غیر محفوظ، فوری مہم چلائی جائے

شہر میں دن ہو یا رات، خواتین، بچوں اور بزرگوں کا گھروں سے باہر نکلنا شدید خطرات اور خوف و ہراس کا باعث بن چکا ہے

روزانہ تعلیمی اداروں کو جانے والے معصوم بچوں اور طالبات کی قیمتی جانوں کو آوارہ کتوں کے حملوں کا شدید خدشہ لاحق رہتا ہے

نوکنڈی (آن لائن) شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ صورتحال اس قدر تشویشناک ہو چکی ہے کہ دن ہو یا رات، خواتین، بچوں، بزرگوں اور عام شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا خطرے سے خالی نہیں رہا۔ خصوصاً اسکول جانے والے معصوم بچوں اور بچیوں کی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جنہیں روزانہ تعلیمی اداروں تک آنے جانے کے دوران آوارہ کتوں کے حملوں کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق نوکنڈی میں عرصہ دراز سے آوارہ کتوں کی بہتات کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ متعلقہ حکام کی جانب سے اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے تاحال کوئی مؤثر اور عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی حلقے مسلسل اپنے بیانات کے ذریعے یونین کونسل کے چیئرمین اور سیکرٹری سمیت متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شہر کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، مگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن نوکنڈی کے عوام اس بنیادی سہولت سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں۔ شہر میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے شہریوں میں خوف و ہراس کی فضا پیدا کر دی ہے۔ خواتین بچوں کو گھروں سے نکلتے ہوئے مشکلات کا سامنا ہے، بچے اور بچیاں خوف کے باعث غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں، جبکہ بزرگوں اور دیگر شہریوں کے لیے بھی معمولات زندگی جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے نوکنڈی کے شہریوں کو آوارہ کتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے اور شہر میں اس مسئلے کی ذمہ داری اٹھانے والا کوئی موجود نہیں۔ اگر خدانخواستہ کسی بچے، خاتون یا بزرگ کو آوارہ کتوں کے حملے میں نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری کون قبول کرے گا؟ کیا متعلقہ حکام کسی بڑے سانحے کے رونما ہونے کا انتظار کر رہے ہیں شہریوں نے یونین کونسل کے چیئرمین، سیکرٹری، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ نوکنڈی میں آوارہ کتوں کی روک تھام اور خاتمے کے لیے فوری طور پر مؤثر مہم شروع کی جائے۔

اوستہ محمد: مسلسل غیر حاضر رہنے والے 26 اساتذہ اور اہلکار معطل

ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی آر ٹی ایم ایس رپورٹ کی روشنی میں سخت کارروائی

معاملے کی شفاف تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی قائم، تعلیمی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت منعقدہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ DEG کے اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور اکتوبر 2026ء کی آر ٹی ایم ایس RTMS حاضری رپورٹ کی روشنی میں محکمہ تعلیم نے کارروائی کرتے ہوئے مسلسل غیر حاضر رہنے والے 26 تدریسی و غیر تدریسی اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کر دیا ہے اس اقدام کا مقصد تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری یقینی بنانا، سرکاری فرائض میں غفلت کا تدارک اور تعلیمی نظام میں نظم و ضبط کو مؤثر بنانا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر استا محمد کی جانب سے کی جانے والی اس کارروائی کے ساتھ ساتھ معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے ایک انکوائری کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے کمیٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ متعلقہ اہلکاروں کی حاضری کا ریکارڈ، اسکولوں کی دستاویزات، آر ٹی ایم ایس رپورٹ اور دیگر دستیاب شواہد کا تفصیلی جائزہ لے کر حقائق کی بنیاد پر اپنی رپورٹ مرتب کرے اور آئندہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ DEG کے اجلاس میں پیش کرے۔ انکوائری کمیٹی اس امر کو بھی یقینی بنائے گی کہ تمام متعلقہ اہلکاروں کو اپنا مؤقف پیش کرنے اور صفائی کا مناسب موقع فراہم کیا جائے تاکہ کارروائی شفاف انداز میں مکمل ہو اور حقائق کی روشنی میں قواعد و ضوابط کے مطابق حتمی فیصلہ کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم نے واضح کیا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری، پابندی وقت، تدریسی سرگرمیوں کے تسلسل اور تعلیمی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ سرکاری ملازمین کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض باقاعدگی اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں کیونکہ عملے کی غیر حاضری براہ راست طلبہ کی تعلیم اور تعلیمی سرگرمیوں کو متاثر کرتی ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ تعلیمی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے اور سرکاری وسائل کے مؤثر استعمال کے لیے نگرانی کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے گا

حب، جام غلام قادر ہسپتال میں عالمی یوم انسداد پولیو کی مناسبت سے پولیو مہم کے دوران رضاکارانہ خدمات سرانجام دینے والوں میں اسناد اور شیلڈ تقسیم کی جا رہی ہے

بقیہ 1 دہشتگرد ہلاک

عناصر سے منسوب ہے۔ دریں اثناء آپریشن ردفتنہ 3 کے دوران سیکورٹی فورسز کے عملے نے بلوچستان کے علاقے واشک میں سینیٹائز آپریشن کے دوران 2 مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے فائرنگ کردی جوابی کارروائی کے نتیجے میں ایک دہشت گرد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کے عملے نے بلوچستان کے علاقے واشک شہر میں علاقے کو کلیئر کرانے اور سینیٹائز آپریشن کیا اس دوران 2 نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے سیکورٹی فورس پر فائرنگ کردی فورسز کی جوابی کارروائی میں ایک دہشت گرد ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔ جس کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 2 وزیراعظم

کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر اطلاعات عطا تارڑ، امیر مقام، رانا ثناء اللہ، گورنر فیصل کریم کنڈی، چیف سیکرٹری، آئی جی اور کور کمانڈر پشاور بھی شریک ہوئے۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں پی ٹی آئی کی سابق حکومت کے غیر سنجیدہ اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور پاکستان بالخصوص خیبرپختونخوا کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس میں خیبرپختونخوا میں امن و استحکام کے قیام کے اقدامات پر غور کیا گیا اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے وفاقی اور صوبائی قیادت نے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، ہمارے جوانوں اور افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے شرکاء سے کہا کہ آپ کو صوبے کی پولیس، سیف سٹیز، سی ٹی ڈی کے لیے کچھ چاہیے وفاق دیگا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا کو جلتا چھوڑ کر خاموش تماشائی نہیں بن سکتے، خیبرپختونخوا غیور اور بہادر لوگوں کا خوبصورت صوبہ ہے، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، چند برسوں میں جو حالات پیدا کردیے گئے اس کی وجہ سے یہ صوبہ بہت متاثر ہے، ہماری بہادر افواج اور سیکورٹی اداروں نے بہت قربانیاں دے کر ملک میں دہشت گردی کا قلع قمع کر دیا تھا، 2018 تک اس صوبے میں مکمل امن قائم ہوگیا تھا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ قیام امن کے بعد پی ٹی آئی دور میں دہشت گردوں کو دوبارہ بلایا گیا، تمام قربانیوں پر پانی پھیر دیا گیا جس کا خمیازہ صوبے کے عوام کو بھگتنا پڑا، ان قربانیوں کا احساس اور احترام نہ کرنے سے بڑی ملک دشمنی کوئی اور نہیں ہو سکتی، پی ٹی آئی دور میں تعلیم، صحت، امن سمیت عوامی فلاح کے تمام امور نظرانداز کیے گئے، اس سے بڑی مجرمانہ غفلت اور بے حسی کی مثال اور نہیں ہو سکتی، اسی وجہ سے حالیہ چند برسوں میں دہشت گردی میں پھر اضافہ ہوا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ صوبائی حکومت کے دور میں پولیس کی 5 ہزار اسامیوں پر بھرتی نہیں کی گئی، خیبرپختونخوا میں سیف سٹی منصوبہ ابھی بھی نامکمل ہے، کے پی میں انسداد دہشت گردی محکمے اور پولیس کی تربیت پر کوئی توجہ نہیں دی گئی، خیبرپختونخوا کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت انسداد دہشت گردی کی مد میں 800 ارب روپے دیئے، افسوس کا مقام ہے کہ دہشت گردی ختم ہونے کی بجائے مزید ابھر کر سامنے آگئی، سیکورٹی فورسز کو تربیت اور جدید اسلحہ اور دیگر آلات نہیں دیئے، خیبرپختونخوا سے متعلق یہ انتہائی تکلیف دہ داستان ہے، وفاقی حکومت نے پی ٹی آئی کے وزرائے اعلیٰ کو یقین دلایا کہ انسداد دہشت گردی کے لیے آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ڈھائی سال میں ملکی معیشت کو بحال کرنے کے لئے دن رات محنت کی گئی، سیاسی اور عسکری قیادت کی دن رات کوششوں سے ملکی معیشت مستحکم ہو چکی ہے۔ کیا ہم خیبرپختونخوا کو مزید جلتے ہوئے دیکھتے رہتے؟ ہم نے سیاسی کمیٹی بنائی انہوں نے 48 گھنٹے تک مذاکرات میں بہت محنت کی، کب تک ہم خیبرپختونخوا میں خون ریزی برداشت کرتے رہتے؟ میں نے خیبرپختونخوا کے انتہائی خراب حالات پر صدر سے 2 بار مشاورت کی، انہی وجوہات کی بنا پر خیبرپختونخوا میں سخت فیصلے کرنے پڑے۔ ان کا کہنا تھا کہ مشاورتی کونسل وجود میں آچکی، جس میں مختلف شعبوں کے ماہرین شامل ہیں، مشاورتی کونسل میں قابل اور ایماندار لوگ شامل ہیں، 13 سال سے صوبے کے عوام ترسے ہوئے ہیں کہ ان کے مسائل حل ہوں، اس تبدیلی کے مثبت نتائج حاصل کرنا لازمی ہے، جس پارٹی نے کرپشن کے خاتمے کے نام پر ووٹ لیے وہ خود کرپشن میں ڈوبی ہوئی ہے، خیبرپختونخوا میں کرپشن کی نت نئی کہانیاں سامنے آئیں، خیبرپختونخوا میں پینے کے صاف پانی منصوبے میں 100 ارب روپے کی کرپشن ہوئی، کوہستان میگا اسکینڈل میں 37 ارب کی کرپشن سامنے آئی، بلین ٹری پروجیکٹ میں من پسند افراد کو ٹھیکے دیئے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا میں جو قدم اٹھایا گیا، قانون وآئین اس فیصلے کا اختیار دیتا ہے، خیبرپختونخوا سے متعلق فیصلے پر تمام حلیف جماعتوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں، صدر آصف علی زرداری اور نواز شریف کا خصوصاً شکریہ ادا کرتا ہوں، خیبرپختونخوا میں خوشیاں، امن اور ترقی کا دور واپس لائیں گے، میں وعدہ کرتا ہوں فیلڈ مارشل کے تعاون سے یہاں کی خوشیاں واپس لائیں گے۔

بقیہ 3 ڈی ایس پی شہید

بہادری اور پیشہ ورانہ عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ ڈی ایس پی (سی ٹی ڈی) عمران الدین خان، ایس آئی افضل اعوان، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کے گن مین کاظم اور بم ڈسپوزل یونٹ کے اہلکار امجد نے جام شہادت نوش کیا۔ پولیس نے بتایا کہ گزشتہ شب تھانہ خرم کی حدود میں واقع چرچیرا روڈ پر دہشت گردوں نے ناکہ بندی قائم کی تھی، واقعے کے بعد دہشت گردوں کی موجودگی اور نقل و حرکت کے خلاف کارروائی کے لیے آج دوپہر 12 بجے سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن شروع کیا گیا۔ آپریشن کی قیادت ڈی ایس پی باندہ اور ڈی ایس پی سی ٹی ڈی کر رہے تھے جبکہ بی ڈی یو، ڈرون ٹیم، ریسکیو 15 اور آر آر ایف کے اہلکار بھی کارروائی میں شریک تھے۔ مزید بتایا گیا کہ آپریشن کے دوران چرچیرا میں دہشت گرد کمانڈر قیصر اقبال کے گھر پر چھاپہ مارا گیا، جہاں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد مارے گئے حکام نے بتایا کہ آپریشن تاحال جاری ہے، ایس پی آپریشنز، ضلع کے تمام ایس ایچ اوز اور متعلقہ پولیس افسران آپریشن میں سرگرم عمل ہیں جبکہ پولیس کی جانب سے علاقے میں کارروائی جاری رکھتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کرک میں پولیس فورس پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عمران الدین سمیت دیگر قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس اور شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 4 اسٹیل مل

مختلف صنعتیں قائم ہیں۔ صنعتی زون میں قائم اسٹیل مل میں خودکار نظام کے تحت یومیہ 500 ٹن سریا تیار کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ کوئٹہ کی جدید ڈیجیٹل اسٹیل مل میں عالمی معیار کے مطابق 60 گریڈ کا سریا تیار کیا جا رہا ہے۔ اسٹیل مل کے سی ای او امین اللہ نے کہا کہ بلوچستان میں بڑھتی تعمیراتی سرگرمیوں کے سبب یہاں اسٹیل مل کی موجودگی بہت فائدہ مند ہے۔

بقیہ 5 ٹیلی میڈیسن

سے اچانک رابطہ کیا اور سروس کے طریقہ کار، شہریوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور عوامی رسائی سے متعلق تفصیلات دریافت کیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے طبی ماہرین سے گفتگو کرتے ہوئے ٹیلی میڈیسن سروس کے ذریعے شہریوں کو طبی مشاورت فراہم کرنے کے عمل کا جائزہ لیا اور مرکزی ڈیسک پر تعینات عملے کی مستعدی اور خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کردیا ہے۔ ٹیلی میڈیسن سروس کا آغاز بلوچستان کے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو معمولی طبی مشاورت کے لیے بھی طویل سفر طے کرنا پڑتا ہے، جس کے باعث انہیں وقت، اخراجات اور دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ٹیلی میڈیسن سروس کے ذریعے ان مشکلات میں کمی لانے اور شہریوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت طبی ماہرین سے مشاورت کی سہولت فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 6 خوردنی اشیاء

پر ناکام نظر آرہی ہے۔ عوامی حلقوں نے ارباب اختیار اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کرکے شہریوں کو مقرر کردہ نرخوں پر کھانے پینے کی چیزیں، آٹا، ایل پی جی گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ کوئٹہ میں مرغی کا گوشت 600 سے 650 روپے فی کلو اور ایل پی جی گیس 600 روپے فی کلو تک جا پہنچی جبکہ آٹے کے 20 کلو کا تھیلا 3500 روپے جبکہ 50 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار روپے میں فروخت ہو رہی ہے کوئٹہ سمیت خضدار، چاغی، واشک، کیچ اور دیگر علاقوں میں بھی آٹے اور کھانے پینے کی چیزوں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے۔ گوبھی 160 روپے، بند گوبھی 120 روپے، کھیرا 120 روپے، آلو 5 کلو ڈیڑھ سو سے 250 روپے، پیاز 5 کلو 550 روپے، مٹر 450 روپے، بھنڈی 180 روپے، کدو 160 روپے، توری 150 روپے فی کلو فروخت ہورہی ہے۔ بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین ہوگیا ہے۔ صوبائی کابینہ کی منظوری کے باوجود گندم کی خریداری تاحال نہ ہوسکی۔

بقیہ 7 سرکاری ملازمین

کرانے کی ہدایت کی ہے۔ حکومت نے غیر ملکی شہریت سے متعلق پرفارما بھی جاری کر دیا جس میں وزارتوں اور ڈویژنز کو ماتحت افسران کے متعلق تفصیلات جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ زیر کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت اور زیر کفالت افراد کی سفری دستاویزات کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہے جب کہ غیر ملکی شہری سے شادی کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔

بقیہ 8 طارق فضل

بات کر رہے تھے، اپوزیشن لیڈر اور وزیراعظم کی ملاقات میں جگہ سے زیادہ ایجنڈا اہم ہے۔ ایک انٹرویو میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ملکی مفاد اور آئینی تقاضوں کی تکمیل کیلئے وزیراعظم اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کو تیار ہیں۔

بقیہ 9 گورنر

اٹھا۔ تین ہزار سے زائد کھلاڑیوں نے چودہ مختلف کھیلوں میں شرکت کی۔ افتتاحی تقریب کو ایک شاندار جشن میں بدل دیا۔ ڈھول کی تھاپ پر نوجوانوں کے روایتی رقص نے سماں باندھ دیا اور مہمانوں سمیت شائقین کو خوشی سے جھومنے پر مجبور کر دیا۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان اور امریکہ سے آئے ہوئے مہمان گرامی تنویر احمد اور عذیر حسن کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ سالانہ اسپورٹس فیسٹیول کی شاندار افتتاحی تقریب میں صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس اور رجسٹرار، سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی سمیت دیگر بھی شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم ایک ایسے یادگار سلسلے کا آغاز کر رہے ہیں جو نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھار اور توانائیوں کو جلا بخشتا ہے۔ یہ شاندار اسپورٹس فیسٹیول اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں کا مقصد صرف روایتی ڈگریاں دینا نہیں بلکہ ایسی باشعور، خوداعتماد اور ذمہ دار نسل تیار کرنا ہے جو مستقبل قریب کی قیادت سنبھال سکے۔ انہوں نے کہا کہ اسپورٹس میلہ، تقریری مقابلہ، موسیقی، مصوری، مجسمہ سازی اور دیگر تخلیقی مشاغل کو محض غیر نصابی سرگرمیاں کہنا درست نہیں بلکہ یہ ہم نصابی سرگرمیاں معیاری تعلیم و تربیت کے عمل کا اہم حصہ ہیں۔ دیگر پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کو اسپورٹ فیسٹیول کے شروع کریں گورنر مندوخیل نے کہا کہ بیوٹمز یونیورسٹی اپنے طلباء وطالبات کو اپنی تخلیقی اور تنقیدی صلاحیتوں کے اظہار کیلئے قابل فخر پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

بقیہ 10 حوثی ترجمان

سریع نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری اپنے بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے بھارتی کشتی کو نشانہ بنایا جس پر 14 بھارتی شہری سوار تھے اور ان سب کو ریسکیو کیا جا رہا ہے۔ یحییٰ سریع نے سعودی حملے کو غیر ذمہ دارانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات بحیرہ احمر میں بین الاقوامی بحری آمدورفت کے لیے خطرہ ہیں۔

بقیہ 11 شوکت یوسفزئی

یوٹیوبرز کی اداروں کے خلاف مہم سے پی ٹی آئی کا کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے ہمیشہ پاک فوج کو اپنی فوج کہا ہے۔ بانی کے اس بیانیے کے علاوہ دوسرا کوئی بیانیہ نہیں چلے گا۔ شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ اداروں کے خلاف یوٹیوبرز کی مہم سے پارٹی کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ امن وامان کا بہانہ بنا کر صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ ناجائز ہے۔

بقیہ 12 قرارداد منظور

گولہ کی زیر صدارت شروع ہوا، اجلاس میں سابق رکن اسمبلی سردار شاہ علی ہزارہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ کی گئی اور تعزیت کا اظہار کیا گیا، سردار شاہ علی ہزارہ کے انتقال پر بلوچستان اسمبلی میں تعزیتی قرارداد پیش کی گئی، تعزیتی قرارداد مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پیش کی جبکہ تعزیتی قرارداد میں سابق رکن اسمبلی کی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔

بقیہ 13 کارگو

گیس 14 سے 15 ڈالر ہے جبکہ اسپاٹ مارکیٹ کی گیس قیمت 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک ہے۔

بقیہ 14 وزیراعظم

کراچی سے مالدیپ اور گوادر سے مالدیپ جلد براہ راست پروازیں شروع کی جائیں گی، وزارت ہوا بازی کو ہدایت کردی۔ یہ بات انہوں نے پاکستان مالدیپ بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں مالدیپ کے صدر، وفاقی وزراء اور دیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صدر مالدیپ کا یہ دورہ دوطرفہ تعلقات میں اضافے کے لیے اہم ثابت ہوگا

بقیہ 15 تجارتی سرگرمیاں

گاہ سے مستقل اور دیگر سامان کی ترسیل کیلئے درآمدات اور برآمدات بند ہے۔ کسٹم حکام کے مطابق بارڈر پر تجارتی سرگرمیاں مرحلہ وار بحال کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 16 بیرسٹر گوہر

سینئر نائب صدر نورالحق قادری کریں گے، جبکہ صوبائی تنظیم کے دیگر امور کی نگرانی علی اصغر کریں گے۔ پارٹی کے اندرونی معاملات، خیبرپختونخوا کے اراکین اسمبلی اور صوبائی تنظیم سے متعلق پارلیمنٹ کے باہر دیے گئے بیان میں انہوں نے کہا کہ اپنی ہی جماعت کے معاملات پر حقائق کی تصدیق کے بغیر فوری ردعمل دینے میں احتیاط برتنی چاہیے، سیکریٹری جنرل کے ٹویٹ کی بنیاد بننے والی خبر درست نہیں تھی، میں نے اس معاملے پر تمام متعلقہ رہنماؤں اور اراکین اسمبلی سے بات کی ہے۔

بقیہ 17 آج متوقع

نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے بتایا ہے کہ احسن اقبال سے گفتگو کے دوران پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر حکومت سے جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کا اجلاس طے ہوگیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مذاکراتی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس آج اسلام آباد میں ہوگا۔ لیاقت بلوچ کا یہ بھی کہنا ہے کہ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف اور حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات متوقع ہے۔

بقیہ 18 پاسداران انقلاب

میں بارودی سرنگوں کا نشانہ بنے۔ پاسداران انقلاب نے کہا کہ امریکہ نے جارحانہ رویہ برقرار رکھا تو خطے میں امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنائیں گے۔ ایران کی پاسداران انقلاب کی بحریہ نے دعویٰ کیا ہے کہ خلیج میں جہاز تک تیل کی منتقلی میں ملوث 4 بحری جہازوں کو نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد ان میں آگ لگ گئی۔ ایرانی بحریہ کے مطابق آبنائے ہرمز کے مغرب میں 3 دیگر بحری جہاز بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے۔

بقیہ 19 کامران مرتضیٰ

تحت پولیس کے اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال اور پولیس مقابلوں کا معاملہ اٹھایا ہے۔ جمعیت علمائے اسلام کے سینیٹر نے اسلام آباد میں لاپتہ افراد کیس کے مرکزی ملزم کی پولیس مقابلے میں ہلاکت کا ذکر کیا ہے اور اسی طرح ملتان میں 15 سالہ یتیم بچے کے قاتل کو قیدی بہاولپور میں ناردرن بائی پاس کے قریب پولیس مقابلے میں ہلاکت کا حوالہ دیا ہے۔

بقیہ 20 حنیف عباسی

کے حادثات و واقعات کی تحقیقات مکمل کی گئی ہیں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان میں ریلوے ٹریک 1860ء کے ہیں، ڈھائی ارب ڈالر سے 480 کلومیٹر کا نیا ٹریک بنائیں گے۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ ٹریک کراچی سے شروع ہوگا، حادثات کی روک تھام کیلئے یہ ضروری ہے، 349 حادثات میں سے 229 پر مقدمات درج کیے گئے جبکہ زیر التوا مقدمات 120 ہیں۔

بقیہ 21 مطالبہ

کے داخلی اتحاد کے لیے نقصان دہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ غیر جمہوری فیصلہ سازوں اور مینڈیٹ چور گروپ کی سازش کا ذکر کرنے والے چیلنج واضح کریں کہ وہ کون لوگ ہیں اور کن ارکان اسمبلی پر الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ بانی پی ٹی آئی اور سیاسی کمیٹی کی اجازت کے بغیر صوبائی صدر یا آئندہ وزیراعلیٰ کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس گروپ نے گورنر راج کی راہ ہموار کی ہے۔

بقیہ 22 طلال چوہدری

نوٹس پر جواب دیتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد کو منصوبہ بندی کے تحت وفاقی دارالحکومت بنایا گیا، لیکن 150 غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز نے پارکوں اور قبرستانوں کے لیے مختص پلاٹ بھی فروخت کر دیے۔

بقیہ 23 ایڈوائزری جاری

عراق کے لیے فضائی سفر کرنے والے پاکستانی زائرین ہوشیار باش، پاکستانی زائرین اور زیارت گروپ آرگنائزرز کے لیے سفری ایڈوائزری جاری کردی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ زائرین روانگی سے قبل ایران، عراق سیکٹر کی پروازوں کی پیشگی تصدیق لازمی کریں، غیر یقینی پروازوں کو اختیار نہ کرنے اور متبادل سفری انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بالخصوص تہران، مشہد اور نجف کے درمیان سفر کرنے والے زائرین پروازوں کی پیشگی تصدیق ضرور کریں۔

بقیہ 24 مار گرائے

حوثیوں نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران سعودی عرب میں وزارت دفاع، تیل کمپنی آرامکو کی تنصیبات اور دو بین الاقوامی ہوائی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق حوثیوں کے فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے دعویٰ کیا کہ حملوں میں سعودی دارالحکومت ریاض میں وزارت دفاع کی عمارت، بحیرہ احمر کے ساحل پر واقع شہر ینبع میں سعودی تیل کمپنی آرامکو کی تنصیبات، ابہا بین الاقوامی ہوائی اڈے اور دمام میں شاہ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے کو نشانہ بنایا گیا۔ حوثی ترجمان نے مزید بتایا کہ یہ کارروائیاں گزشتہ دو روز کے دوران کی گئیں تاہم ان حملوں میں استعمال ہونے والے ہتھیاروں، نقصانات اور اہداف کو پہنچنے والے نقصان کی تفصیلات فوری طور پر سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 25 علی ظفر

نے ڈیڑھ ماہ پہلے ہی فیصلہ کرلیا تھا کہ گورنر راج لگانا ہے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ طے ہوچکا پی ٹی آئی کے فیصلے اب پارلیمانی پارٹی کرے گی، اس وقت حکومت سے مذاکرات کا چانس نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ابھی ٹرمز آف ریفرنس طے کرنا ہیں، حکومت نے ڈیڑھ مہینے پہلے ہی فیصلہ کرلیا تھا کہ گورنر راج لگانا ہے۔

بقیہ 26 مہنگا کردیا

میں ایک روپے 60 پیسے فی لیٹر کمی کردی گئی جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 377 روپے 71 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیزل کی قیمت میں ایک روپیہ 64 پیسے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی فی لیٹر قیمت 391 روپے 75 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں 23 اکتوبر کیلئے ہوں گی۔

بقیہ 27 رپورٹ

ایران کے پاس ایشیائی پانیوں میں محفوظ کھڑے درجنوں آئل ٹینکرز تھے جن میں لاکھوں بیرل خام تیل موجود تھا۔ ایران یہ تیل مسلسل چین کو فروخت کرکے اربوں ڈالر حاصل کررہا تھا تاہم اب یہ تیرتا ہوا ذخیرہ ختم ہوچکا ہے۔ وال اسٹریٹ جرنل کا کہنا ہے کہ ڈیٹا اینالیٹکس فرم 'کپلر' کے تجزیہ کاروں کے مطابق اکتوبر کے وسط تک یہ ذخیرہ مکمل طور پر خالی ہوگئے

بقیہ 28 عامر رضا

جوائنٹ سیکرٹری تعینات کردیا گیا ہے، جبکہ جوائنٹ سیکرٹری شہاب حامد کو ڈائریکٹر اے پی پی تعینات کردیا گیا ہے۔

بقیہ 29 محمود اچکزئی

صورت حال پر پریس کانفرنس کی۔ جس میں گفتگو کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اپوزیشن رہنماؤں کی تقاریر کا ریکارڈ محفوظ آئینی تقاضہ ہے اور یہ ہونا چاہیے تاکہ پاکستان کے عوام فیصلہ کریں کہ ان کے نمائندے کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی تقاریر قوموں کی تاریخ محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہوتی ہیں، پارلیمنٹ میں جو باتیں ہمارا حق ہیں، ان کے لیے بھی ہمیں لڑنا پڑتا ہے، اسپیکر کا اختیار قوانین کی کتاب کے مطابق ہوتا ہے، قومی اسمبلی میں بعض ارکان کے پروڈکشن آرڈر جاری ہوتے ہیں، بعض کے نہیں ہوتے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ میں نے کل کی تقریر میں کوئی غلط بات نہیں کی، میری ساڑھے چار منٹ کی تقریر کو نوٹ میں پیش کیا گیا ہے، جبکہ اس تقریر میں ایک لفظ بھی ملک کے خلاف نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ فرانس میں لاکھوں لوگ سڑکوں پر نکلے، سینکڑوں گاڑیوں کو آگ لگائی گئی، [illegible] کو نذر آتش کیا گیا مگر مظاہرین پر گولیاں نہیں چلائی گئیں۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر اب کون بھروسہ کرے گا، ہم نے سیاسی مذاکرات کے لیے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ کیا تھا جبکہ ہماری سنجیدگی تھی جس کی وجہ سے مولانا فضل الرحمان وزیراعظم سے ملاقات کے لیے گئے تھے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ حکومت واضح کرے کہ مذاکرات کے لیے وزیراعظم خود دعوت دیں، اب مذاق اڑانے کے انداز میں مذاکرات نہیں ہوں گے۔

بقیہ 30 بل کلنٹن

مطابق حال ہی میں سابق صدر نے جنوبی فلوریڈا کے ایک گرجا گھر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکیوں کو مسلمانوں کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا، اس حوالے سے انہوں نے قرآن مجید کی تعلیمات بھی بیان کیں۔ وسط مدتی انتخابات سے قبل ڈیموکریٹک پارٹی کے گورنر کے امیدوار ڈیوڈ جولی کی انتخابی مہم کے دوران 80 سالہ سابق صدر کلنٹن نے ایک اجتماع سے خطاب کیا۔

بقیہ 31 پی آئی اے

لے روزانہ کی بنیاد پر پروازیں چلائے گی۔ پی آئی اے کے جاری کردہ شیڈول میں بتایا گیا کہ نومبر سے پاکستان اور لندن کے درمیان پروازوں کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر شروع کردیا جائے گا۔

بقیہ 32 مزدور جاں بحق

جعفرآباد (آئی این پی) ڈیرہ اللہ یار کے رہائشی دو مزدور نوجوان محمد رحیم کوہر اور رضا محمد عرف جاوید کوہر کو مستونگ کے قریب کنڈ کوچہ کے علاقے میں باغات میں کام کے دوران نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا اور فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاشوں کو اپنے قبضے میں لیکر ہسپتال منتقل کرنے کے بعد لاشیں آبائی علاقے ڈیرہ اللہ یار روانہ کردی گئی۔

بقیہ 33 ٹرمپ

نے کہا کہ زیادہ تر لوگوں کا خیال ہے کہ یہ معاملہ امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد حل ہوگا، تاہم دیکھنا ہوگا کہ آگے کیا ہوتا ہے۔ دوسری جانب امریکی اخباری رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ امریکا اور اسرائیل نے انتخابات کے بعد ایران پر نئے حملوں کا منصوبہ بنالیا۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق امریکی عہدیدار نے بتایا کہ امریکا اور اسرائیل نے امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملوں کا منصوبہ بنایا ہے۔

بقیہ 34 لاہور ہائیکورٹ

دوران سماعت عظمیٰ خان کے شوہر احد خان نے عدالت سے استدعا کی کہ ڈپٹی کمشنر لاہور کو طلب کریں، اس پر جسٹس [illegible] نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کو فریق ہی نہیں بنایا تو کیسے طلب کریں۔ عدالت نے وکیل درخواست گزار سے سوال کیا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور کو فریق کیوں نہیں بنایا؟ اس پر وکیل نے کہا کہ تینوں بہنوں کے نظر بندی کے احکامات 19 اور 20 اکتوبر کو ختم ہوچکے، ڈپٹی کمشنر کا نظر بندی کا نوٹیفکیشن ختم ہوچکا اس لیے فریق نہیں بنایا۔ بعد ازاں عدالت نے سیکرٹری داخلہ پنجاب اور جیل سپرنٹنڈنٹ کو 28 اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 35 صدر

کے انتہائی گہرے ذاتی صدمات برداشت کیے تاہم اپنے اصولوں اور اقدار پر ثابت قدم رہیں۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق بیگم نصرت بھٹو کی 15ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ میرے لیے بیگم نصرت بھٹو ایک عظیم سیاسی رہنما سے بڑھ کر نہایت شفیق ماں تھیں جنہوں نے تاریخ کے کچھ تاریک ترین ایام میں اپنے خاندان کو متحد رکھا۔

بقیہ 36 احمد واحدی

اور بغیر پائلٹ فضائی طیاروں کے شعبے میں نمایاں پیش رفت حاصل کر لی ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق احمد واحدی نے اپنے بیان میں کہا کہ دشمن کے ساتھ معاملہ کرنے کے لیے طاقت اور قوت کا مظاہرہ ضروری ہے۔ ان کے بقول ایران نے بغیر پائلٹ طیاروں کی تیاری اور ٹیکنالوجی کے میدان میں اچھی سطح کی مہارت حاصل کر لی ہے۔ احمد واحدی نے دعویٰ کیا کہ ایران سمندر میں بھی اپنی مضبوط موجودگی برقرار رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 37 حنا پرویز

ہوئی، اگر عظمیٰ بخاری خود کو کوئی شرمندگی محسوس کر رہی ہیں تو یہ ان کی چوائس ہے۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے حنا پرویز بٹ نے کہا کہ ہم نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ مریم نواز کی حکومت ہے اس میں فوری انصاف ملتا ہے، یہ میری ذاتی رائے تھی، اس پر پروپیگنڈا کرنا غیر ضروری تھا، یا ایک عام شہری کے تاثرات تھے

بقیہ 38 ورلڈ بینک

کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے اور مالی سال 26-2025 میں بنیادی مہنگائی کی اوسط شرح شہری علاقوں میں 7.4 فیصد رہی جب کہ مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہو کر جی ڈی پی کا 2 اعشاریہ 6 فیصد رہ گیا۔ رپورٹ کے مطابق فروری سے جون 2026 کے دوران پیٹرول کی قیمت میں تقریباً 36 فیصد اضافہ ہوا، ہائی اسپیڈ ڈیزل 31 فیصد مہنگا ہوا، ایل پی جی کی قیمت میں تقریباً 46 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

بقیہ 39 امیدوار نامزد

اماراتی خبر ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات نے لانا ذکی نسیبہ کو باضابطہ امیدوار کے طور پر اقوام متحدہ کو خطوط ارسال کردیے ہیں۔ اماراتی خبر ایجنسی نے بتایا کہ لانا نسیبہ 2013 سے 2024 تک اقوام متحدہ میں یو اے ای کی مستقل مندوب رہ چکی ہیں جب کہ وہ دو بار اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدر بھی رہ چکی ہیں۔ واضح رہے کہ سیکرٹری جنرل یو این انتونیو گوتریس کی مدت ملازمت رواں برس 31 دسمبر کو ختم ہو رہی ہے۔

بقیہ 40 اے پی سی

کو لانچ کیا گیا، ایم این ایز اور ایم پی ایز کو اٹھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کی ناکامی سے متعلق غلط بیانیہ بنایا گیا، مذاکرات کو جان بوجھ کر ناکام بنایا گیا۔ سلمان اکرم کا کہنا تھا کہ آئندہ 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلا رہے ہیں جس کے لیے مولانا فضل الرحمان سمیت اہم سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں۔

بقیہ 41 ضیاء لانگو

پرامن ماحول فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی، باہمی تعاون اور مؤثر رابطہ کاری ضروری ہے تاکہ عوام کو درپیش مسائل کا تدارک کیا جاسکے اور جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔ میر ضیاء اللہ لانگو کا کہنا تھا کہ امن وامان کے قیام کیلئے پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کو قانون کے مطابق اپنی ذمہ داریاں نبھانی چاہئیں۔ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت، جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ سے متعلق اقدامات میں کسی قسم کی غفلت کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ صوبائی وزیر داخلہ نے اس امر پر زور دیا کہ امن وامان کا قیام صرف حکومتی ذمہ داری ہی نہیں بلکہ معاشرے کے تمام طبقات کے تعاون سے ہی مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ عوام اور متعلقہ اداروں کے درمیان اعتماد، قانون کی پاسداری اور ذمہ دارانہ طرز عمل ایک محفوظ معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے قانون کے مطابق مؤثر اقدامات کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے دستیاب وسائل اور اداروں کی صلاحیتوں کو مؤثر انداز میں بروئے کار لائے۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کے تحفظ، امن وامان کی بہتری اور قانون کی عمل داری کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی، کیونکہ ایک محفوظ اور پرامن بلوچستان ہی صوبے کی سماجی و معاشی ترقی اور خوشحال مستقبل کی بنیاد بن سکتا ہے۔

بقیہ 42 عبدالرحیم زیارتوال

گرفتاری کی مذمت کرتی اور انکی فوری رہائی کا مطالبہ کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سیاسی لوگوں کے خلاف انتقامی کارروائیاں جاری ہیں جس کے خلاف ہر قومی، سیاسی، جمہوری، وطن دوست اور قوم دوست پارٹیوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس بحرانی صورتحال کے خلاف اپنا جمہوری کردار ادا کریں۔ بیان کے آخر میں کہا گیا ہے کہ اصغر خان اچکزئی کی فوری رہائی اور انکے خلاف قائم جھوٹا مقدمہ فوری طور پر ختم کیا جائے۔

بقیہ 43 مغوی سرکاری ملازم

عبدالرشید دیناری کو نامعلوم مسلح افراد نے اغواء کرلیا تھا آج انکی لاش کولو کھاری کے علاقے سے پولیس کو ملی جس کو گولیاں مار کر قتل کردیا گیا پولیس نے لاش اپنی تحویل میں لیکر ڈسٹرکٹ سول ہسپتال گنداواہ منتقل کردی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی جبکہ واقعہ کا مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی جبکہ واقعہ سے اہل علاقہ میں سخت غم و غصہ پایا جارہا ہے۔

بقیہ 44 سراج الحق

خیال کیا گیا۔ ملاقات میں نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان و پارلیمانی سیکرٹری محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان ایم پی اے انجینئر عبدالمجید بادینی، ڈاکٹر عطاء اللہ، محمد فاروق و دیگر معززین ساتھی موجود تھے۔

بقیہ 45 مشترکہ کوششیں

اظہار یکجہتی کیا۔ یورپی یونین کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا گیا۔ پاکستان اور یورپی یونین نے افغانستان کی صورتحال کے سیکورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا اور دہشتگردی کے خلاف عالمی تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اگلا دور آئندہ سال برسلز میں ہوگا۔

بقیہ 46 مولانا عبدالواسع

دین اسلام، جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے حقوق کیلئے پرامن جدوجہد کی راہ میں قربانیوں کی لازوال داستانیں رقم کی ہیں، شہداء کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور ان کے مشن کو ہر صورت جاری رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی، جمہوری اور عوامی جماعت ہے جس کی تاریخ استقامت، قربانیوں اور اصولی سیاست سے عبارت ہے، اس کے کارکنوں نے ہر مشکل دور میں ثابت قدم رہتے ہوئے جماعت کے نظریے اور قیادت کا بھرپور ساتھ دیا ہے انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان کی سیاسی بصیرت، دینی خدمات اور اصولی موقف کو منفی پروپیگنڈے اور بے بنیاد الزامات کے ذریعے متنازع بنانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی اور حقائق کو جھوٹ کے پردوں میں چھپانے والے بالآخر عوام کے سامنے بے نقاب ہو جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد جمعیت کے خلاف منفی مہم چلانے والے عناصر اپنی سیاسی ساکھ بچانے اور ذاتی مفادات کے حصول کے لیے اوچھے ہتھکنڈوں کا سہارا لے رہے ہیں، جن کی اس مہم کو بنیاد بنا کر لوگوں کی نوکریاں [illegible] کروانے کا سلسلہ بھی زیادہ دیر تک جاری نہیں رہ سکے گا اور بہت جلد دم توڑ جائے گا، کیونکہ عوام باشعور ہیں اور وہ پروپیگنڈے، کردارکشی اور اصولی سیاسی موقف کے درمیان فرق بخوبی سمجھتے ہیں۔

بقیہ 47 ایک شخص قتل

دست واقعہ کے محرکات معلوم نہ ہو سکے اس سلسلے میں مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 48 محمد عبدالقادر

بڑھانے کی کوششیں قابل تحسین ہیں اب ضرورت ہے کہ اس پیش رفت کو واضح اہداف اور مقررہ مدت کے ساتھ عملی منصوبوں میں تبدیل کیا جائے پاکستان میں مشترکہ پیداواری منصوبوں، تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی کو ترجیح دی جائے تاکہ ملکی دفاعی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت مزید مضبوط ہو اور درآمدات پر انحصار کم کیا جاسکے سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ دفاعی صنعت میں تعاون کے معاشی فوائد بھی اہم ہیں۔ مشترکہ سرمایہ کاری اور نئی منڈیوں تک رسائی سے دفاعی برآمدات، زرمبادلہ اور ہنرمند افراد کے لیے روزگار کے مواقع بڑھائے جا سکتے ہیں۔ اس عمل میں سرکاری اداروں کے ساتھ ساتھ نجی صنعتوں، جامعات اور تحقیقی مراکز کو بھی شامل کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ نوجوان پاکستانی انجینئرز اور تکنیکی ماہرین کیلئے مشترکہ تربیت، تحقیق اور مہارتوں کے تبادلے کے پروگرام شروع کئے جائیں۔ بلوچستان سمیت تمام صوبوں کے باصلاحیت نوجوانوں کو ان مواقع میں حصہ دیا جائے تاکہ دفاعی صنعت کی ترقی کے فوائد وسیع پیمانے پر پہنچیں انہوں نے مزید کہا کہ مضبوط دفاعی صلاحیت، معاشی استحکام اور مؤثر سفارت کاری ایک دوسرے کو تقویت دیتے ہیں۔ چاروں ممالک کے درمیان یہ تعاون امن، استحکام اور مشترکہ مفادات کے تحفظ کیلئے ایک مثبت پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 49 محمد عمر گورگیج

جمہوریت، آئین کی بالادستی اور انسانی حقوق کی بحالی کی ایک لازوال اور تاریخی علامت تھیں سینئر سردار محمد عمر گورگیج نے کہا کہ جب ملک پر آمریت کی سیاہ رات مسلط کی گئی اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کو تختہ دار پر چڑھایا گیا، تو بیگم نصرت بھٹو نے سخت ترین مظالم کا جرات و بسالت کے ساتھ مقابلہ کیا۔ انہوں نے جمہوریت کی بحالی کے لیے ایم آر ڈی کی تحریک کی قیادت کی اور آمریت کی جابرانہ پالیسیوں کے سامنے کوہ گراں بن کر کھڑی رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت اور ملک کی خاطر شوہر، بیٹی اور بیٹوں کی قربانی برداشت کیں مگر کبھی بھی اپنے اصولوں اور نظریات پر سودے بازی نہیں کی۔

بقیہ 50 نصراللہ خان زیرے

کا انتخاب عمل میں لایا گیا، جس کے مطابق [illegible]

بقیہ 51 رحیم آغا

[illegible]

بقیہ 52 طالبہ کو اغواء

[illegible]

بقیہ 53 ذیشان لاشاری

[illegible]

بقیہ 54 ربابہ خان بلیدی

[illegible]

بقیہ 55 محسن رضائی

[illegible]

بقیہ 56 زیر کفالت

[illegible]

بقیہ 57 یونس عزیز زہری

[illegible]

بقیہ 58 نمایاں اضافہ

تک برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودے 3.06 ڈالر یعنی 2.81 فیصد اضافے کے بعد 111.88 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئے۔ [illegible]

بقیہ 59 پیشگوئی

[illegible]

بقیہ 60 مولانا عبدالقادر لونی

[illegible]

بقیہ 61 قاری مہراللہ

[illegible]

بقیہ 62 انسداد بدعنوانی

[illegible]

بقیہ 63 بلال کاکڑ

[illegible]

بقیہ 64 خواجہ آصف

[illegible]

بقیہ 65 عاصم طارق کا قتل

[illegible]

بقیہ 66 اے این پی

تشویش کا اظہار کیا گیا [illegible]

بقیہ 67 الیکٹرک گاڑیاں

[illegible]

بقیہ 68 مصطفیٰ کمال

[illegible]

بقیہ 69 3 مسافر اغواء

[illegible]

بقیہ 70 کالعدم قرار

[illegible]

بقیہ 71 عبدالرحمان رفیق

[illegible]

بقیہ 72 ہدایت الرحمن

[illegible]

قیام امن کیلئے تمام اداروں کو قانون کے مطابق کردار ادا کرنا چاہئے' ضیاء لانگو

شہریوں کی جان و مال کی حفاظت، جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ سے متعلق اقدامات میں غفلت کی کوئی گنجائش نہیں

امن وامان کا قیام صرف حکومتی ذمہ داری نہیں، معاشرے کے ہر فرد کے تعاون سے ہی اسے مؤثر بنایا جا سکتا ہے، وزیر داخلہ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح اور امن و امان کی بحالی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے' صوبے میں پائیدار امن کا قیام، شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی اور قانون کی عملداری یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہے، جس کے لئے متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی' یہ بات انہوں نے یہاں خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی ان کا کہنا تھا کہ عوام کا تحفظ کسی بھی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور شہریوں کو........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع، تمام مقدمات کا ریکارڈ طلب

راولپنڈی (م ق) سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کر دی۔ جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بینچ سن سکتا ہے یا نہیں۔ بعدازاں سپریم کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 4 نومبر تک ملتوی کر دی۔

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری پولیو اور ای پی آئی پروگرام کے حوالے سے آن لائن جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، عبدالرحیم زیارتوال

سیاسی رہنماؤں و کارکنوں کے کیخلاف انتقامی کارروائیاں جاری ہیں

جھوٹا مقدمہ فوری ختم اور انہیں رہا کیا جائے' مرکزی جنرل سیکرٹری پشتونخوامیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے پریس ریلیز میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کو جعلی دروغ گوئی پر مشتمل مقدمے میں گرفتاری قابل مذمت ہے۔ اصغر خان کی گرفتاری دراصل تعصب کی بنیاد پر کی گئی ہے اسکے خلاف مقدمہ دروغ گوئی اور جھوٹ پر مبنی ہے۔ پارٹی اصغر خان کی........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی' مغوی ملازم قتل' لاش کوٹڑہ روڈ سے برآمد

گورنمنٹ ہائی سکول کے نائب قاصد عبدالرشید بزنجو کو مسلح افراد نے اغواء کیا تھا

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

سابق امیر جماعت اسلامی 2 روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے

مولانا سراج الحق کی سردار یار محمد رند سے ملاقات' اہم امور پر تبادلہ خیال

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے، سردار ایاز صادق

دہشتگردی کیخلاف پاکستان اور یورپی یونین کا مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عزم

انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اسلام آباد میں دسواں دور، پاکستان اور یورپی یونین نے دہشتگردی کی تمام اقسام کی مذمت کی

یورپی یونین کی پاکستان میں دہشتگرد حملوں کی مذمت، متاثرین سے اظہار یکجہتی، پاکستانی وفد کی قیادت ڈاکٹر فریحہ بگٹی نے کی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اسلام آباد میں دسواں دور ہوا، جس میں دہشتگردی کے خلاف مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستانی وفد کی قیادت ڈی جی انسداد دہشتگردی ڈاکٹر فریحہ بگٹی نے کی، یورپی یونین کے انسداد دہشتگردی کیلئے خصوصی ایلچی انا اسٹرز اسکا نے یورپی وفد کی قیادت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور یورپی یونین نے دہشتگردی کی تمام اقسام کی مذمت کی، یورپی یونین نے پاکستان میں حالیہ دہشتگرد حملوں کی مذمت کرتے ہوئے متاثرہ شہریوں سے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

امیر مقام کی کرک میں پولیس پر دہشتگردانہ حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان اور پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے صدر انجینئر امیر مقام نے کرک میں پولیس پر دہشتگردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ یہاں جاری بیان کے مطابق انجینئر امیر مقام نے ڈی ایس پی ڈی عمران الدین سمیت چار اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

اراکین اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور انجینئر زمرک خان اچکزئی بات چیت کر رہے ہیں

شہدا کی قربانیاں مشعل راہ، مشن ہر صورت جاری رکھیں گے' مولانا عبدالواسع

آسمان کی طرف تھوکنے والوں کے چہرے خود آلودہ ہوں گے، قائد جمعیت کیخلاف منفی پروپیگنڈے جلد دم توڑ دیں گے' صوبائی امیر

جمعیت کے کارکنوں نے دین اسلام، جمہوریت، آئین کی بالادستی کیلئے پرامن جدوجہد کی راہ میں داستانیں رقم کی ہیں' سینیٹر

مولانا فضل الرحمان کے اصولی موقف کو بے بنیاد الزامات کے ذریعے متنازع بنانے کی کوششیں ناکام ہوں گی' ڈاکٹر سرفراز خان شہید کانفرنس سے خطاب

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جے یو آئی کے زیر اہتمام منعقدہ ڈاکٹر سرفراز خان شہید کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آسمان کی طرف تھوکنے والوں کے چہرے خود آلودہ ہوں گے، قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرنے والوں کی مہم جلد دم توڑ جائے گی انہوں نے کہا جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں نے........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائیکورٹ، ڈپٹی اسپیکر کی رہائش گاہ خالی کرنے کا نوٹس معطل

پشاور (م ق) پشاور ہائیکورٹ نے غیر فعال ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہ سے متعلق کیس میں نوٹس معطل کرتے ہوئے انہیں رہائش گاہ میں رہنے کی اجازت دے دی اور گرفتاری سے روک دیا۔ عدالت کے تحریری حکم نامے کے مطابق صدارتی حکم نامے اور سرکاری رہائش گاہ خالی کرنے کے حکم میں اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کا ذکر نہیں ہے۔ کیس کی سماعت میں ڈپٹی اسپیکر کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ خیبر پختونخوا اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر ایکٹ 2026 کے تحت ڈپٹی اسپیکر سرکاری رہائش گاہ استعمال کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

پنجگور' نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

پنجگور ہسپتال گائنی وارڈ کے سامنے مسلح افراد نے موسیٰ سکنہ گرمکان کو قتل کیا' پولیس

پنجگور (این این آئی) پنجگور ٹیچنگ ہسپتال کے گائنی وارڈ کے سامنے ایک شخص قتل' پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح گاڑی سواروں نے ٹیچنگ ہسپتال کے گائنی وارڈ کے سامنے فائرنگ کر کے موسیٰ ولد استاد محمد جان سکنہ گرمکان نامی شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے ہسپتال میں فائرنگ کے واقعہ سے بھگدڑ مچ گئی اور لوگ خوفزدہ ہو گئے پولیس کے مطابق سر.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کی دفاعی وسفارتی تعاون کی کوششیں قابل تحسین ہیں' محمد عبدالقادر

پاکستان، ترکیہ، قطر و انڈونیشیاء کے درمیان دفاعی معاہدے خوش آئند ہیں' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر محمد عبدالقادر نے پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیاء کے درمیان دفاعی تعاون کے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوست ممالک کے درمیان یہ تعاون پاکستان کی دفاعی صنعت کی ترقی، تکنیکی صلاحیتوں میں اضافے اور مشترکہ پیداوار کے نئے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی دفاعی و سفارتی تعاون.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بیگم نصرت بھٹو انسانی حقوق کی بحالی کی علامت تھیں' سردار عمر گورگیج

مادر جمہوریت کی قربانیاں آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہیں' صدر پی پی بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر اور سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی برسی کے موقع پر ایک خصوصی بیان میں انہیں زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو پاکستان میں........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جمعیت وکلاء فورم بلوچستان کے رہنما خلیل احمد ایڈووکیٹ ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

منظم پارٹی ہی عوامی امنگوں کی تکمیل کر سکتی ہے' پشتونخوانیپ

پشتونخوانیپ عوام کے درمیان جا کر انہیں صفوں میں منظم کر رہی ہے' نصر اللہ زیرے، اعظم خان مسے زئی، عبدالرزاق بڑیچ، فقیر خوشحال خان

استحصالی پالیسیوں کے نتیجے میں پشتون، بلوچ، سندھی اور سرائیکی اقوام کو معاشی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے' سرکی کلاں علاقائی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط سرکی کلاں خالق آباد علاقائی کانفرنس کا بند اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت حافظ امجد نے حاصل کی، جبکہ اسٹیج کے فرائض پارٹی کے ضلعی سینئر معاون سیکرٹری مدا نگر نے انجام دیے۔ کانفرنس میں علاقائی سیکرٹری نے گزشتہ تین سال کی تنظیمی و سیاسی کارکردگی پر مشتمل تفصیلی رپورٹ پیش کی، جس کا سینکڑوں مندوبین نے جائزہ لینے کے بعد منظوری دی کانفرنس میں نئے علاقائی ایگزیکٹو.......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزراء ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں باعزت روزگار حاصل کرنا مشکل ہو چکا' انجمن تاجران

قلات میں تیل لانے والے غریب افراد سے بھتہ لینے کی شکایات تشویش ناک ہیں' عبدالرحیم کاکڑ

غریب عوام پہلے ہی مہنگائی، بیروزگاری کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں' ولی افغان ودیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان، حاجی نصرالدین کاکڑ، میر محمد رحیم ہنگوئی، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، حاجی فاروق شاہوانی، حاجی سید حیدر، حاجی حبیب اللہ، حاجی اسلم ترین، خان کاکڑ، حاجی ظہور کاکڑ، سید شفیع آغا، طاہر خان جدون، ملک محمد حسین شاہوانی، سید تقی آغا و دیگر نے کہا ہے کہ قلات میں........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی' طالبہ اغواء' ورثاء سٹی تھانے پہنچ گئے

ورثاء کا لڑکی کی بازیابی و اغواء کاروں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی مسلح افراد نے طالبہ کو اغواء کر لیا ورثاء سٹی تھانے پہنچ گئے لڑکی کی بازیابی اور اغواء کاروں کی گرفتاری کیلئے تھانے کے سامنے احتجاج۔ پولیس نے شہر بھر کی ناکہ بندی کر دی پولیس کے مطابق سٹی پولیس تھانے ڈیرہ مراد جمالی کی حدود ایریگیشن کالونی سے چار نامعلوم مسلح افراد جو ویگو گاڑی میں سوار تھے نوشین سے گھر جاتے........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

جہاں ریفیوزلز کی تعداد زیادہ وہاں نئی پولیو ٹیمیں تعینات کی جائیں' کمشنر کوئٹہ

مسڈ چلڈرن، ریفیوزلز اور نو ڈوز بچوں پر خصوصی توجہ دی جائے' آئندہ پولیو مہم سے قبل ٹیموں کی تربیت کا عمل جلد مکمل کیا جائے' ذیشان لاشاری

جن یونین کونسلز میں سیکیورٹی کے مسائل کے باعث مانیٹرنگ نہیں ہو رہی، وہاں مؤثر اقدامات انتہائی ضروری ہیں

بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین کو ہنرمند بنانا بنیادی ضرورت ہے' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

ترقی کے ثمرات صوبے کے ہر علاقے تک پہنچنے چاہئیں' صوبائی مشیر

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ایران سفارت کاری کو ترجیح دیتا ہے، محسن رضائی

بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

زیر کفالت 106 بچوں کو ورثاء کے حوالے کر دیا گیا

وسیم عباس کی کار سے کچلے جانے کے بعد 16 بچے چائلڈ پروٹیکشن بیورو منتقل

ملتان (م ق) ملتان میں 15 سال کے وسیم عباس کے کار سے کچلے جانے کے بعد غیر رجسٹرڈ یتیم خانہ کے خلاف کارروائی مکمل کر لی گئی۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے مطابق یتیم خانہ میں زیر کفالت بچوں کو ورثاء کے حوالے کرنے کا عمل مکمل کر لیا گیا یتیم خانہ میں زیر کفالت 106 بچوں کو ان کے ورثاء کے حوالے کیا گیا جبکہ بچ جانے والے 16 بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن بیورو منتقل کر دیا گیا ہے۔ بچوں کی منتقلی کے بعد یتیم خانہ کی دونوں عمارتیں خالی کروالی گئی ہیں۔ چائلڈ.......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے' میر یونس عزیز زہری

دستیاب وسائل میں رہ کر عوامی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں گے' اپوزیشن لیڈر

اپوزیشن لیڈر نے خضدار میں وفود سے ملاقات میں مسائل سے آگاہی حاصل کی

خضدار (آن لائن) قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی وایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری سے گزشتہ روز خضدار میں ان کی رہائش گاہ پر خضدار کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سیاسی و سماجی وقبائلی شخصیات، سماجی احباب، کاروباری حضرات، مختلف علاقوں سے آئے عوام، اساتذہ کرام، اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور عوام کی بڑی.......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالخالق ہزارہ، علامہ ہاشم موسوی، سردار حیدر ہزارہ و دیگر سابق وزیر نثار علی ہزارہ کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

مشرق وسطیٰ تنازع کے باعث تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ

برینٹ خام تیل کی قیمتیں مئی کے بعد بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں، رپورٹ

دبئی (م ق) سعودی عرب پر جمعرات کے روز حوثیوں کے مزید حملوں کے باعث مشرق وسطیٰ میں تنازع شدت اختیار کرنے اور دنیا کے اہم تیل برآمدی خطے سے خام تیل کی رسد مزید متاثر ہونے کے خدشات بڑھ گئے، جس کے نتیجے میں برینٹ خام تیل کی قیمتیں مئی کے بعد بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ گرینچ معیاری وقت کے مطابق صبح 11 بج کر 4 منٹ.......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی افریقا اور پاکستان کی معیشت 1.3 فیصد سکڑنے کی پیش گوئی

توانائی کی پیداوار اور تجارتی راستوں میں رکاوٹیں صورتحال پیچیدہ کر رہی ہیں

نیویارک (م ق) آئی ایم ایف نے پیش گوئی کی ہے کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی قیادت میں جاری جنگ کے باعث رواں سال مشرق وسطیٰ، شمالی افریقا اور پاکستان کی مجموعی معاشی پیداوار میں 1.3 فیصد کمی متوقع ہے، تاہم 2027 میں شرح نمو 6.6 فیصد تک بحال ہونے کا امکان ہے۔ فنڈ نے خبردار کیا ہے کہ توانائی کی پیداوار اور تجارتی راستوں میں مزید رکاوٹیں معاشی صورتحال کو مزید خراب کر سکتی ہیں۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے مطابق جنگ کے باعث توانائی کی پیداوار، بحری نقل و حمل، سیاحت اور تجارت متاثر.......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی رہنماؤں کو ہراساں کرنا جمہوری روایت نہیں' جمعیت نظریاتی

منفی ہتھکنڈوں کے ذریعے سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو دباؤ میں ڈالا جا رہا ہے' مولانا عبدالقادر لونی' مولانا محمود الحسن قاسمی

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت' حکومت سیاسی رہنماؤں کو گرفتار کر کے ماضی کے تلخ تجربات نہ دہرائے' عبدالوہاب ڈھیر' قاری مہراللہ

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر مولانا قاری مہراللہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری انصاف کے تقاضوں کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی رہنماؤں کو اس طرح نشانہ بنانا اور مقدمات کی آڑ میں ہراساں کرنا جمہوری روایات کیخلاف ہے مختلف ہتھکنڈوں کے ذریعے سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو دباؤ میں ڈالا جا رہا ہے انتقامی کارروائیاں جمہوریت کو کمزور کر رہی ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت سیاسی رہنماؤں کو گرفتار کر کے ماضی.......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت غیر متوازن پالیسیوں کا شکار ہے' قاری مہراللہ

بدامنی، بیروزگاری جیسے مسائل نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی' مفتی شفیع الدین

حکومت صرف کاغذی اقدامات تک محدود ہے' مولانا محمد احمد حقانی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہراللہ صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین سینئر نائب امیر مولانا محمد احمد حقانی، مولانا مفتی رحمت اللہ حقانی نائب امیر مولانا شاہ محمد صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ حلیم شاہ میر مبارک محمد حسنی سرپرست حاجی فیض اللہ خان مولانا مفتی عبدالاحد کبدانی مولانا جمعہ خان مولانا حافظ عبدالواحد.......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان خان، عبدالستار، شاہ علی بگٹی ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

معاشرے میں دیانتداری و قانون کی پاسداری ناگزیر ہے' نیب بلوچستان

تعلیمی اداروں میں مثبت اقدار کی ترویج کے ذریعے بدعنوانی سے پاک معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے' ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد

محکمہ اسکول ایجوکیشن اور نیب کے اشتراک سے عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے حوالے سے طلبہ میں شعور و آگاہی اجاگر کرنے کیلئے پروقار تقریب

تقریب میں سیکرٹری ایجوکیشن لال جان جعفر، ڈائریکٹر اسکولز اختر کھیتران کی بھی شرکت' مقابلوں میں پوزیشن ہولڈر طالبات میں انعامات تقسیم

کوئٹہ (خ ن) محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان اور قومی احتساب بیورو (نیب) بلوچستان کے اشتراک سے عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے حوالے سے طلبہ میں شعور و آگاہی اجاگر کرنے کیلئے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مضمون نویسی، خطاطی، پوسٹر سازی اور تقریری مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے ہر سال 9 دسمبر کو منائے.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب' جیوہ سے نامعلوم شخص کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد

سوراب (نامہ نگار) سوراب تحصیل گدر کے علاقے جیوہ، کلی لونائی ڈیم ایریا سے رات تقریباً ساڑھے 10 بجے 30 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد، جسے فائرنگ کر کے قتل کئے جانے کی اطلاعات ہیں پولیس نے لاش تحویل میں لے کر ڈی ایچ کیو ہسپتال سوراب منتقل کر دی واقعہ کی تحقیقات اور مقتول کی شناخت کیلئے قانونی کارروائی جاری ہے۔

قلعہ سیف اللہ، جمعیت کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

آر پی ایلو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطوں کو موثر بنانے کی کوشش کی جائے گی' چیف ایگزیکٹو طیب اعجاز

نوجوانوں کیلئے روزگار وزیراعلیٰ کے وژن کا اہم حصہ ہے' وائس چیئرمین بلال کاکڑ

لاہور (خ ن) بلوچستان میں صنعتی سرمایہ کاری، زرعی پیداوار میں ویلیو ایڈیشن، فوڈ پراسیسنگ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے ایک اہم پیش رفت کے طور پر روشن ہیچریز لمیٹڈ (RPL) اور بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے ہیں مفاہمتی یادداشت پر روشن ہیچریز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو طیب.......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بھاگ' موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 4 افراد زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بھاگ کے علاقے میں موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 4 افراد زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بھاگ کے علاقے میں تیز رفتار موٹر سائیکلیں آپس میں ٹکرانے سے چنا خان، پیر بخش، حاجی خان، اسرار زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

یوٹیوبرز پی ٹی آئی کے سب سے بڑے دشمن ہیں، خواجہ آصف

اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ پی ٹی آئی کو بھگتنا پڑتا ہے' وزیر دفاع

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کا پہلا خلاباز چین سے خلائی سفر کیلئے تیار' 25 نومبر کو روانگی

گروپ کیپٹن عاصم طارق کا قتل، ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد

بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اصغر خان اچکزئی پشتون بلوچ سمیت محکوم اقوام کی توانا آواز ہیں' اے این پی

اصغر خان اچکزئی کی ضمانت منسوخ ہونے سے سوالات جنم لے رہے ہیں اے این پی شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے' جمال الدین رشتیا

کیس سے متعلق الزامات بدنیتی پر مبنی ہیں' کسی بھی سیاسی آواز کو ایسے اقدامات کے ذریعے خاموش کرانا ممکن نہیں

پارٹی معاملے پر دیگر سیاسی جماعتوں سے رابطے کرے گی' مشاورت کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی کابینہ مرکزی عہدیداران پارلیمانی پارٹی نیشنل لائرز فورم اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کا مشترکہ ہنگامی اجلاس زیر صدارت پارٹی کے قائم مقام صوبائی صدر جمال الدین رشتیا منعقد ہوا اجلاس میں پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی بے بنیاد من گھڑت مقدمے میں گرفتاری اور اس کے محرکات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں اس امر پر شدید.......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے سرکاری ونجی اداروں کو سائبر حملوں کا نیا خطرہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے سرکاری اور نجی اداروں کو تھرڈ پارٹی وینڈرز اور سپلائرز کے ذریعے ممکنہ سائبر حملوں کے نئے خطرے کا سامنا ہے۔ نیشنل سرٹ نے اداروں کو خبردار کرتے ہوئے سائبر سیکیورٹی کے موثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

الیکٹرک گاڑیوں کی نئی قیمتوں کا اعلان، نرخ 29 لاکھ روپے تک مقرر

بیٹری والی ای 30 ایکو کی قیمت 18 لاکھ 99 ہزار 999 روپے ہو گئی

کراچی (م ق) نورا ای وی نے اپنی الیکٹرک گاڑیوں ای 30، نیو اور میٹرو کی نئی قیمتوں کا اعلان کیا ہے، جس کی قیمتیں 19 لاکھ سے 29 لاکھ روپے کے درمیان تک ہیں۔ 20 اکتوبر 2026 کو جاری کردہ قیمتوں کے سرکلر کے مطابق، چیف کمرشل آفیسر محمد عاصم رشید نے تمام ڈیلرز کو نئی قیمتوں سے آگاہ کیا۔ یہ قیمتیں جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) کے علاوہ ہیں۔ کمپنی کے مطابق 4,000 واٹ موٹر اور 9.1 کلوواٹ آور ایل ایف پی بیٹری والی ای 30 ایکو کی قیمت 18 لاکھ 99 ہزار 999 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ اس کی دعوی کردہ ڈرائیونگ.......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ملک چلانے والوں کو یہ احساس ہو چکا موجودہ نظام موثر نہیں رہا' مصطفیٰ کمال

پاکستان میں صحت کا نظام تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے، سالانہ 11 ہزار مائیں دوران زچگی جان کی بازی ہار جاتی ہیں

نئے ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنائے بغیر ترقی ممکن نہیں، موجودہ حالات سے صرف چند درجن خاندانوں کو فائدہ ہوا، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک چلانے والوں کو احساس ہو چکا ہے کہ موجودہ نظام موثر نہیں رہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ دنیا لائف اسٹائل میڈیسن کی طرف جا چکی تاہم ہمیں بیماری سے پہلے بچاؤ کی جانب جانا ہوگا، صحت کی اصلاح حکومت اکیلے نہیں کر سکتی، نجی شعبہ اور جامعات ساتھ دیں، علاج معالجہ نہیں، احتیاط پر سرمایہ کاری کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں مسلسل اضافے سے صحت کا نظام دباؤ کا شکار ہے، اسپتالوں کی تعداد بڑھانا اکیلا حل نہیں، مریضوں کی.......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوانیپ کے صوبائی صدر نصر اللہ زیرے، اعظم خان، فقیر خوشحال کاسی ودیگر خالق آباد علاقائی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام، 3 مسافر آف لوڈ

ویزوں اور ٹکٹوں کے لیے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کیے تھے

ملتان (م ق) ایف آئی اے امیگریشن ملتان نے آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 26 کے ذریعے ملتان سے آذربائیجان جا رہے تھے۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران مشکوک سفری پروفائل سامنے آنے پر مسافروں کو.......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

حب' تیز رفتار کوچ کی ٹکر سے 1 شخص جاں بحق

حب (این این آئی) حب میں تیز رفتار کوچ کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق جمعرات کو حب میں بیلہ آر سی ڈی جام یوسف آباد کے قریب تیز رفتار مسافر کوچ کی ٹکر سے ایک شخص ڈاکٹر احمد دین جاموٹ جاں بحق ہو گیا پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور مزید کارروائی جاری ہے۔

فیڈرل سروس ٹریبونل کا 17 اکتوبر 2022 کا فیصلہ کالعدم قرار

کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کا حکم جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کا حکم جاری کرتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کا 17 اکتوبر 2022 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا، جسٹس عائشہ اے ملک نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کو.......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

میبنہ جعلی ڈگری کیس میں ٹیچر انصر عباس کو نوٹس جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے مبینہ جعلی ڈگری کیس میں ٹیچر انصر عباس کو نوٹس جاری کر دیا، قائم مقام چیف جسٹس حسن رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ سابق اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل ایوب بزدار کو بھی نوٹس جاری، عدالت نے نوٹس محکمہ ایجوکیشن پنجاب کی اپیل پر جاری کرتے ہوئے جواب مانگ لیا ہے۔ قائم مقام چیف جسٹس نے کہا کہ جعلی اسناد پر محکمہ تعلیم نے انصر عباس کے خلاف کیا ایکشن لیا، انصر عباس چار سال تک ٹیچر کی نوکری کرتا رہا، محکمہ تعلیم پنجاب نے جعلی سند پر کیا انکوائری کی۔۔۔

مولانا فضل الرحمان کیخلاف پروپیگنڈے قابل مذمت ہیں' مولانا عبدالرحمان رفیق

قیادت کیخلاف منفی مہمات کا سہارا لینا کسی صورت قابل قبول نہیں' حاجی عین اللہ شمس

قائد کی حفاظت کیلئے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے رہیں گے' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر.......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام مزید محرومیاں متحمل نہیں ہو سکتے' ہدایت الرحمن

زمینوں پر قبضے، قتل و غارت گری، بھتہ خوری، قبائلی جھگڑے اور لوگوں کو اغوا کرنا، کیا یہی قبائلی نظام اور قوم کی خدمت ہے

اگر عدالتیں انصاف فراہم نہیں کر رہیں تو ظالم سرداری نظام بھی قبول نہیں، کوئی قانون سے بالاتر نہیں، ایم پی اے کی گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر وایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ اگر عدالتیں عوام کو انصاف فراہم نہیں کر رہیں تو ظالم سرداری نظام کو بھی قوم قبول نہیں کریگی۔ کیا سرداروں اور نوابوں نے بلوچستان کے عوام کو اعلیٰ تعلیمی ادارے، معیاری ہسپتال اور روزگار کے مواقع فراہم کیے ہیں؟ بلوچستان کے موجودہ حالات کی خرابی میں ظالم حکمرانوں کے ساتھ ظلم کرنے والے سردار بھی برابر کے شریک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو اور مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے.......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر